عملیات کی مقبول عام کتاب
طبِ رُوحانی
حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی
ناشر : جسیم بکڈپو، اردو بازار، دہلی ۶

مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

عملیات کی مقبول عام کتاب

طبِّ رُوحانی

FREE AMLIYAAT BOOK'S
محمد شبیر قادری
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مؤلفہ
حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی رح

ناشر

جسیم بکڈپو، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶

جملہ حقوقِ کتابت۔ بحقِ پبلشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	طبِّ روحانی
مؤلفہ	:	حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحبؒ
صفحات	:	۱۹۲
طبع اوّل	:	
تعداد	:	۲۱۰۰
کتابت	:	
قیمت	:	
مطبوعہ	:	

جسیم بکڈپو

اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

فری عملیات بکس
محمد شبیر قادری
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

سُبۡحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الۡعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ۝ وَسَلَامٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۝ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی اَفۡضَلِ الۡاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَشَفِیۡعِ الۡمُذۡنِبِیۡنَ ؕ رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ؕ

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

امّابعد! ذلیل وخوار، ذرّۂ بے مقدار، امیدوارِ رحمتِ پروردگار محمد ابراہیم حنفی مجدّدی چشتی دہلوی خلف مولانا مولوی محمد حسین صاحب حنفی نقشبندی شاذلی دہلوی قدس اللہ سرہ العزیز، تمام اہلِ اسلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ ہر ایک انسان کو دین اسلام کی اشاعت میں سعی وکوشش کرنا فرض عین ہے۔ مسلمانوں کو مفید باتیں تعلیم کرنا لازم اور واجب ہے جس کسی شخص کو جو کچھ اسلام کے بیش قیمت خزانے معلوم ہیں۔ اُن کا ظاہر کرنا مناسب ہے، کیونکہ بَلِّغُوۡا عَنِّیۡ وَلَوۡ اٰیَۃً (یعنی میری باتیں مسلمانوں کو بتاؤ) آقا علیہ السّلام کا ارشاد ہے۔ حسب ارشاد عالی یہ جی چاہا کہ ایک مختصر سی اسمائے الٰہی (یعنی اللہ تعالیٰ کے ناموں) کی شرح لکھوں کہ جس کی وجہ سے مسلمانوں کی روحانی طاقت میں اضافہ ہو اور رحمتِ الٰہی کی گھٹا اُن پر برکتوں کا مینہ برسائے دونوں جہان میں ان کی حاجتیں پوری ہوں۔

مسلمانو ! ارحم الراحمین رب العالمین کا ارشاد ہے : وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ط یعنی حق تعالیٰ کے بہت سے نامِ پاک ہیں، اُن ناموں کو لے کر اپنے مولیٰ کو پکارو- پھر دوسری آیت میں ارشاد ہے : اُدْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط یعنی لوگو پکارو مجھے میں سنوں گا- مجھ سے مانگو میں دوں گا- تیسری آیت میں ارشاد ہے : وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ط اور خداوند تعالیٰ سے زیادہ کون سچا ہو سکتا ہے- سچوں کا سچا ارشاد فرمائے، پھر وہ کیسا مسلمان ہے جو اس نعمت سے محروم رہ جائے-

مسلمانو ! اللہ کے ننانوے ۹۹ نام ہیں اَللّٰهُ ایک اسم ذات ہے باقی سارے نام اسم صفات ہیں- ہر ایک اسم معظم کی الگ الگ سلطنت اور بادشاہت ہے- ایک ایک کی جدا جدا تاثیر ہے- یہ تو کسی کی کیا مجال ہے جو ایک نام کی بھی تاثیر کا بیان کر سکے- کون ہے جو اس سمندر کو پی سکے مگر ایک ایک قطرہ بھی ہر ایک دریا سے لینا دوجہان کے لیے کافی ہے- اسی بنا پر ہر ایک نام کی خاصیت اور اثر کا ذکر کیا جاتا ہے-

اَللّٰهُ - یہ اسم ذات ہے اور یہی اسم اعظم ہے اور ایک ایک حرف اس کا کامل ہے اور ایک ایک حرف اس کا ذاتِ الٰہی پر دلالت کرتا ہے مثلاً اگر حروف اللہ میں سے ہمزہ یعنی الف مفتوح موقوف کیا جائے تو باقی لِلّٰهِ رہے گا- یہ بھی اُسی طرح ذاتِ حق پر دلالت کرے گا- لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط قرآن میں موجود ہے اگر پہلا لام موقوف کیا گیا تو لَہٗ رہ گیا- یہ بھی اسی طرح ذاتِ پاک پر دلالت کرے گا- لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط قرآن میں ہے- پھر اگر دوسرا لام بھی الگ کر دیا جائے تو صرف ھٗ رہ جاوے گا- وہ بھی بدستور ذاتِ الٰہی پر دلالت کرے گا- لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط بھی وارد ہے- عاشقانِ الٰہی کا وردِ زبان یہی نام پاک ہے- دوجہان کی مرادیں بر لانے والا یہی نام ہے- اس کی تاثیر اور خاصیتیں بے حد ہیں کہ چودہ طبق کے ملائک بھی اُسے نہیں لکھ سکتے-

ایک ادنیٰ سی تاثیر اس کی یہ ہے کہ اگر ہر روز پانچ ہزار مرتبہ نماز روزہ کا پابند ہو کر حلال کا نوالہ کھا کر باوضو ہو کر روبقبلہ بیٹھ کر اَللّٰہُ اَللّٰہُ کا ورد کرے گا، تھوڑے سے عرصہ میں صاحبِ کشف اور روشن ضمیر ہو جائے گا۔ ہر ایک عبادت میں بے حد مزا اُٹھائے گا۔ اکثر راتوں کو زیارتِ پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہوگا۔ اور اگر تائیدِ الٰہی شاملِ حال ہو گئی تو ربّ العزّت کی زیارت خواب یا عالمِ استغراق میں انشاء اللہ نصیب ہوگی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَلِقَاءَكَ فرشتوں کو آتے جاتے اُڑتے ہوئے اکثر خواب میں دیکھے گا۔ الغرض بارگاہِ خداوندی میں مقربین کے مرتبہ میں شامل ہوگا۔

تنبیہ : بعض عامل لوگ اللہ کا نام مبارک لکھ کر آٹے کی گولیوں میں رکھ کر مچھلیوں کو چالیس دن تک کھلاتے ہیں۔ یہ عمل طریقت کے خلاف ہے۔ کیونکہ وہ آٹے کی گولی مچھلی کے پیٹ میں ہضم ہونے کے بعد وہ کاغذ جس پر اللہ کا نام پاک لکھا ہوا ہے ثابت مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہے۔ اس میں اللہ کے نام پاک کی سخت بے ادبی ہے اور اللہ کے نام پاک کی بے ادبی کرنے والا خدا کے غضب میں آتا ہے نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ۔ یعنی اللہ کے غصہ سے اللہ کی پناہ۔ یہاں اگر یوں کر لیا جائے کہ اللہ کے نام مبارک کے عدد لیے جاویں یعنی ۶۶ کا ہندسہ تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ کاغذ پر لکھیں آٹے میں گولیاں بنا کر چالیس روز مچھلیوں کو کھلایا جائے تو امید ہے کہ خداوند کریم اپنے فضل سے حاجت پوری کرے گا۔ اگر کوئی مسلمان اللہ کے نام پاک کو جو کہیں زمین پر پڑا نظر آیا، اُٹھا اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے گا۔ دنیا و آخرت میں ولایت کا مرتبہ پائے گا" یہ اسم جمالی ہے اس کے پڑھنے سے کسی طرح کی کوئی گرمی مزاج میں پڑھنے والے کے پیدا نہیں ہوتی۔ مگر اتنا خیال ضرور رہے کہ اللہ کے نام کی بے تعظیمی کرنے والا یا اللہ کی جھوٹی قسمیں کھانے والا کسی وقت میں بے حد محتاج اور فقیر ہو جائے گا۔ یا آخری عمر میں اندھا ہوگا۔ آنکھیں جاتی رہیں گی یا کسی اور ایسی سخت مصیبت یا بیماری میں مبتلا ہوگا کہ سارے حکیم

طبیب اُس کے علاج سے عاجز ہو جائیں گے۔ اسم اللہ کی مثال یوں سمجھیے کہ جیسے بحرِ محیط یعنی بڑا سمندر جو ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے۔ اور باقی سارے ناموں کی مثال ایسی ہے جیسے سمندر کی کھاڑیاں۔ سب کھاڑیاں بڑے سمندر سے نکلی ہیں اور پھر اسی میں مل گئی ہیں۔ اسی طرح سارے نام اللہ کے نام کے سوا ذاتِ الٰہی میں سے ظاہر ہوئے اور پھر اُسی میں چُھپ گئے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی مسلمان اسم اللہ کو نہایت خوشخط جلی قلم سے لکھ کر اپنے سامنے رکھ کر اور دن رات میں کم سے کم تین دفعہ نہایت ادب سے باوضو ہو کر روبقبلہ خلوت میں بیٹھ کر محبت کی نگاہ اس مبارک نام پر ڈالے اور دل میں یہ خیال کرے کہ یہ مبارک نام اس کاغذ یا تختی پر جس طرح لکھا ہوا ہے اسی طرح خوبصورت اور خوشخط میرے دل میں لکھا ہوا ہے اور پھر آنکھیں بند کر کے کم سے کم دس منٹ تک اس تصوّر کو جمائے اور اسی خیال میں محو رہے اور ہر روز تین دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ العزیز کبھی ساری عمر خفقان۔ ہول دل۔ دھڑکن۔ اضطرابِ قلب وغیرہ وغیرہ قلب کے کسی مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔ دنیا کے کسی جابر ظالم سے کبھی دہشت نہ ہوگی۔ عشقِ الٰہی میسّر ہوگا۔

خاصیت:۔ صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یَا اللّٰہُ لکھ کر کند ذہن بچّے کو کھلائے سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن جیسی ضرورت دیکھے عمل کرے بفضلہ تعالیٰ کند ذہن بچّہ کا ذہن کھُل جائے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی رہنے کے مکان کی پیشانی پر تین جگہ یا اللہ لکھے گا جب تک وہ نام مبارک لکھا ہوا قائم رہے گا کبھی اس مکان میں دب کر نہ مرے گا کبھی سوتے یا جاگتے میں وہ مکان آدمیوں پر نہ گرے گا۔ یا خود اختیاری گرایا جائے گا۔ یا خالی وقت میں منہدم ہوگا۔ کسی انسان کی اُس مکان کے صدمہ سے اچانک موت نہ ہوگی۔

خاصیت:- اگر کسی کی پسلی یا سینہ یا کمر یا سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ یا اَللّٰہُ انگلی سے خالی بلا سیاہی وغیرہ لکھے اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

خاصیت:- اللہ کے نام مبارک کو جلی قلم سے لکھے اور الف اللہ کو قینچی سے کتر کر الگ کر لے اور جو کوئی مسافر باہر جاتا ہو وہ حرف اللہ کا الف اپنے بازو پر تعویذ بنا کر باندھے اور باقی نام للہ اپنے گھر میں اہل وعیال میں امانت رکھ جائے انشاء اللہ تعالیٰ مع الخیر وہ مسافر اپنے گھر واپس آئے گا۔

خاصیت:- اگر کسی عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو اور درد نہایت شدید ہو تو ایک سو اکیس مرتبہ یا اللہ پڑھ کر گڑ یا خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے تین حصے کر کے کھلایا جائے فوراً خدا کے فضل سے مشکل آسان ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔

خاصیت:- کوئی شخص ناحق کے جھگڑے میں پھنس جائے، کسی مفسد جھگڑالو شخص سے معاملہ پڑ جائے تو عین مقدمہ کی پیشی کے وقت یا باہمی گفتگو کے وقت سترہ دفعہ اللہ اللہ کہے اور دل میں یہ تصور کرے کہ ساری سبھا فنا ہو گئی اور اب خاص ذات باری تعالیٰ اس مقدمہ کا فیصلہ فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مقدمہ اس کے حق میں اچھا فیصلہ ہو گا اور جھوٹا دشمن عدالت یا باہمی گفتگو میں ہارے گا۔

یَا رَحْمٰنُ:- اے بخشنے والے۔ رحمت نازل کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ اس کے عدد ۲۹۸ ہیں۔ اس اسم کا خاصہ سارے عالم پر رحمت نازل کرنا بلاقید مذہب خواہ مسلمان ہو یا کافر، یہودی ہو یا نصرانی، خدا کا دوست ہو یا دشمن، انسان ہو یا حیوان، درخت ہو یا پتھر۔ عام طور سے سب پر رحمت فرمانا اس نام کا خاصہ اور اس سرکار کا منصب ہے۔ اس سرکار نے رحمت کے سو حصوں میں سے ایک حصہ دنیا میں نازل فرمایا ہے جس کا اثر سارے عالم میں رحمت کے یہ نشان ہیں

https://www.facebook.com/groups/freeurdybooks

کہ شیر جیسا خونخوار جانور کس محبت سے اپنے بچّوں کو دودھ پلاتا ہے، ہاتھی اپنے بچّوں کو کس محبّت اور شفقت سے دیکھتا ہے۔

تاثیر۔ جو شخص یَارَحْمٰنُ کا اکثر وظیفہ پڑھے گا اُس کا دل نہایت نرم اور گُداز رقیق القلب ہو جائے گا۔ جس کسی بیمار مصیبت زدہ کو دیکھے گا فوراً آبدیدہ ہو کر اس شخص کی تکلیف رفع کرنے کی کوشش کرے گا اور خدا چاہے کامیاب ہوگا۔

خاصیت:۔ جو شخص یَارَحْمٰنُ کو فجر کی نماز کے بعد دوسو اٹھانوے مرتبہ پڑھے گا خداوند کریم کی خاص رحمت میں داخل ہوگا اور دنیا میں اُس پر کوئی آڑی اور مشکل نہ پڑے گی۔ ہر ایک کاروبار میں فراخ دستی نصیب ہوگی۔

خاصیت:۔ جو کوئی ٹھیک دوپہر کے وقت کہ جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں باوضو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھے اور پانی پر دم کرے جس کی آنکھیں دُکھتی ہوں اُس میں سلائی تر کر کے دُکھتی آنکھوں میں لگائے ہر ایک آنکھ میں سات سات سلائیاں، انشاء اللہ تین دن میں آنکھیں اچھی ہو جائیں گی اور پھر ایک سال تک دکھنے نہ آئیں گی۔

خاصیت:۔ صبح کی سنتیں اور فجر کی نماز کے درمیان جو کوئی شخص ایک سو اکیس مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ کسی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر پڑھے گا سات دن میں کیسا ہی بیمار ہو تندرست ہو جائے گا۔ اگر موت مقدر ہے تو خاتمہ بالخیر ہوگا۔ مشکل جلد آسان ہوگی۔ یہ عمل میرے بزرگوں کا مجرّب ہے۔

یَارَحِیْمُ۔ اے بہت مہربان۔ یہ اسم جمالی ہے۔ دین دنیا اِس جہان اور اُس جہان میں رحمت فرمانا اس نام کا خاصّہ ہے۔

تاثیر۔ اگر کوئی کافر اعتقاد سے یَارَحِیْمُ کا وظیفہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ مسلمان صاحبِ ایمان ہو کر مرے گا۔ اور اگر کوئی مسلمان اس مبارک نام کو ایک ہزار مرتبہ

پڑھے گا خاتمہ بالخیر ہو کر جان ایمان کے ساتھ نکلے گی۔ خاتمہ بالخیر ہونے کے لیے انسان ساری عمر اس نام کو ہزار مرتبہ روز پڑھے اس مبارک عمل کی مدت ساری عمر ہے۔

خاصیت: ۔ جو کوئی پانچ سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد یَارَحِیْمُ خلوص کے ساتھ پڑھے گا تمام خلقت اس پر مہربان ہوگی۔ اور اگر دشمن بھی سامنے پڑے گا تو نرم ہو جائے گا۔

خاصیت: ۔ جو کوئی یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ دونوں نام ملا کر ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ غفلت اور بھول اُس کے مزاج سے مٹا دے گا۔ نماز کی محبت پیدا ہو گی۔

خاصیت: ۔ جو کوئی یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَهُمَا پڑھے گا اڑی مشکل اس کی کھل جائے گی۔ اور کبھی کوئی ضرورت اس کی اٹکی نہ رہے گی۔

یَامَلِكُ - اے بادشاہِ حقیقی ہر ایک چیز ہر وقت اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہے وہ سب سے بے نیاز اور سب اُس کے محتاج ہیں۔ یہ اسم جالی ہے اثر اس مبارک نام کا یہ ہے کہ اس کا وظیفہ پڑھنے والا اپنی حاجت سوائے خدا کے کسی بادشاہ کے سامنے بھی پیش نہ کرے گا اور بجز ذاتِ الٰہی کے کسی کو اپنا حاجت روا نہ جانے گا۔

خاصیت: ۔ جو کوئی اس مبارک نام کو تین ہزار بار ہمیشہ پڑھے گا تو اہلِ دنیا کی نظروں میں نہایت عزت مند ہو گا اور بڑی وجاہت والا ہو گا۔ حاکم اور بادشاہ اس کی بات کو غور سے سنیں گے ظالم جابر شخص اُس کے سامنے سختی سے نہ بول سکے گا۔

خاصیت: ۔ جو کوئی مَالِكَ الْمُلْكِ کو دس ہزار مرتبہ پڑھے گا گم ہوئی چیز مل جائے گی یا دل کو صبر آجائے گا۔ جو بے چینی مال کے گم ہو جانے سے تھی یک لخت جاتی رہے گی۔

خاصیت: ۔ جس کسی کو مقدمہ کی وجہ سے سخت پریشانی ہو یا کسی دشمن سے خوف ہو تو اکیس ہزار دفعہ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ کا ختم تین روز تک متواتر کیا جائے، انشاء اللہ مقدمہ فتح اور

دشمن پست ہوگا۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ تین آدمی باوضو و بقبلہ بیٹھیں اور سات سات ہزار مرتبہ تینوں آدمی یَامٰلِکَ الْمُلْکِ پڑھیں، اوّل اور آخر میں سات سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔ یہ تینوں شخص بعد ختم وظیفہ کے یہ دعا کریں الٰہی آج فلاں مقدمہ کا استغاثہ اور اپیل تیری بالادستی سرکار میں دائر کیا ہے اگر تو بھی ہرا دے گا تو یہ بندہ کہاں جائے گا۔ لَامَلْجَاءَ وَلَامَنْجَاءَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ تیری سزا کا بچاؤ اور تیری مصیبت کی پناہ تیرے ہی پاس ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد حسب مرضی کام ہوگا۔

یَاقُدُّوْسُ ۔ اے پاک اور مبرا ہر عیب سے۔ یہ اسم جمالی ہے اس مبارک نام کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا زنا چوری شراب خوری وغیرہ وغیرہ جملہ عیبوں سے پاک ہو کر فرشتہ خصلت ہو جاتا ہے۔

خاصیت :۔ جو کوئی اس مبارک نام کو زوال کے وقت ہر روز سنو مرتبہ پڑھے گا دل اُس کا ہر طرح کی برائی کینہ حسد عداوت بغض سے پاک ہوگا۔ کچھ عرصہ کے بعد دل میں نور پیدا ہو جائے گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کی بیوی کو حمل قرار پائے جس دن سے معلوم ہو بچہ کے پیدا ہونے تک ہر روز اکتالیس ۴۱ مرتبہ یَاقُدُّوْسُ پانی یا دوا پر پڑھ کر دم کر کے پلائے، بچہ نہایت بااخلاق و پاک باطن اور نیک، ماں، باپ کا تابعدار ہوگا۔ ساری عمر کبھی والدین کی نافرمانی یا دوا کو پسند نہ کرے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص یَامَلِکُ یَاقُدُّوْسُ ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے گا، انشاء اللہ کبھی کسی گندے مرض میں جیسے بواسیر۔ ناسیر۔

ناسور وغیرہ وغیرہ میں مبتلا نہ ہوگا۔ کبھی اُس کے پردے یا شرم کی جگہ کوئی زخم یا بیماری نہ ہوگی اور کبھی اس کو کوئی شرم وحیا کی جگہ کسی غیر کو دکھانے کی ضرورت نہ ہوگی۔ یہ میرے بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔

خاصیت:۔ جو کوئی یَامَلِكُ یَاقُدُّوْسُ ملا کر ایک ہزار دفعہ ہر روز عشاء کے بعد اندھیرے میں پڑھے گا، اگر صاحبِ ملک ہو اُس کا ملک قائم رہے۔ صاحبِ ریاست ہو ریاست باقی رہے، جس عہدہ پر ملازم ہو اس میں عزت پاوے۔ حاکم بالادست ہمیشہ نظرِ عنایت رکھیں۔ اگر کوئی اُس کا دشمن اس کی چغلی کھائے وہ خود ذلیل ہو یا جلد مر جائے۔ اور اس مبارک نام کے وظیفہ پڑھنے والے کی ہمیشہ عزت زیادہ ہوگی۔

خاصیت:۔ جس مسافر کو سفر کی حالت میں کچھ جان ومال کا اندیشہ ہو یا مسافر تھک جائے تو جس قدر ہو سکے یَامَلِكُ یَاقُدُّوْسُ پڑھے انشاء اللہ جو کچھ خوف ہو جلد رفع ہو جو کلفت ہو جلد دفع ہو۔ باامن وامان منزلِ مقصود تک پہنچ جائے۔

یَاسَلَامُ۔ اے ہر طرح کے عیب اور ہر مرض ونقصان سے پاک۔ یہ اسم جمالی ہے۔

تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا جس بیمار کو دیکھے گا نہایت ترس کھائے گا۔ اس کی شفا کے لیے دعا، اس کی بیماری کے لیے دوا کی کوشش کرے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی ایک ہزار مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہر روز یَاسَلَامُ پڑھے گا کبھی مرتے مرتے اندھا اپاہج، عاجز، لاچار نہ ہوگا۔ خداوند تعالیٰ چلتے ہاتھ پیروں اُٹھائے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی تین ہزار دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یَاسَلَامُ تین دن تک کسی بیمار کی شفا کے واسطے ختم پڑھے گا، بیمار بہت جلد شفا پائے گا۔ یا جلد نہایت آسانی سے مریض کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

ترکیب:۔ جو کوئی شخص ختم پڑھے پہلے غسل کرے سفید کپڑے پہنے، قبلہ رُو ہو کر اوّل تین دفعہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَّبِيِّنَا فِى الْاَنْبِيَآءِ اَللّٰهُمَّ

صَلِّ عَلٰی رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا سَلَامُ تین ہزار دفعہ کسی شمار دانے یا تسبیح پر پڑھے۔ ختم کے بعد پھر تین دفعہ یہی درود پڑھے پھر اٹھ کر مریض پر دم کرے یا پانی یا دوا پر دم کرے وہ دوا یا پانی مریض کو پلائے۔ تین روز یا پانچ روز انتہا سات روز۔ انشاء اللہ بیمار تندرست ہوگا۔ میرا بذاتِ خاص بارہا کا مجرب عمل ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی بیمار بے ہوش ہوگیا ہو، اس کے پاس سرہانے بیٹھ کر تین سو دفعہ یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ پڑھا جائے، پڑھتے ہی انشاء اللہ بہت جلد مریض ہوش میں آئے گا۔

عجیب عمل۔ جس عورت کے بچے اُمّ الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں شروع حمل سے شروع کرے اور بچہ کے دودھ پینے تک برابر یہی عمل کرتا رہے۔ تین مرتبہ ہر روز سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؕ کسی روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ کو کھلائے یا کاغذ پر لکھ کر پانی یا دوا میں گھول کر پلائے۔ بفضلہ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے اور طبعی عمر کو پہنچے۔

یَا مُؤْمِنُ ۔ اے امن دینے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا امن پسند ہوگا۔ ہر ایک قسم کے جھگڑے فساد کو بُرا جان کر دفع کرنے کی کوشش کرے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی ایک ہزار ایک دفعہ اس مبارک نام کو لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے شیطان کے فتنہ سے محفوظ رہے۔ کوئی دشمن اس پر قابو نہ پائے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص اس مبارک نام کو ایک ہزار ایک دفعہ روزانہ ساری عمر پڑھتا رہے ساری دنیا والے اس کے تابعدار رہیں۔ اور جو عورت اس نام کو ایک ہزار ایک دفعہ روز پڑھے، خاوند کی بداخلاقی، بُرائی سے اور شر سے محفوظ، مرد پڑھے، بیوی کی برائی سے، ہمسائے کی بُرائی سے بچا رہے، اگر تجارت یا معاملہ والے شرکار لوگوں کو آپس میں

میں کچھ بُرائی بداخلاقی وغیرہ کا اندیشہ ہو تو اس مبارک نام کو پڑھیں ساری عمر ایک دوسرے کی بُرائی سے محفوظ رہیں گے۔

یَا مُھَیْمِنُ - اے نگہبان - یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا ہر ایک انسان کے جان و مال کی حفاظت کی فکر رکھتا ہے۔

خاصیت: - جو شخص غسل کر کے قبلہ رو بیٹھ کر ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ یَا مُھَیْمِنُ تین روز تک پڑھے جس کام کا بطور استخارہ انجام معلوم کرنا چاہتا ہو فوراً انجام اس کا معلوم ہو گا۔ اگر ہر روز ایسا کیا کرے تو ساری دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر فوج کا سپاہی اور کہیں لام پر چلا گیا انشاءاللہ بندوقوں کی باڑ میں سے زندہ سلامت آئے گا۔ اگر کوئی شخص اس مبارک نام کا عامل ہے یعنی ہمیشہ ہر روز غسل کر کے ایک ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھتا ہے وہ شخص اتفاقاً جہاز میں سوار ہوا اور جہاز پھٹ گیا ہو تو انشاءاللہ تعالیٰ یہ شخص زندہ رہے گا۔ اور صحیح سلامت کنارے پر پہنچے گا کسی شہر میں وبا، طاعون ہو یا اور کوئی وبا، ہو جو شخص اس عمل کا عامل ہو گا انشاءاللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رہے گا۔

تنبیہ - اگر ایک روز غسل یا وظیفہ ناغہ ہو گیا تو پھر چالیس روز تک تاثیر ندارد ہو جائے گی۔ اب پھر برابر چالیس دن تک یہی عمل کرتا رہے گا۔ تب بفضلہٖ تعالیٰ پھر وہی تاثیر خدا کی سرکار سے مل جائے گی۔ اگر کسی مکان کی چھت آدمیوں پر گری اور اس عمل مبارکہ کا عامل بھی وہاں دب گیا ہو تو بفضلہٖ تعالیٰ یہ شخص اس صدمہ سے سلامت باہر نکلے گا۔

یَا عَزِیْزُ - اے عزت دینے والے اور سب پر غالب - یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کو پڑھتا ہے وہ اپنے اور پرائے کی عزت آبرو کی حفاظت کا بڑا خیال رکھتا ہے۔ مسلمان بلکہ ہر ایک انسان کے بے آبرو

ہونے کو بہت بُرا جانتا ہے اور ہمت اس نام کے عامل کی ہمیشہ عالی اور بلند رہتی ہے حقیر ذلیل بات کو کبھی پسند نہیں کرتا۔

خاصیت :۔ جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار اس مبارک نام کو پڑھے گا کبھی دنیا اور آخرت میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص کسی عہدے یا منصب سے گر گیا، یا ملازم تھا موقوف ہو گیا وہ سات دن تک غسل کرے اور دو رکعت نفل ادا کرے، ان دونوں رکعتوں میں الحمد شریف اور قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر نماز کو ختم کرے۔ پھر تین روز تک کھڑے ہو کر یَا عَزِیْزُ تین ہزار دفعہ پڑھے چوتھے دن بیٹھ کر پانچ ہزار دفعہ یَا عَزِیْزُ پڑھے۔ پانچویں اور چھٹے اور ساتویں دن سجدے میں جا کر کل تین تین سو دفعہ یَا عَزِیْزُ پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ وہی عہدہ ملے یا اُس سے بہتر کہیں اور عزت و آبرو کی کوئی صورت غیب سے پیدا ہو جائے کھوئی ہوئی عزت پھر حاصل ہو جائے گی۔

آگاہی۔ جو عورت خاوند کی نظروں میں ذلیل و خوار ہو اگر وہ اس مبارک عمل کو پورا کرے تو خاوند کی نظروں میں نہایت عزت والی اور محبو... ہو جائے اس مبارک نام کے فوائد اور خاصیتیں عجیب اور غریب ہیں۔

یَا جَبَّارُ ۔ اے بگڑے کاموں کے درست کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا فقیروں، محتاجوں، بیماروں، اپاہجوں کی امداد کرنے کا بڑا فکر رکھے گا۔ تھوڑی سی حکومت کی سی بُو مزاج میں پیدا ہوگی۔

خاصیت :۔ اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کو نگینہ میں کندہ کرا کر انگوٹھی پہنے گا اُس کی ہیبت اور شوکت خلقت کی نظروں میں اور دلوں میں بہت ہوگی

خاصیت : جو بچہ یا بیمار بے حد لاغر اور دُبلا ہو گیا ہو، تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر

ایک ہزار ایک سو نو مرتبہ اُس تیل پر یَاجَبَّارُ پڑھ کر دم کیا جائے اور سات دن تک ہر روز اسی طرح پڑھا جائے اور وہ تیل روزانہ مریض کے تن بدن پر مالش کیا جائے انشاءاللہ طاقت اور توانائی جلد واپس آئے گی وہ کمزوری اور لاغری دفع ہوگی۔

خاصیت:۔ جو شخص ہمیشہ پنجگانہ نماز کے بعد ایک سو دفعہ یَاجَبَّارُ پڑھے گا۔ لوگوں کے غیبت کرنے اور بُرا کہنے سے رنجیدہ نہ ہوگا۔ اس کا دل محکم و صابر ہو جائے گا کسی صدمہ سے حالت ابتر نہ ہوگی، جوانمردی اور نیکی کی طرف دل مائل ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے اولاد ہوئی اور پیدا ہو کر مر گئی یا آئندہ اولاد ہونی بند ہوگئی ہو وہ گیارہ دن تک عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار دفعہ یَاجَبَّارُ پڑھ کر تین عدد مغز بادام پر دم کرے۔ ایک دانہ بیوی کو کھلائے دو دانہ آپ کھائے پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے گیارہ دن تک ایسا ہی کرے، انشاءاللہ ضرور بیوی اس کی حاملہ ہو اور فرزند صالح عطا ہو۔ جب لڑکا ہو تو اس کا نام عزیز اللہ یا عطاء اللہ رکھے اور سات برس تک ہر سال ایک بکرا اللہ کے واسطے ذبح کرے اور محض اللہ کے واسطے غریبوں کو کھانا پکا کر کھلائے اور اگر اتنا مقدور نہ ہو تو کچا گوشت تقسیم کر دیا جائے۔ اور اگر یہ بھی مقدور نہ ہو تو سات پیسے ہر مہینے کے شروع میں بچے کے ہاتھ سے کسی اندھے فقیر کو دلوا دے عمل پورا ہو جائے گا۔ اور انشاءاللہ فرزند صاحبِ عمر ہوگا۔

خاصیت:۔ جس کے سر میں درد ہو اُس کے ماتھے پر سات مرتبہ یَاجَبَّارُ انگلی سے لکھا جائے پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ سات سات دفعہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا۔ اور اگر آدھے سر کا درد ہے تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے بہت جلد شفا ہوگی۔

یَامُتَکَبِّرُ۔ اے نہایت بزرگ اور بڑے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کے عامل اور پڑھنے والے میں خلقت سے نفرت اور یکسوئی کی تلاش پیدا ہوگی۔

ہمیشہ خلوت میں رہنے کو پسند اور زیادہ بولنے کو ناپسند کرے گا۔ مخلوق کے مجمع یا ہنگامہ میں شریک ہونے سے نفرت مگر جماعت یا جمعہ یا حج یا نیک مجلسوں میں حاضر ہونے اور باادب ساکت بیٹھنے کو بہت دوست رکھے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص اپنی بیوی سے ہم بستر ہونا چاہے اور خاص فعل کے شروع سے پہلے دس دفعہ یَا مُتَکَبِّرُ پڑھے اللہ تعالیٰ اُسے فرزند پرہیزگار سعادتمند عطا فرمائے گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کو بدخوابی یا سوتے ہوئے خوف و ڈر معلوم ہوتا ہو، سونے سے پہلے اکیس دفعہ اس مبارک اسم کو پڑھ کر خاموش ہو کر سو رہے انشاءاللہ پھر کبھی بدخوابی نہ ہوگی۔

یَاخَالِقُ۔ اے خلقت کے پیدا کرنے والے حکمت کے ساتھ۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو کوئی شخص اس نام کا وظیفہ کرے گا مسلمان گنہگار یا کافر کو دیکھ کر یکایک غصہ نہ آئے گا۔ بُرے سے بُرے عیب دار انسان کو دیکھ کر بدمزاج نہ ہوگا۔ بلکہ نظرِ عبرت سے دیکھے گا کہ اسے بھی اللہ نے پیدا کیا ہے اور اس کے عیبوں کو بھی اُسی نے بنایا ہے۔ ضرور ایسے عیب دار شخص کے پیدا کرنے میں کوئی حکمت ہے جس کو خدا ہی خوب جانتا ہے، اور یہ نظرِ عبرت اور تامّل، اولیاء اللہ رحمہم اللہ کی صفات میں سے ایک صفت ہے خدا جسے نصیب کرے اُسی کا حصہ ہے۔

خاصیت:۔ جو کوئی شخص اس مبارک نام کا ورد کرے اور بے گنتی صبح و شام رات دن پڑھتا رہے حق تعالیٰ اُس شخص کے لیے ایک فرشتہ پیدا کرے گا اور پھر قیامت تک جو کچھ بھی وہ فرشتہ عبادت کرے گا وہ عبادت اس شخص کے نامۂ اعمال میں لکھے گا اور دل و چہرہ اس شخص کا نورانی ہوگا، اور سارے کاموں میں دل قوی رہے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی لڑائی کے موقع پر تین سو دفعہ اس مبارک نام کو پڑھے گا دشمن اس کا مغلوب ہوگا۔

خاصیت:۔ جو کوئی شخص جمعرات، جمعہ، ہفتہ تین دن کے روزے رکھے اور ظہر

کے بعد تین روز تک تین ہزار دفعہ یَا خَالِقُ پڑھے اور اوّل میں سو دفعہ اور بعد میں سو دفعہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ۔ بعد ختم کے تین روز تک برابر پانی پر دم کرے اور پھر دعا کرے کہ اے خالق مجھے فرزند صالح عطا کر دے۔ اس کے بعد یہ دَم کیا ہوا پانی آدھا بیوی کو پلا دے آدھا خود پیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ عورت کو حمل رہ جائے گا، اور صحیح وسلامت فرزند پیدا ہوگا۔

خاصیت:۔ جس عورت کے کچے حمل گر جاتے ہوں تو وہ خود یا اُس کا کوئی رشتہ دار سات دن تک برابر ہر روز سات ہزار دفعہ عشاء کی نماز کے بعد یَا خَالِقُ پڑھے مگر اوّل اور آخر اکیس اکیس دفعہ یہ مبارک درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَتِہٖ ذَاتِکَ بعد وظیفہ کے ختم کے روزانہ سات روز تک پانی پر دَم کر کے عورت کو پلایا جائے اور تھوڑی سی روئی ہر روز دم کیے ہوئے پانی میں تر کرلی جائے پھر اُس کا تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالا جائے بفضلہ تعالیٰ تھوڑے سے عرصہ میں حمل قرار پائے اور صحیح سالم تندرست بچہ پیدا ہو۔ جب بچہ پیدا ہو تو اسی دن وہ تعویذ ماں کے گلے سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈالا جائے بفضلہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

یَا بَادِئُ ۔ اے پیدا کرنے والے ارواح کے یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظیم الشان نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کا باقاعدہ وظیفہ کرے گا ہر ایک انسان کی روح پر اُس کا اثر اور اس وظیفہ پڑھنے والے کی قبولیت پیدا ہوگی۔

خاصیت:۔ جو کوئی ہر جمعہ میں ایک سو دفعہ اس مبارک نام کی تلاوت کرے گا حق تعالیٰ اس شخص کو قبر میں دفن ہونے کے بعد ریاض القدس کی طرف اٹھا لے گا۔ قبر میں نہ چھوڑے گا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks AMLIYAT BOOKS

خاصیت :- جو طبیب اس مبارک نام کا وظیفہ پڑھے گا جس مریض کا علاج کرے گا موافق پڑے گا۔ تمام مخلوق میں اس کی عزت و وجاہت بہت ہوگی۔
ترکیب :- ختم کی یہ ہے کہ آفتاب غروب ہونے کے بعد غسل کیا جائے اور مغرب کی نماز سے فارغ ہوکر اوّل و آخر اکتالیس اکتالیس بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ نَاصِرِ الْحَقِّ وَالْھَادِیْ اِلٰی صِرَاطِکَ الْمُسْتَقِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ حَقَّ قَدْرِہٖ وَمِقْدَارِہِ الْعَظِیْمِ
پھر گیارہ ہزار مرتبہ یَا بَارِئُ پڑھا جائے۔ اور اس عمل کو ہمیشہ کیا جائے۔ تسخیر عالم کے لیے یہ عمل عجیب و غریب ہے اسی طرح اگر کوئی حاکم اس عمل کو کرے گا تو حکام بالادست نیز ماتحت لوگوں میں اس کی وجاہت بہت ہوگی۔ اس کے فیصلہ کا اپیل بہت کم منظور ہوگا ملک میں بہت قابل اور لائق مانا جائے گا۔
یَا مُصَوِّرُ۔ اے انسان اور حیوان کی صورت بنانے والے۔ یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ جو کوئی شخص اس نام کا بہت ورد کرے گا ہر ایک چیز کو دیکھ کر ہر ایک انسان اور حیوان کا مشاہدہ کرنے کے بعد خدا کی عظمت اور قدرت پر اس کا ایمان زیادہ ہوتا جائے گا۔ ہر تصویر سے خدائے مصوّر کا تعلق محسوس ہونے لگے گا۔
خاصیت :- اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے وقت یَا مُصَوِّرُ اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرلے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے حق تعالیٰ اُسے فرزند صالح عطا کرے گا۔
خاصیت :- جو کوئی سات دن تک پانچ ہزار دفعہ ہر روز اس مبارک نام کا ورد کرے اور اوّل آخر گیارہ گیارہ دفعہ اس مبارک درود شریف کو پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَۃَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ۔ سخت سے سخت مشکل آسان ہو، مقدمہ فتح ہو، غائب ہوا آدمی مع الخیر

واپس آئے یا اس کی خیریت کی خبر جلد آئے۔ یہ اسم آیتِ کریمہ کی تاثیر کے قریب ہے۔
یَا غَفَّارُ ۔ اے بندوں کے گناہ معاف کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ اس اسم کا پڑھنے والا توبہ اور استغفار کا طالب مغفرتِ الٰہی کا عاشق اور شیدائی ہو جاتا ہے۔ گناہ کم کرتا ہے۔ اور اگر بھولے سے کوئی قصور ہوا تو فوراً ہی توبہ و استغفار کرتا ہے۔

خاصیت :۔ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ سو دفعہ کہے گا حق تعالیٰ اس کا نام بخشے ہوئے لوگوں میں درج فرمائے گا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہتا ہو اور فریق ثانی نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یَا غَفَّارُ پڑھے اور پھر دعا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ فوراً مقصود حاصل ہوگا۔ دشمن خود بخود التجا کرے گا۔

یَا قَہَّارُ ۔ اے سب پر غالب اور زبردست۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا نفس و شیطان پر غالب، دشمن پر زبردست رہے گا۔ دنیا کی محبت اس کے دل سے کم ہوگی خدا کی محبت پیدا کرنے کے لیے یہ اسم عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ خاتمہ بالخیر ہونے کے لیے یہ نام اسمِ اعظم کا اثر رکھتا ہے۔

خاصیت :۔ جب کوئی مہم درپیش آئے سات روزے رکھ کر ہر روز ظہر کی نماز پڑھ کر گیارہ ہزار دفعہ یَا قَہَّارُ پڑھے مگر اکیس دفعہ اوّل اکیس دفعہ آخر یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۔ ہر تسبیح کے ختم کے بعد خیال کرے کہ ایک بجلی نے آسمان سے گر کر دشمن اور اس کی ساری کائنات کو جلا دیا۔ انشاء اللہ دشمن جلد ذلیل ہوگا۔ اور اگر کوئی دشمن مقابل نہیں ہے تو ہر ایک تسبیح کے ختم پر یہ تصور جمائے کہ آسمان سے آگ نازل ہوئی اور جس طرح نمرود کی آگ نے حضرت خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی بیڑیاں

اور لوہے کا طوق جلادیا تھا اُسی طرح اس آگ نے میری مشکل کے بند جلا کر کھول دیئے۔ انشاء اللہ سات روز کے اندر وہ مشکل کتنی ہی سخت ہو حل ہو جائے گی اور سخت سے سخت بَلا بفضلہ تعالیٰ دفع ہو گی۔ پرہیز۔ اس ختم کے ایام میں کھانا جَو کی روٹی جو غذا جناب پیغمبر علیہ السّلام کی تھی ہونی چاہیے۔ ختم پڑھنے والا سارے صغیرہ کبیرہ گناہوں سے بچے، حُقّہ نہ پیے، پیاز، لہسن، مولی، بودار کوئی چیز نہ کھائے۔ ورنہ وظیفہ اُلٹ جائیگا۔ بجائے نفع کے نقصان ہو گا۔ بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔

خاصیت:۔ جو بچّہ شیرخوار نہایت دُبلا ہو جیسے اکثر اُمّ الصبیان کی وجہ سے بچّوں کو سوکھا لگ جاتا ہے، آدھ سیر تیل سرسوں کا لے کر سامنے رکھا جائے روبقبلہ باوضو ہو کر ایک ہزار مرتبہ یَا قَھَّارُ پڑھ کر تیل پر دَم کیا جائے۔ وہ تیل صبح و شام اکیس روز بچّہ کے جسم پر مالش کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچّہ جلد تندرست ہو کر توانا ہو گا۔

خاصیت:۔ فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے جو شخص سو مرتبہ گیارہ روز یَا قَھَّارُ پڑھے گا۔ جو دشمن سامنے آئے گا ذلیل ہو گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی گھر میں جن آسیب کا خلل ہو یا وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہو تو ایک کورے چراغ پر سات جگہ یَا قَھَّارُ لکھ کر تیل سے بھر کر روشن کیا جائے جس گھر میں گیارہ دن تک یہ چراغ روشن ہو گا بفضلہ تعالیٰ اس گھر میں کوئی جن یا سانپ وغیرہ موذی چیز نہ رہے گی اور وہ مکان تمام آفتوں سے پاک رہے گا بشرطیکہ اُس مکان میں کوئی تصویر یا بُت یا مٹی وغیرہ کی مورت نہ ہو، اور اگر کسی مکان میں یہ چراغ جلایا گیا اور وہاں کوئی تصویر یا مورت موجود ہوئی تو بجائے نفع کے نقصان ہو گا۔

یَا وَھَّابُ - اے بہت دینے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا نہایت سخی۔ نرم مزاج ہوتا ہے۔ کسی سائل کے سوال کو رد کرنا پسند نہیں کرتا۔

خاصیت: جو شخص فاقہ سے لاچار ہو اور کوئی صورت کشائش رزق کی نہ ملے ہر روز ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے تھوڑے ہی عرصہ میں یہ مصیبت اس طرح دفع ہو گی کہ ہر شخص حیران ہو گا۔

خاصیت: اگر ایک ہزار دفعہ اس مبارک نام کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے رزق میں تنگی نہ ہو گی۔

خاصیت: اگر کوئی شخص گیارہ بجے دن کے وضو کرے اور قبلہ رو کھڑے ہو کر سجدہ کی یہ آیت پڑھے وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ پھر سجدے میں جائے اور سات مرتبہ یَا وَهَّابُ پڑھے ساری مخلوق سے بے پرواہ ہے گا۔ جتنے روز یہ عمل کرتا رہے گا عمل کا اثر موجود رہے گا جب چھوڑ دے گا، سات دن کے بعد یہ اثر جاتا رہے گا۔

خاصیت: اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو ٹھیک آدھی رات کو مسجد یا گھر کے صحن میں تین بار سجدہ کرے پھر سجدے سے سر اٹھا کر سو بار یَا وَهَّابُ پڑھے تین روز کے اندر انشاء اللہ حاجت پوری ہو گی۔

خاصیت: رزق کی فراخی کے لیے یہ عمل جناب مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کا مجرب ہے۔ دن کے دس بجے وضو کرے پھر چار رکعتیں نفل چاشت کی نیت سے ادا کرے نماز کے بعد پھر سجدے میں جائے اور ایک سو چار مرتبہ سجدے میں یَا وَهَّابُ پڑھے ہر مہینہ میں سات دن یہ عمل کرے، انشاء اللہ ساری عمر کبھی روزی کی تنگی نہ ہو گی۔

خاصیت: اگر کسی ملک میں قحط سالی کے نشان معلوم ہوتے ہوں اور بارش نہ ہوئی ہو تو گیارہ آدمی یَا وَهَّابُ کا ختم پڑھیں اکہتّر ہزار دفعہ تین دن تک برابر پڑھا جائے چوتھے ہی دن انشاء اللہ بخیریت تمام بارش ہو گی۔ ختم یہ ہے کہ اوّل گیارہ شخص باوضو ہو کر بیٹھیں اور جس شے پر ختم پڑھا جائے وہ سامنے رکھیں، اُنیس اُنیس دفعہ اوّل یہ درود شریف پڑھا جائے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ

مُلْكِ اللهِ پھر اکہتّر ہزار مرتبہ اسم یَا وَهَّابُ پڑھ کر پھر انیس مرتبہ یہی درود پڑھ کر دعا مینہ برسنے کی کی جاوے انشاء اللہ جلد مقصود حاصل ہو گا۔

یَا رَزَّاقُ - اے روزی دینے والے - یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا۔ کوئی بھوکا انسان یا جانور اُس شخص سے دیکھا نہ جائے گا۔ جہاں تک بس چلے گا آپ بھوکا رہ کر دوسرے بھوکے شخص کو کھلانے کی کوشش کرے گا۔

خاصیت :۔ جو کوئی صبح صادق ہونے کے بعد صبح کی نماز سے پہلے اپنے گھر کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر دس دس دفعہ یَا رَزَّاقُ پڑھے گا اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے گا کبھی اس گھر میں مفلسی نہ آئے گی۔ لیکن یہ عمل اس طرح پڑھے کہ مکان کے داہنے کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف سے نہ پھیرے۔

خاصیت :۔ جس شخص کی نوکری چھُٹ گئی ہو وہ یہ چاہتا ہو کہ پھر نوکر ہو جاؤں تو وہ تین روزے رکھے اور صبح کی نماز کے بعد دس ہزار دفعہ یَا رَزَّاقُ پڑھے اور اوّل و آخر سات سات دفعہ یہ درود پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُسی مہینہ میں اُسی جگہ یا اس جگہ سے بہتر جگہ نوکر ہو گا۔

یَا فَتَّاحُ - اے رحمت کا دروازہ کھولنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کا ورد کرے گا ہر ایک مصیبت زدہ کی مصیبت کو کھولنے میں حتی المقدور دعا سے دوا سے ہاتھ سے زبان سے روپیہ سے کوشش کرے گا۔

خاصیت :۔ جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اپنے دونوں ہاتھ دل کو سینہ پر رکھ کر ستّر بار یَا فَتَّاحُ پڑھے گا اور ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے گا، دل کا زنگ جاتا رہے گا۔ اور دل کی صفائی میسّر ہوگی۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص دشمن کی قید یا مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو تو اُس کے متعلقین اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک برابر اس اسم مبارک کو پڑھیں انشاء اللہ وہ شخص بہت جلد رہا ہو گا۔

یَا عَلِیْمُ - اے جاننے والے ظاہر و باطن کے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو

شخص اس نام کا ورد کرے گا، ہرایک کام میں سمجھ اور ہرایک بات کا انجام معلوم کرے گا۔
خاصیت:۔ جس کسی شخص کو استخارہ کے طور پر کسی بات کا نیک وبد انجام معلوم کرنا منظور ہو تو جمعہ کی شب کو عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں جاکر سو دفعہ یَا عَلِیْمُ کہے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اُسی رات کو انشاء اللہ پورا پورا حال معلوم ہو جائے گا۔
خاصیت:۔ جو کوئی چالیس دن تک نہار منھ اپنے بچہ کو اکیس۲۱ مرتبہ یَا عَلِیْمُ پانی پر دَم کر کے پلائے گا بچہ صاحبِ علم ہو گا۔ ذہن اور حافظہ اُس کا روشن ہو جائے گا۔
یَاقَابِضُ۔ اے قبض کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا ہرایک طرح کے گناہ سے رُک جائے گا۔ گویا اس میں گناہ کرنے کی طاقت نہ رہے گی۔
خاصیت:۔ جو شخص چالیس دن تک چار نوالوں پر یَاقَابِضُ لکھ کر کھائے گا بھوک سے محفوظ رہے گا۔
خاصیت:۔ جو شخص صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس دفعہ یَاقَابِضُ ہمیشہ پڑھے گا کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا اور کسی شخص کی بددعا اس کے حق میں کارگر نہ ہوگی اور کسی جن بھوت کا اثر اس پر نہ ہو گا۔ ہرایک قسم کی بالائی بلاؤں کے دفع کرنے کے لیے یہ نام اسمِ اعظم ہے اور نہایت عجیب الاثر ہے۔
یَابَاسِطُ۔ اے کھولنے والے روزی اور رحمت کے دروازوں کے۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا، فراخ دل ہو گا۔ بخل سے پاک کیا جائے گا۔
خاصیت:۔ جو کوئی شخص صبح کی نماز سے پہلے ہاتھ اُٹھا کر دس دفعہ یَابَاسِطُ پڑھ کر ہاتھ منھ پر پھیرے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے تو اُسے کبھی مخلوق سے سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

خاصیت :۔ جس عورت کا خاوند بداخلاق، بدمزاج ہو وہ عورت تین سو دفعہ یَابَاسِطُ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کرکے کھلائے تین روز تک اس عمل کو کرے بدمزاج خاوند عورت کے سامنے کبھی بداخلاقی نہ کرسکے گا۔ ہمیشہ اچھے اخلاق سے رہے گا۔

یَاخَافِضُ۔ اے ذلیل اور لپست کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا وہ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کو نہایت بُرا جانے گا۔ بڑے سے بڑے متکبّر اور مغرور آدمی اُس کی نظروں میں ذلیل اور حقیر نظر آئیں گے۔

خاصیت :۔ جو شخص تین روزے رکھے پھر چوتھے دن ستّر ہزار دفعہ اس اسم کو پڑھے دشمن پر فتح پائے۔

خاصیت :۔ جو شخص اس مبارک نام کو پانچ سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہر روز پڑھے گا ہمیشہ اللہ کی رحمت میں سارے دشمنوں سے محفوظ ہو کر گزر کرے گا۔ جو دشمن اس پر حملہ کرنے کا ارادہ کرے گا ناکام رہے گا۔

یَارَافِعُ۔ اے درجے بلند کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا ہر وقت اپنے دین اسلام کی ترقی کی فکر میں رہے گا۔ اسلام کی کمزوری سے ناراض اور اسلام کی رونق سے خوش ہوگا۔

خاصیت :۔ جو کوئی شخص ہمیشہ اس اسم کو آدھی رات یا ٹھیک دوپہر کو سو دفعہ پڑھے گا خلقت کی نظروں میں بڑا عزت والا نظر آئے گا۔ ہر ایک شخص اُس کے مقابلہ میں سامنے نہ پڑے گا۔ لوگ اس کی ہیبت سے ڈریں گے۔

خاصیت :۔ جو کوئی شخص کسی بڑے شخص یا بڑے حاکم کے سامنے جاتا ہوا ڈرتا ہو، وہ تین دن تک تین ہزار دفعہ روز یَارَافِعُ پڑھے اور پھر یہی یارافع پڑھتا ہوا حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر ایک طرح سے عزت پائے گا۔ اور حاکم نہایت رحمدلی سے پیش آئے گا۔

خاصیت:- ہر فرض نماز کے بعد جو کوئی اس نام کو اکیس دفعہ ہمیشہ پڑھے گا انشاء اللہ کوئی حاجت اٹکی نہ رہے گی۔

یَا مُعِزُّ - اے عزت دینے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس کا ورد کرے گا وہ ہر ایک مسلمان کی عزت و آبرو کی حفاظت کا خیال رکھے گا اپنے لیے کبھی کوئی ذلت یا حقارت کی بات کو گوارہ نہ کرے گا۔ ہر وقت اپنے چال چلن کی نگہبانی رکھے گا اور جہاں تک ہو سکے گا ذلت کی بات سے بچے گا۔

خاصیت:- جو شخص پیر کی رات یا شب جمعہ کو مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ یَا مُعِزُّ پڑھے گا خلقت کی نظروں میں ہیبت اور عزت پائے گا اور سوائے اللہ کے کسی سے ہرگز نہ ڈرے گا۔

خاصیت:- جو کوئی اس نام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر صبح کو کہیں سفر میں جائے گا۔ کوئی اذیت کی بات سامنے نہ آئے گی۔ اور سارے سفر میں نہایت عزت و آبرو سے رہے گا مع الخیر واپس آئے گا۔

یَا مُذِلُّ - اے ذلت دینے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس کا ورد کرے گا وہ خدا رسول کی مخالفت کو سخت ذلیل اور بُرا جانے گا۔ بے نمازوں، گنہگاروں سے نفرت کرے گا۔

خاصیت:- جو شخص کسی دشمن سے ڈرتا ہو، باوضو و بقبلہ بیٹھ کر چھہتر دفعہ یَا مُذِلُّ پڑھے گا سجدے میں جا کر کہے، الٰہی فلاں ظالم کے ڈر سے امن دے۔ حق تعالیٰ اس ظالم کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ تین دن تک برابر چاہے جس وقت اس عمل کو کرے۔

خاصیت:- اگر کسی مغرور مخالف شریعت شخص کا ناحق کا غرور توڑنا منظور ہو تو سات دفعہ یَا مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ پڑھ کر ایک ہزار دفعہ یَا مُذِلُّ پڑھے سات روز تک برابر یہی عمل کرے انشاء اللہ مغرور ظالم کا غرور خدا کی طرف سے ایسا ٹوٹے گا کہ ہر ایک شخص کو آنکھوں سے نظر آئے گا۔

تنبیہ:۔ مگر یاد رہے کہ یہ اسم جلالی ہے، اگر پڑھنے والے سے کوئی بے احتیاطی ہوگی تو اپنی جان سے بھی اندیشہ ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کے بچے اُمّ الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں تو ایک تانبہ کی تختی پر یہ نقش کندہ کرا کر بچوں کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ کبھی وہ مرض بچہ کے قریب نہ آئے گا۔ ہر مہینہ حسب حیثیت سات غیر آدمیوں کو کھانا کھلایا جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶
یَامُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ
یَامُذِلُّ یَامُذِلُّ یَامُذِلُّ

یَاسَمِیْعُ ۔ اے سننے والے، یہ اسم جلالی اور جمالی دونوں ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا وہ ہر ایک بیمار کی آہ اور مصیبت زدہ کی فریاد پر حتی المقدور بہت توجہ کرے گا۔

خاصیت:۔ جو کوئی اس مبارک نام کو جمعرات کے دن گیارہ بجے چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد پانچ سو دفع پڑھے بشرطیکہ درمیان میں وظیفہ کے کوئی بات نہ کرے، ختم وظیفہ کے بعد جو دعا کرے گا وہ بفضلہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

خاصیت:۔ جس شخص کے کان میں درد ہو یا کوئی پھنسی کان کے اندر پیدا ہوئی ہو جس کی وجہ سے تکلیف ہو ایک ہزار دفعہ یَاسَمِیْعُ پڑھے اور روئی پر دم کر کے کان میں رکھے، سات دن تک اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کی تکلیف جاتی رہیگی اس عمل کا کوئی خاص وقت نہیں ہے جس وقت چاہے پڑھ لے۔

خاصیت:۔ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ دفعہ ہمیشہ یَاسَمِیْعُ کا پڑھنا ساری عمر بہرے ہونے سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔

یَابَصِیْرُ ۔ اے دیکھنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا نیک بات کے دیکھنے سے نہایت خوش اور خلافِ شرع بات کے دیکھنے سے نہایت

سخت رنجیدہ ہوگا۔ خداوند کریم کی حضوری کے تصوّر کا نقشہ دل میں ہر وقت جما رہے گا۔ جس کا ادنیٰ سا اثر یہ ہے کہ گناہ کرتے ہوئے بہت ڈرے گا۔ جیسے کوئی غلام اپنے بادشاہ کے سامنے چوری یا خطا کرتا ہوا ڈرتا ہے۔ یہی حالت اس ایمان والے کی ہو جاتی ہے۔

خاصیت:۔ جو کوئی اس پاک نام کو عصر کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا اس رات دن میں انشاء اللہ ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا اور جو شخص ہمیشہ عصر کے بعد اس نام کو پڑھتا رہے گا انشاء اللہ ساری عمر آفت اور ناگہانی موت سے بچے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص فجر کی سنّتوں کے بعد فرضوں سے پہلے نہایت اعتقاد سے اس نام کو پڑھے گا اور اس عمل کا ہمیشہ عامل رہے گا خدا کی خاص نظرِ عنایت اُس شخص کی طرف متوجہ ہوگی، اور دونوں جہان میں اُس کی مرادیں پوری ہوں گی۔

خاصیت:۔ جس شخص کی آنکھوں میں پانی اُترنا شروع ہوا ہو، اور آئندہ خطرناک حالت معلوم ہوتی ہو وہ شخص گیارہ سو دفعہ یَا بَصِیْرُ ہر روز پڑھے اور اوّل آخر میں تین تین دفعہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السَّاجِدِیْنَ سَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ سَیِّدِ الْکَامِلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ بفضلہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں آنکھوں میں پانی اُترنا بند ہو کر شفا حاصل ہوگی، ایسے شخص کو لازم ہے کہ ہمیشہ اس عمل کو کیا کرے۔

یَاحَکَمُ۔ اے حکم کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو کوئی اس کا ورد رکھے گا وہ جو بات کسی سے کہے گا ہر ایک شخص اُس کی بات قبول اور منظور کرے گا۔ اور اگر کوئی عالم اور واعظ ہے تو اُس کے وعظ میں عجیب اثر اور قبولیت پیدا ہوگی اور اگر حاکم ہے تو عام رعایا اُس کے فیصلوں سے بہت خوش اور راضی ہوگی، اس شخص کے فیصلہ کا اپیل نہ ہوگا۔ لیکن کم سے کم پانچ ہزار دفعہ ہر روز رات کو اس مبارک نام کی تلاوت کی جائے اس سے کم مقدار میں عمل کی زکوٰۃ پوری نہ ہوگی۔ اور اثر پورا ظاہر نہ ہوگا۔

خاصیت:۔ جو شخص پنجگانہ نماز کے بعد اس نام کو اسّی دفعہ پڑھے گا کبھی محتاج نہ ہوگا۔

https://www.facebook.com/groups/freeurdubooks

خاصیت :۔ جو کوئی اس مبارک نام کو ٹھیک رات کے بارہ بجے باوضو بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے اور اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہو جائے، حق تعالیٰ اُس کا باطن روشن فرمائے گا اور اُسے صاحبِ باطن بنائے گا۔

خاصیت :۔ جو کوئی حاکم یا پنچ یا چودھری کسی معاملہ میں حَکَم بنایا گیا اور پھر وہ حاکم یہ چاہے کہ اس میں میں حق فیصلہ کروں اور خداوند تعالیٰ مجھے حق دکھادے تب وہ حکم یا پنچ عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھے عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ پڑھ کر ایک ہزار دفعہ یَا حَکَمُ پڑھے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اور صبح اُٹھ کر اس معاملہ میں فیصلہ کرے انشاء اللہ فیصلہ حق ہوگا کبھی ناحق نہ ہوگا۔

یَا عَدْلُ ۔ اے انصاف کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظیم الشان نام کی یہ ہے کہ اس نام کا وِرد رکھنے والا تقدیرِ الٰہی پر ہمیشہ شاکر رہے گا انصاف پسند، امن کا دوست رکھنے والا ہوگا ظلم و ستم کو بُرا جانے گا۔

خاصیت :۔ جو کوئی جمعہ کی شب میں بیس عدد روٹی کے ٹکڑوں پر یَا عَدْلُ لکھ کر کھلائے گا سارے گھر والے اور محلے والے اُس شخص کے تابع اور مسخر رہیں گے۔

خاصیت :۔ مغرب کے بعد جو شخص اس نام کو ایک ہزار دفعہ تلاوت کرے گا وہ ہر ایک قسم کی آسمانی آفت سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی مقدمہ میں حاکم سے ناانصافی ہو جانے کا اندیشہ ہو تو تین ہزار دفعہ ہر روز دورانِ مقدمہ میں یَا عَدْلُ پڑھ کر حاکم کی طرف خیال کر کے دَم کرے انشاء اللہ سوائے انصاف کے ناانصافی نہ ہوگی۔

یَا لَطِيْفُ ۔ اے نرمی کرنے والے، دور اور نزدیک کی مخفی بات سے واقف۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا با اخلاق نیک خصلت ہوتا ہے۔

خاصیت :۔ جس شخص کی لڑکی کنواری ہو اور کوئی شخص اس سے نسبت کا پیغام

نہ دیتا ہو تو وضو کرنے کے بعد دو رکعتیں پڑھے پھر ایک سو دفعہ اسی نیت سے یَالَطِیْفُ پڑھے انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر مراد پوری ہو گی۔
خاصیت :۔ جو شخص مفلس ہو یا بے روزگار ہو یا بیمار ہو تو اس مبارک نام کو دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھنے کے بعد تین سو دفعہ پڑھے اکیس روز میں مراد پوری ہو گی۔
عمل یَالَطِیْفُ کا نہایت مجرّب۔ عدد یَالَطِیْفُ کے ایک سو اُنتیس ہیں اور سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ یہ نام پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے کی سہل ترکیب یہ ہے کہ ایک تسبیح میں ایک سو اُنتیس دانے ڈالے جائیں اور ایک سو اُنتیس دفعہ وہ تسبیح پڑھ لی جاوے مگر ایک تسبیح کے بعد لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۔ آیت کو تین دفعہ پڑھ کر جو مقصود ہو وہ ایک دفعہ منہ سے کہہ کر پھر یَالَطِیْفُ کی تسبیح شروع کی جائے۔ اسی طرح سارا عمل ختم کیا جائے مگر نہایت ہوشیاری سے عمل پڑھا جائے۔ اگر کمی زیادتی ہو گئی تو تاثیر باطل ہو جائے گی ورنہ یہ عمل اسمِ اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ اس عاجز کا بارہا کا آزمودہ ہے۔
خاصیت :۔ ایک سو اُنتیس دفعہ پنجگانہ نماز کے بعد یَالَطِیْفُ پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا کرنا دین و دنیا کی حاجتوں کے پورا ہونے کا بڑا عمدہ ذریعہ ہے۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ میری زبان میں طاقت نہیں جو میں اس اسم کی تاثیر بیان کر سکوں یا قلم سے لکھ سکوں۔ یہ گویا خداوند کریم نے اپنے خزانہ کی کنجی بندوں کو عنایت فرمائی ہے۔
یَاخَبِیْرُ ۔ اے دل کی باتوں پر خبر رکھنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نفس اور شیطان کے مکر اور جال سے نہایت واقف اور ہوشیار ہوتا ہے اور کبھی شیطان کے دھوکہ میں نہیں آتا۔
استخارہ۔ اگر کسی شخص کو کسی کام میں استخارہ دیکھنا منظور ہو، وہ جمعرات کے روز روزہ رکھے شام کو روزہ کھول کر اوّل وقت عشاء کی نماز پڑھے پھر اوّل آخر گیارہ گیارہ دفعہ

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ٥ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ٥ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ پڑھ کر گیارہ سو دفعہ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھے۔ اور خاموش ہو کر سوئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو نیک یا بد جو کچھ ہو گا معلوم ہو جائے گا۔

یَاحَلِیْمُ ۔ اے نہایت حلم والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو کوئی اس نام کا ورد کرے گا، غصہ کم نرم دلی زیادہ ہو گی دشمنوں کی برائی کی برداشت زیادہ ہو جائے گی، اخلاق نہایت درست اور اچھے ہوں گے۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ کاغذ پر اس مبارک نام کو لکھ کر پانی میں دھو کر وہ پانی اپنے کھیت یا باغ میں چھڑکے گا وہ کھیتی یا باغ ہر ایک قسم کی ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے گا اور بڑی برکت ہو گی۔

خاصیت :۔ جو شخص ہر ظہر کی نماز کے بعد نو بار اس نام کو پڑھے گا ہمیشہ خلقت کے سامنے سُرخ رو رہے گا۔ انشاء اللہ کبھی کسی وقت کسی شخص کے سامنے ندامت یا ذلت حاصل نہ ہو گی۔

یَاعَظِیْمُ ۔ اے بزرگ اور بڑے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا، ہمیشہ احکام شریعت کو نہایت قابل تعظیم اور خدا کے نام پاک کی نہایت عظمت کرتا ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑی شان کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

خاصیت :۔ جو شخص اس نام کو ایک ہزار گیارہ دفعہ ہر روز پڑھے گا دوست دشمن سب کی نظروں میں عزیز اور قابلِ تعظیم سمجھا جائے گا۔ مخالف یا موافق جس کے سامنے جائیگا وہی محبت اور شفقت سے پیش آئے گا۔ ساری عمر اقبال زیادہ ہی ہوتا جائے گا۔

خاصیت :۔ اگر سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے۔ انشاء اللہ کبھی پیٹ میں درد نہ ہو گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

خاصیت:۔ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یَا عَظِیْمُ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے بفضلہ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔

یَا غَفُوْرُ۔ اے بہت بخشنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے میں یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ کسی شخص کا بڑے سے بڑا گناہ یا قصور اُسے زیادہ ناگوار معلوم نہ ہوگا۔ نہ وہ کسی گناہ کے سبب کسی مسلمان بلکہ کسی انسان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھے گا ہر گناہ کو معافی کے قابل سمجھے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی کو بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو تو وہ شخص یَا غَفُوْرُ تین مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اس گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کرلے اور اس ٹکڑے کو کھاتے تین روز میں انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا اور سر کا درد فوراً دفع ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر سار... تک کوئی تندرست اس عمل کو کرے گا اس کے دل کی سیاہی دور ہو گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی کے دل پر غم کی گھٹا چھائی ہو اور کسی طرح غم دل سے دور نہ ہوتا ہو تو روٹی کے ٹکڑے پر تین بار یَا غَفُوْرُ لکھے اور تین بار یَا غَفُوْرُ کے مقطعات حروف اس طرح ی ا غ ف و ر لکھ کر روٹی کا ٹکڑا کھالے انشاء اللہ سارا غم غلط ہوگا۔ اور بجائے غم کے خوشی دل میں خود بخود پیدا ہوگی تین روز تک برابر اس عمل کو کرنا چاہیے۔

خاصیت:۔ کوئی شخص اگر سجدے میں جاکر تین مرتبہ یَا رَبِّ اغْفِرْلِیْ کہے گا اُس کے سارے گناہ معاف ہوں گے۔

یَا شَکُوْرُ۔ اے قدردان نہایت قدر کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے تلاوت کرے گا وہ ہر ایک شخص کی تھوڑی سی نیک بات کی بہت قدر کرے گا۔ ذرا سی بات پر بہت سا انعام دے گا۔ کبھی کسی کی ناشکری نہ کرے گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کی آنکھوں میں تاریکی ہو اکتالیس دفعہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر

دَم کرے پھر وہ پانی آنکھوں میں لگائے اور باقی پانی پیے۔ سات ہی روز میں انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص معاش کی تنگی سے عاجز آگیا ہو پانچ ہزار مرتبہ اس نام کو چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ غیب سے ایسا غنی ہوگا کہ خود بھی حیران رہے گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص دین دنیا کی عزت کا طالب ہو تو وہ ساری عمر تین ہزار دفعہ روز اس نام کی تلاوت اور وظیفہ کرے دنیا میں بے حد عزت حاصل ہوگی اور آخرت میں بڑا مرتبہ ملے گا۔

یَا عَلِیُّ۔ اے بلند مرتبہ والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عالی شان اسم کی یہ ہے کہ اس کے عامل کی ہمت ہر کام میں بلند اور حوصلہ فراخ ہوگا۔ کبھی ذلیل بات منہ سے نہ نکالے گا۔ جھوٹ بولنے کو بہت برا سمجھے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی جگہ درد ہو اور ورم بھی ہوگیا ہو تو تین سو دفعہ اس نام کو پڑھ کر ورم کی جگہ دَم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ورم دور ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر تین ہزار دفعہ روزانہ یہ نام پڑھا جائے تو ذلیل شخص عزت والا ہو، فقیر محتاج، تونگر مالدار بنے، مسافر اپنے وطن میں مع الخیر پہنچے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو خونی بواسیر ہو، ایک ہزار مرتبہ یَا عَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے نوش کرے، سات روز میں خون بند ہوگا۔ بواسیر انشاء اللہ جاتی رہے گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی کی آنکھیں دُکھنے آئی ہوں اور کسی طرح آنکھ سے سُرخی نہ جاتی ہو تو سات سو دفعہ یَا عَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دَم کرے پھر اُس پانی کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے تین روز میں انشاء اللہ مدت کی سرخی جاتی رہے گی۔

یَا کَبِیْرُ۔ اے بزرگی والے، سب سے بڑے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ... کوشش کرتا ہے اپنے اندر دینی اور دنیاوی کمالات پیدا کرنے اور پایہ عزت

پر پہنچنے کی۔ اور بُرا جانتا ہے بے ہُنری اور بد لیاقتی کو۔

خاصیت:۔ اگر حاکم پانچ ہزار مرتبہ اس نام کو ہمیشہ پڑھے گا تو وہ اپنے عہدہ پر ہمیشہ عزت و آبرو کے ساتھ قائم رہے گا۔ اور جو کوئی مہم پیش آئے گی فوراً مع الخیر دفع ہو گی۔

خاصیت:۔ جو شخص یہ چاہے کہ میرا رعب مخلوق کی نظروں میں زیادہ ہو تو وہ تین ہزار مرتبہ اس نام کو روزانہ پڑھے انشاء اللہ بے حد رعب اُس کا خلقت کے دلوں میں پیدا ہو گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی بیمار نوّے مرتبہ اس نام کو پڑھے گا تو بہت جلد تندرست ہو گا۔

یَاحَفِیْظُ - یہ اسم جمالی ہے اور تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو پڑھے گا۔ اپنی اور مخلوقِ الٰہی کی حفاظت کا ہمیشہ فکر رکھے گا، گناہوں سے بچے گا۔ حفظِ امن کی کوشش کرے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص جہاز یا کشتی میں سوار ہو اور اُسے ڈوبنے کا ڈر ہو، سات مرتبہ یَاحَفِیْظُ لکھ کر داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ کبھی غرق نہ ہو گا۔ اگر احیاناً کوئی جہاز پھٹ گیا تو بھی انشاء اللہ اس مبارک نام کا ساتھ رکھنے والا محفوظ رہے گا اور زندہ کنارہ پر پہنچے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو جن بھوت کا ڈر ہو اس مبارک نام کو پانچ دفعہ لکھ کر تعویذ بنا کر بازو پر باندھے کسی جن بھوت کا مطلق اثر نہ ہو گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی کو اپنے یا اپنے بچّہ پر نظرِ بد کا اندیشہ ہو تو گیارہ مرتبہ اس کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے کبھی نظر نہ لگے گی۔

خاصیت:۔ اگر بیمار پر سات دن تک برابر ایک ہزار مرتبہ یہ نام پڑھ کر دَم کیا جائے انشاء اللہ بہت جلد مریض شفا پائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی کو اپنے مال و اسباب کے گم ہو جانے کا یا لُٹ جانے کا اندیشہ ہو، تین جگہ اسباب پر یَاحَفِیْظُ کے حروف الگ اس طرح لکھ دے ی ا ح ف ی ظ انشاء اللہ وہ اسباب کبھی گم نہ ہو گا سالم منزلِ مقصود تک پہنچے گا۔

یَا مُقِیْتُ - اے قوت دینے والے - یہ اسم جلالی ہے - تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا کمزور و ناتواں کی مدد کرنے کا خیال رکھتا ہے اور حتی المقدور کسی ظالم کو کسی عاجز پر ظلم نہ کرنے دے گا۔

خاصیت :- اگر کسی کا بچّہ ضدیں کرتا اور روتا ہو وہ شخص سات دفعہ اس اسم کو پڑھ کر خالی آبخورہ میں دَم کرے پھر اُس میں پانی بھر کر بچّہ کو پلائے انشاء اللہ سات روز کے عمل میں بچّہ کی ضدیں، رونا دھونا مع الخیر موقوف ہوگا۔

خاصیت :- اگر کسی بچّہ یا بڑے آدمی روزہ دار کو کمزوری ہو جائے اور شام پکڑنی مشکل معلوم ہوتی ہو کسی خوشبودار پھول پر سات بار یَا مُقِیْتُ پڑھ کر دم کرے اور وہ پھول روزہ دار سونگھے جائے - انشاء اللہ کمزور کو روزہ میں طاقت پیدا ہو اور نہایت سہولت سے روزہ پورا ہوگا۔

خاصیت :- جس کسی کی آنکھیں دُکھتی ہوں سات دفعہ یَا مُقِیْتُ سرمہ یا دوا پر دَم کر کے آنکھوں میں لگائے تین روز میں انشاء اللہ آنکھیں اچھی ہو جائیں گی۔

خاصیت :- جس کسی کو درد قولنج کا دورہ ہوتا ہو- ایک سو دفعہ پانی پر اس نام کو دم کر کے مریض کو پلایا جائے بفضلہ تعالیٰ درد ہمیشہ کے لیے جاتا رہے گا۔

یَا حَسِیْبُ - اے کفایت کرنے والے اور حساب لینے والے - یہ اسم جمالی ہے اور تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا تھوڑی روزی پر قناعت کرے گا - نوکر اور مزدور کی تھوڑی سی محنت میں خوش ہو کر زیادہ انعام دے گا۔

خاصیت :- جس شخص کو کسی حاسد کا ڈر ہو یا چور کا خوف ہو یا بُرے ہمسایہ کی بُرائی کا اندیشہ ہو یا نظر لگ جانے کا خیال ہو، سات دن تک روز صبح و شام ستر ستر دفعہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے اور عمل جمعرات سے شروع کرے انشاء اللہ سال بھر تک ہر ایک بلا سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت: اگر کسی ملازم کو اپنے آقا کے حساب کتاب طلب کرنے کا اندیشہ اور خوف زیادہ ہو جائے وہ شخص تین ہزار مرتبہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھے اور دل میں یہ تصور جمائے کہ میرے آقا سے خدا کی سرکار عالی جاہ سے حساب طلب ہوا، میرا آقا اُدھر مشغول ہو کر مجھے بھول گیا۔ تین روز برابر اس عمل کو کرے انشاء اللہ نہایت سہولت کے ساتھ معاملہ طے اور صاف ہو کر نجات ہو جائے گی۔

خاصیت: اگر کسی طالب علم کو امتحان کا نتیجہ بُرا آتا معلوم ہو وہ گیارہ ہزار مرتبہ تین روز تک اس نام کو ایک جلسہ میں باوضو و بقبلہ بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

یَا جَلِیْلُ۔ اے بزرگ قدر والے بے پرواہ۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا اغلفت کی طرف اپنی حاجتیں لے جانے سے سخت بیزار ہوتا ہے اور اپنی فاقہ کی حالت کو دوسرے کی سلطنت سے اچھا جانتا ہے۔

خاصیت: جو کوئی اس عالی شان نام کو مشک یا زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا گھول کر پیے ہر ایک شخص کے دل میں اُس کی جلالت پیدا ہوگی۔

خاصیت: اگر کسی کا مقدمہ دائر ہو اور اُسے کسی گواہ کی جھوٹی گواہی دینے کا اندیشہ ہو ایک ہزار مرتبہ یَا جَلِیْلُ پڑھ کر اس گواہ کی طرف دَم کرے، انشاء اللہ وہ گواہ عدالت میں قائم نہ رہے گا۔ خلاف گواہی نہ دے سکے گا۔

خاصیت: اگر کوئی شخص انگشتری میں یَا جَلِیْلُ کندہ کرا کر انگوٹھی اپنے پاس رکھے جس حاکم یا رئیس کے سامنے جائے گا عزت پائے گا۔ ہر ایک حاکم کی نگاہ اُس کے سامنے نیچی رہے گی۔

خاصیت: اگر کوئی مسافر اپنے سامان اور اسباب پر دس مرتبہ یہ نام پڑھ کر دم کرے وہ سامان و اسباب چوروں سے محفوظ رہے گا۔

یَا کَرِیْمُ۔ اے کرم کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ

https://www.facebook.com/groups/freeonlinebooks FREE ANJUMAN BOOKS

پڑھنے والا نہایت بزرگ صفت، نیک اخلاق، نرم مزاج۔ سخی مخلوقِ الٰہی پر احسان کرنے والا، کریم النفس ہوجاتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص رات کو جب سونے کے لیے بستر پر لیٹے اور اس نام کو پڑھتے پڑھتے سو جائے تو رات بھر اُس کی عزت اور وجاہت کی زیادتی کی فرشتے دعا کریں گے اور صبح کو خلق اللہ کی نظروں میں نہایت بزرگ نظر آئے گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس نام کو بہت پڑھا کرتے تھے۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے ماں باپ بخیل ہوں یا کسی عورت کا خاوند بخیل ہو ایک ہزار مرتبہ یَاکَرِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے، تین روز کے اندر انشاء اللہ کسی قدر سخاوت کی صفت پیدا ہوجائے گی اور وہ تنگ دلی کم ہوگی۔

یَارَقِیْبُ ۔ اے نگہبان۔ یہ اسم جمالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا اپنے اعضا اور خیالات کی بُری باتوں سے حفاظت کرتا اور اپنے دوستوں کی دشمنوں سے نگہبانی کا خیال رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص سفر میں جانے لگے اور اپنے اہل و عیال بیوی بچوں کو ایک جمع کرکے سات مرتبہ یَارَقِیْبُ پڑھ کر سب پر دم کرے، خداوند تعالیٰ سب کی حفاظت کرے، اور اُس مسافر سے سب کو زندہ سلامت ملائے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص رات کو سوتے وقت اپنے مکان میں سات دفعہ یَارَقِیْبُ پڑھ کر پھونکے تو رات کو گھر میں چور نہ آئے گا۔ اور اگر آیا تو کچھ لے جا نہ سکے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے پھوڑا یا پھنسی یا ناسور ہو گیا ہو اور وہ کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو۔ سات دن تک تین سو دفعہ یَارَقِیْبُ پڑھ کر اُس زخم پر دم کیا جائے۔ بفضلہ تعالیٰ اس عرصہ میں زخم بالکل اچھا ہوجائے گا۔

یَامُجِیْبُ ۔ اے قبول کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ

پڑھنے والا حق المقدور کسی سائل کے سوال کو رَد نہیں کرتا ہر ایک شخص کی بات منظور ہر ایک کا عذر قبول کرتا ہے۔

خاصیت: اگر کسی کے سر میں درد ہو، داہنے ہاتھ سے سر پکڑ کر اوّل تین مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دَم کرے پھر دوسری مرتبہ پانچ دفعہ پھر تیسری مرتبہ سات دفعہ پھر چوتھی مرتبہ نو دفعہ پھر پانچویں مرتبہ گیارہ دفعہ انشاء اللہ سر کا درد بالکل جاتا رہے گا۔

خاصیت: اگر کوئی شخص اس نام کو جمعہ کے دن ایک سو ایک دفعہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے جو دعا کرے انشاء اللہ قبول ہو، جو بات کسی سے کہے وہ منظور ہو جائے ہر ایک بلا سے محفوظ رہے۔

خاصیت: اگر کسی شخص کے خط کا جواب یا عرضی پر حکم نہ آتا ہو وہ تین دن تک برابر ایک ہزار مرتبہ صبح کی نماز کے بعد اس نام کو پڑھ کر خیال کرے کہ میرے خط کا جواب یا میری عرضی کا حکم ہو کر آسمان سے اُتر کر آیا انشاء اللہ تھوڑے سے عرصہ میں خط یا عرضی کا جواب باصواب آئے گا۔

یَا وَاسِعُ - اے فراخ دستی عطا کرنے والے - یہ اسم جلالی ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ جو شخص اس مبارک نام کی کثرت سے تلاوت کرے گا دین دنیا کی دولت سے مالا مال رہے گا۔ کبھی تنگ دست اور محتاج نہ ہوگا حضرت شاہ صاحبؒ کا یہ عمل مجرّب ہے۔

خاصیت: اگر کسی شخص کے بچھّو نے کاٹا ہو تھوڑا سا شورہ لے کر پانی میں گھول کر ستّر مرتبہ یَا وَاسِعُ پڑھ کر اس پانی پر دَم کرے اور اس شورہ کے پانی کو گھڑی گھڑی بچھو کے کاٹے پر لگائے انشاء اللہ فوراً تکلیف رفع ہو گی۔

خاصیت: رزق کی کشایش کے لیے اس مبارک نام کو پانچ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا نہایت مجرّب عمل ہے۔

خاصیت: جس بچّہ کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو ہر مہینہ میں تین روز یَا وَاسِعُ ایک سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے بچّہ کو پلایا جائے انشاء اللہ بہت جلد قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

یَاحَکِیْمُ۔ اے حکمت والے۔ یہ اسم جمالی ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ہر ایک کام میں نہایت تامّل کرتا ہے۔ جب تک اُس کام میں دین کی بھلائی نہیں دیکھتا ہرگز نہیں کرتا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی مہم یا مشکل کام درپیش ہو اور اُس کا سرانجام نہ بن پڑتا ہو تو اس مبارک نام کو تین ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے بفضلہ تعالیٰ وہ مرحلہ جلد طے ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہو اور عورت چاہے کہ میاں سے اتفاق ہو یا مرد چاہے کہ بیوی سے موافقت ہو جائے، ایک ہزار ایک مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر اس نام کو پڑھ کر دَم کیا جائے اور لڑنے والے اور بدمزاجی کرنے والے کو کھلائے انشاء اللہ فوراً اتفاق اور محبّت پیدا ہوگی۔

خاصیت:۔ ظہر کی نماز کے بعد نوّے مرتبہ اس نام کے پڑھنے سے ہر کام کی مشکل آسان اور مخلوق میں سرخروئی نصیب ہوگی۔

یَاوَدُوْدُ۔ اے دوست رکھنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا وِرد رکھنے والا ہر ایک متعلقین سے نہایت محبّت والفت رکھے گا۔ کبھی کسی کی بدخواہی اور بُرائی کے لیے آمادہ نہ ہوگا۔

خاصیت:۔ جس شخص کا فرزند بدراہ یا عورت خاوند سے لڑتی ہو یا خاوند بیوی سے بدمزاجی کرتا ہو، تھوڑی سی شیرینی پر ایک ہزار ایک مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر دَم کرکے رکھ لیا جائے پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر کامیابی کی دعا کی جائے پھر موقع سے اُس شیرینی کو جسے کھلانی ہو کھلائے، انشاء اللہ بہت جلد صلاحیت میسّر اور مراد حاصل ہوگی۔

خاصیت:۔ اگر عورت خاوند کے لیے تین ہزار مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر کسی قسم کے عطر پر دَم کرے پھر وہی عطر لگا کر خاوند کے سامنے جائے خاوند اس عورت کو بے حد محبوب رکھے گا۔

تنبیہ:۔ ناجائز تعلّق میں اس مبارک نام کو استعمال کرنا سخت منع ہے۔ اگر کوئی ایسا کریگا

https://www.facebook.com/groups/freeauliyaabooks FREE AULIYAA BOOKS

انجام میں کوڑھی جذامی ہوجائے گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کا گھوڑا بدمزاج شوخ ہو تو چنے کے آٹے پر تین سو دفعہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر دَم کر کے گھوڑے کو کھلایا جائے، اللہ چاہے تین دن میں گھوڑا ٹھیک ہوکر ساری شوخیاں بھول جائے گا۔

یَا مَجِیْدُ ۔ اے بزرگ۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو ہمیشہ پڑھے نیک خصلت نیک چلن نیک ذات ہوجائے گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کے جذام یا خونی بواسیر یا کسی اور قسم کے ناپاک زخم ہوں، تیرھویں تاریخ سے پندرھویں تک برابر تین روزے رکھے، افطار کے وقت سات ہزار مرتبہ اس نام پاک کو پڑھے پھر پانی پر دم کر کے پانی نوش کرے اور ہاتھ اُٹھا کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ انشاء اللہ العزیز تین دن میں کامل شفا نصیب ہوگی۔

خاصیت :۔ عزت حاصل ہونے کے لیے ننانوے مرتبہ صبح کی نماز کے بعد پڑھنا پھر اپنے اوپر دم کرنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت :۔ جس شخص کی پسلی میں درد ہو، ایک ہزار ایک مرتبہ اس نام کو پڑھ کر روئی پر دَم کر کے وہ روئی درد کی جگہ باندھے بفضلہ تعالیٰ فوراً درد جاتا رہے گا۔

یَا بَاعِثُ ۔ اے مرنے کے بعد زندہ کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا زندہ دِل، بیدار مغز، ہوشیار ہوگا کبھی سُستی یا غفلت کو پسند نہ کریگا۔

خاصیت :۔ جو کوئی کسی بدمزاج حاکم کے سامنے جانا چاہے تو سات مرتبہ اس مبارک نام کو اپنے اوپر پڑھ کر پھونکے اور پھر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ وہ حاکم نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص زندہ دل ہونا چاہے وہ ہر رات کو سونے کے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ اس نام کو پڑھے، زندہ دل اور روشن ضمیر ہوجائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کا لڑکا یا نوکر یا عزیز رفیق گم ہوا ہوا اور اس کا زندہ واپس آنا مقصود ہو تو وہ شخص یَابَاعِثُ کا ختم پڑھے، انشاءاللہ مراد پوری ہوگی۔ ختم کی ترکیب یہ ہے کہ برابر تین روزے رکھے جائیں اور ظہر کی نماز کے بعد پانچ ہزار دفعہ یَابَاعِثُ پڑھا جائے اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کی جائے اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالسَّمَآءَ سَمَآءُكَ وَمَا بَيْنَهُمَا فَهِيَ لَكَ اٰتِ بِفُلَانٍ اِلَيْنَا اور لفظ فلاں کی جگہ اُس گمشدہ شخص کا نام لیا جائے۔ اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر منھ پر ہاتھ پھیرے جائیں انشاءاللہ العزیز تین روز کے اندر مطلوب مع الخیر واپس آئے گا۔

یَا شَهِيْدُ ۔ اے حاضر اور موجود ہر ایک جگہ۔ یہ اسم جمال ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بہت پڑھے گا ہر ایک تجلّی الٰہی کا مشاہدہ کرے گا۔ گناہ کے پاس جانے کو مرنے سے زیادہ بُرا جانے گا۔ کبھی ایک لحظہ ناپاک بے غسل یا بے وضو رہنا پسند نہ کرے گا۔ حالت اس کی ایسی ہوگی جیسی غلام کو حضوری اور بادشاہ کے دربار کی حاضری میں ہوتی ہے۔

خاصیت : جس مسلمان کے دل میں ریاکاری کا خیال رہتا ہو، اور اس بُری خصلت سے بچنا چاہے وہ اس اسم اعظم کو ایک ہزار مرتبہ اس کے معنی کا خیال کر کے پڑھے اور اکیس روز اس عمل کو کرے بحمداللہ تعالیٰ وہ خصلت بالکل جاتی رہے گی۔

خاصیت :۔ جس شخص کا بیٹا یا بیٹی نافرمان ہو، وہ ہر صبح کو ہاتھ ان کے ماتھے پر رکھ کر اس نام کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اُس بچہ پر دم کرے مگر پڑھتے وقت پڑھنے والے کا منھ آسمان کی طرف ہونا چاہیے، انشاءاللہ سات روز میں شرارت موقوف ہو کر صلاحیت نصیب ہوگی۔

خاصیت :۔ اگر کوئی مریض شدتِ مرض کی وجہ سے بے ہوش ہوا ہو اُس مریض کے سرہانے ایک سو ایک مرتبہ اس مبارک نام کا پڑھنا اس خیال سے کہ اس مریض کا معالجہ کرنے کے لیے خود رب العزت یہاں موجود ہیں فوراً مریض کو ہوشیار کرتا ہے۔ میرا اس عمل پر بڑا اعتماد ہے۔

یَا حَقُّ ۔ اے ثابت اور موجود۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بہت پڑھے گا سارے جہان کو بمقابلہ ذاتِ عالی کے لاشئ اور بے حقیقت سمجھے گا۔ ہر ایک

چیز کی فنا اُس کے زیر نظر رہے گی۔

خاصیت :۔ جس شخص کا اسباب چوری جا تا رہا ہو وہ ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یَاحَقُّ لکھ کر بیچ میں اس اسباب کا نام لکھے جو کھویا گیا ہے۔ اور آدھی رات کے وقت وہ کاغذ ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھائے اور عرض کرے کہ الٰہی بطفیل حضرت سید المرسلین علیہ السّلام کے میرا اسباب مجھے مل جائے۔ انشاء اللہ سارا مال یا کچھ مال ضرور مل جائے گا۔

خاصیت :۔ اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ دفعہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ مع الخیر خلاصی پائے گا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں حق فیصلہ ہونا چاہتا ہے تو ایک سو ایک دفعہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ پڑھ کر سات ہزار دفعہ یَاحَقُّ پڑھے انشاء اللہ تین روز کے عمل میں حق ظاہر ہوگا اور مقدمہ ٹھیک اور حق طور پر فیصل ہوگا۔

یَاوَکِیْلُ ۔ اے کارساز بگڑے ہوئے کاموں کے بنانے والے۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو ہمیشہ پڑھے گا بیکسوں محتاجوں غریبوں کی حاجت روائی میں حتی المقدور نہایت کوشش کرے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو سات مرتبہ یَاوَکِیْلُ ایک کاغذ پر لکھ کر مکان کی پیشانی پر چسپاں کیا جائے انشاء اللہ کبھی اُس مکان پر بجلی نہ گرے گی۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو کشتی یا جہاز میں ہوا کے طوفان کا اندیشہ ہو یا کسی مکان میں آگ لگنے کا خیال ہو، ایک ہزار ایک دفعہ روزانہ اس نام کو پڑھا جائے۔ انشاء اللہ ساری آفتوں سے امن ملے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی کو دشمن یا چوروں قزاقوں کا اندیشہ ہو۔ اس مبارک نام کی تلاوت کرے انشاء اللہ کوئی تکلیف یا نقصان نہ ہوگا۔

یَاقَوِیُّ ۔ اے زبردست طاقت والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو

عملیات FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

شخص اس نام کا ورد کرے گا ہر کام میں قوی اور عالی ہمت نفس اور شیطان پر غالب رہے گا۔

خاصیت: جس شخص کا دشمن زبردست ہو اور یہ اُس کے دفع کرنے سے عاجز ہو تھوڑا سا آٹا گیہوں کا لے کر ایک ہزار ایک گولیاں بنائی جائیں پھر ایک گولی اٹھا کر یَاقَوِیُّ پڑھ کر گولی پر دم کرے پھر وہ گولی مُرغ کے سامنے ڈالے اور دل میں دشمن کے دفع کی نیت کرے۔ اسی طرح ساری گولیاں مُرغ کو کھلائی جائیں انشاء اللہ تین روز کے متواتر عمل سے دشمن دفع ہو گا۔

خاصیت: اگر کوئی شخص جمعہ کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ کے بعد تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے مزاج کی بھول اور نسیان رفع ہو گا۔ مگر کم سے کم سات جمعہ تک اس عمل کو برابر کیا جائے۔

خاصیت: اگر کوئی حاملہ عورت حمل کے صدمات سے کمزور ہو گئی ہو اور حمل کی برداشت نہ ہو۔ ایک سو اکیس مرتبہ وہ حاملہ روز اس مبارک نام کو تلاوت کرے انشاء اللہ ایامِ حمل نہایت آسانی سے گذریں اور طاقت وصحت قائم رہے۔

یَامَتِیْنُ - اے مضبوط۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا احکامِ شریعت کے بجالانے میں نہایت مضبوط اور مستعد رہے گا۔ کبھی سستی اور کسلمندی کو پسند نہ کرے گا۔

خاصیت: اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو، سات مرتبہ اس نام کو لکھ کر گھول کر بچے کو پلا دیں انشاء اللہ بچے کو صبر آجائے گا۔

خاصیت: اگر کسی عورت کے دودھ کم ہو گیا ہو۔ نو دفعہ اس مبارک نام کو لکھ کر تعویذ گھول کر پلایا جائے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہو گا۔ گیارہ روز برابر اس عمل کو کیا جائے۔

خاصیت: اتوار کے دن صبح کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ اس نام کا پڑھنا ہر ایک مہم کے لیے نہایت مفید ہے۔

یَاوَلِیُّ - اے مددگار اور دوست۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس مبارک اسم کا پڑھنے والا دوستی رکھتا ہے مسلمان سے اور نفرت کرتا ہے منکرِ اسلام سے۔

خاصیت: جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا، دل اُس کا صاف ہو گا، انشاء اللہ اپنے

مخاطب کے دل کی بات سے آگاہ ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ جس عورت کا خاوند یا نوکر کا آقا بد مزاج ہو تو وہ عورت یا نوکر اس نام کو پڑھتے ہوئے خاوند یا آقا کے سامنے جائے انشاء اللہ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

خاصیت:۔ اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکا یا جائے، انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے سے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ تعجب کریں گے۔ نقش یہ ہے

یَاوَدُودُ		یَاوَدُودُ
	عورت مرد کا نام	
یَاوَدُودُ		یَاوَدُودُ

یَاحَمِیْدُ۔ اے تعریف کے لائق۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا وہ کسی شخص کی بُرائی اور غیبت کو پسند نہ کرے گا۔ ہمیشہ اپنے دشمنوں کی تعریف کرے گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کی زبان پر گالیاں اور فحش الفاظ زیادہ جاری ہوں اور وہ کسی طرح زبان کو پاک نہ کر سکتا ہو تو نو بار کورے پیالہ پر اس نام کو لکھے اور نوّے مرتبہ پڑھ کر پیالہ پر دَم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ سے پانی پیا کرے انشاء اللہ ضرور بد کلامی سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی نوکر ملازم کسی بڑے شخص کو کچھ غریبانہ ہدیہ یا تحفہ بھیجے اور خیال کرے کہ بڑا آدمی ہے غریب کا تحفہ کس طرح پسند آئے گا ستر ہ مرتبہ یَاحَمِیْدُ اس تحفہ پر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ وہ ہدیہ نہایت مقبول اور پسندیدہ خاطر ہو گا۔

خاصیت:۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ اس نام کو پڑھے گا۔ دشمن بھی اگر سامنے آئے گا نیچی نگاہ کر کے چلا جائے گا۔ کبھی بُرائی سے پیش نہ آئے گا۔

یَامُحْصِیُ۔ اے احاطہ کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا اپنے عیبوں اور دوسروں کی بھلائی پر زیادہ نظر رکھتا ہے۔ ساری عمر اپنے گناہوں کو بھولتا نہیں۔

خاصیت :- جو شخص صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ اس نام کو پڑھے گا سارے دن خدا کی حفاظت میں رہے گا۔

خاصیت :- جو کوئی جمعہ کی رات کو ایک ہزار ایک مرتبہ اس نام کو پڑھے گا قبر کے عذاب اور آخرت کے حساب سے نڈر رہے گا۔

خاصیت :- اگر کسی شخص کا بچہ کھو یا گیا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر درخت پر لٹکا ئے۔ انشاء اللہ اگر بچہ زندہ ہے بہت جلد مل جائے گا۔ نقش یہ ہے - - - - - - - - - -

یَامُحْصِیُ		یَامُحْصِیُ
ماں کا نام		بچہ کا نام
یَامُحْصِیُ		یَامُحْصِیُ

یَامُبْدِئُ - اے اوّل بار پیدا کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا ہر کام میں سب سے اوّل اللہ پر بھروسہ کرے گا۔ ہر چیز کی ابتدا میں مولا کا تصوّر ذہن میں لائے گا اور توکّل اس کی عادت میں ہو جائے گا۔

خاصیت :- اگر کسی شخص کی بیوی کا حمل ساقط ہو جاتا ہو نوّے مرتبہ پڑھ کر کلمہ کی انگلی حاملہ کے پیٹ کے گرد پھیرے دائرہ کھینچنے کی طرح سے، پھر سات دن تک برابر اس عمل کو کرتا رہے انشاء اللہ حمل کچا اور بے موقع ساقط نہ ہوگا۔

خاصیت :- جو شخص صدق مقال یعنی سچّی زبان والا ہونا چاہے وہ اس نام کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ ضرور صادق القول ہو جائے گا۔

خاصیت :- جس شخص کی عورت بانجھ ہو حمل قرار نہ پاتا ہو وہ ایک سیب کو چھیل کر سات مرتبہ یَامُبْدِئُ لکھ کر تین روز تک نہار منھ بیوی کو کھلائے انشاء اللہ اوّل ہی مہینہ میں حمل رہے گا، اگر اوّل ماہ میں حمل نہ ہوا تو پھر دوسرے مہینہ میں ایسا ہی کرے اور پھر تیسرے مہینہ ایسا ہی کرے۔ انشاء اللہ تین مہینے میں ضرور حمل رہے گا۔ اگر سیب نہ ملے تو انڈا مرغ کا پانی میں جوش دے کر پوست اُتار کر سفیدی پر لکھا جائے۔

یَامُعِیْدُ۔ اے دوسری بار پیدا کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا زیادہ پڑھنے والا اپنی گذشتہ عمر کی خطاؤں کا کفارہ دنیا میں اور آئندہ کے لیے نیکیاں زیادہ کرنا ملحوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کا کوئی رشتہ دار یا عزیز و قریب غائب ہو جائے کہیں اس کا پتہ نہ ملتا ہو آدھی رات کے بعد جب گھر والے سو جائیں اُس مکان کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر ستر ستر بار یَامُعِیْدُ پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے یَامُعِیْدُ پھیر لا میرے پاس فلاں غائب کو اور [illegible] کی جگہ اُس غائب شخص کا [illegible] انشاء اللہ [illegible] سات روز کے اندر غائب شخص خود آئے گا یا اس کا پتہ معلوم ہو گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی کا مال جاتا رہے، سات ہزار مرتبہ عشاء کے بعد اس مبارک نام کو پڑھے انشاء اللہ مال کا پتہ لگ جائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص مالدار تھا پھر تنگدست مفلس ہو گیا یا تندرست تھا دائم المرض ہو گیا [illegible] عبادت چھوٹ گئی اور وہ یہ چاہے کہ میری پہلی سی حالت ہو جائے تو اکیس روز تک یَامُعِیْدُ گیارہ ہزار دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے سے دنوں میں وہی گذشتہ حالت پیدا ہو گی۔

یَامُحْیِیْ۔ اے جلانے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا زندہ دل ہوشیار رہتا ہے عبادت میں سستی کاہلی مکروہ جانتا ہے۔

خاصیت:۔ جس کو کسی مرض کی وجہ سے کسی جسمانی عضو کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو سات دفعہ ہر روز صبح کو اور سات دفعہ شام کو اس مبارک نام کو پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ اعضا سلامت رہیں گے۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے سر میں یا آنکھ میں یا سینہ میں درد ہو ایک سو اکیس دفعہ اس نام کو پڑھ کر صبح و شام دم کرے انشاء اللہ بہت جلد درد دور ہو گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کا دل عبادت کی طرف سے مر گیا ہو اور وہ زندہ کرنا چاہے، تین دن تک برابر روزے رکھے اور ظہر کی نماز کے بعد یَامُحْیِیْ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے چوتھے روز زندہ دلی

کے آثار آنکھوں سے نظر آئیں گے پھر ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ اس کو پڑھتا رہے۔
یَامُمِیْتُ - اے مارنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نفسِ شیطان پر غالب رہے گا، اس شخص کے دشمن ہمیشہ مغلوب اور مُردہ رہیں گے۔
خاصیت :- جس شخص کا نفس غالب ہو اور اُس شخص کو اپنے نفس پر قدرت نہ ہو۔ رات کو سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس نام کو پڑھتے پڑھتے سو جائے، سات روز میں انشاءاللہ نفسِ امّارہ مطیع ہو گا۔
خاصیت :- جس شخص کو جادو کا خوف ہو، سات مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔ ہر ایک قسم کا جادو اس شخص کے پاس آکر مر جائے گا۔
خاصیت :- کسی بچّہ کو نظر لگ جاتی ہو پانچ مرتبہ یَامُمِیْتُ اس طرح لکھ کر تعویذ بنا کر ڈالا جائے

	یاممیت	
یاممیت		یاممیت
یاممیت		یاممیت

یَاحَیُّ - اے ہمیشہ زندہ رہنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کو پڑھنے والے میں روحانی قوت زیادہ ہو گی۔
خاصیت :- جو کوئی بیمار اس نام کو زیادہ پڑھے گا جلد شفا پائے گا۔ اگر دوسرا شخص کسی بیمار پر پڑھے تو اس طرح پڑھے کہ بیمار کی آنکھ کے سامنے آنکھیں کر کے پڑھے۔
خاصیت :- ستر دفعہ اس نام کا روز پڑھنا فضلِ الٰہی سے عمر میں برکت عطا کرتا ہے۔
خاصیت :- یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ اس عبارت اور اس نام کا تعویذ ہر مرض کے لیے میرے مشائخ عظام اور بزرگوں کا مجرّب اور معمول ہے۔
یَاقَیُّوْمُ - اے ہمیشہ قائم رہنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا خدا کے ساتھ ہمیشہ نیک گمان اور توکل پر قائم رہے گا، اللہ کے سوا کسی پر بھی ذرہ برابر بھروسہ نہ کرے گا۔
خاصیت :- صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک بے تعداد اس نام کا پڑھنا دلوں

کی تسخیر کے لیے اکسیر ہے اور بزرگانِ دین کا مجرب ہے۔

خاصیت:۔ سخت سے سخت مشکل اور مہم میں اس مبارک نام کا اکیس ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔ تین روز تک برابر یہ نام پڑھا جائے تین آدمیوں سے زیادہ نہ پڑھیں ایک شخص پڑھے یا تین شخص پڑھیں۔ تین روز میں تریسٹھ ہزار مرتبہ پڑھا جائے بفضلہ تعالیٰ اس عرصہ میں اڑی مشکل حل ہو گی۔

خاصیت:۔ تین سو دفعہ ہر روز اس نام کا پڑھنا دل کو مدام مسرور رکھنے کے لیے مجرّب ہے۔

یَا وَاجِدُ - اے غنی بے پرواہ۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا دل اُس کا غنی اور تونگر ہو گا۔

خاصیت:۔ جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ اس نام کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے گا غیب سے اُسے تونگری نصیب ہو گی۔

خاصیت:۔ جو شخص اس نام کو کھانا کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھتا رہے گا۔ وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہو جائے گا۔ اس کھانے سے نماز میں وسوسے کم پیدا ہوں گے باخدا لوگوں کو ضرور اس عمل پر کاربند ہونا لازم ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص ایک سو گیارہ مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس شخص کو یہ پانی پلائے گا وہ شخص بے حد محبت رکھنے لگے گا۔ زوجین کی محبت کے لیے یہ عمل نہایت مفید ہے۔

یَا مَاجِدُ - اے بزرگی والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی وہ ہے جو تاثیر وَاجِدُ کی ہے۔ البتہ کچھ فرق ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص اس نام کو رات کے اندھیرے میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ اکتالیس روز تک پڑھے گا صاحبِ باطن روشن ضمیر ہو جائے گا۔ مگر لقمہ حلال اور صدق مقال یعنی حلال کھانا اور سچ بولنا فرض ہے۔ حقہ، زردہ، لہسن پیاز وغیرہ بدبودار چیزوں سے پرہیز لازم ہے۔

خاصیت:۔ تین ہزار دفعہ عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ اس نام کا پڑھنا خلقت کی نظروں

میں بہت بڑی عزت اور وقار پیدا کرتا ہے۔

خاصیت:۔ اس نام کو دس مرتبہ شربت یا دوا پر پڑھ کر مریض کو پلانا سات روز میں بیمار کو خدا کے فضل سے تندرست کرتا ہے۔

یَاوَاحِدُ ۔ اے یکتا اور اکیلے اپنی ذات میں۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا اکیلے خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست اور مہربان رحم فرمانے والا نہیں جانتا۔ ہر راحت کو خدا کی طرف سے ہر مصیبت کو اُسی کی طرف سے جان کر نہایت شاکر و صابر رہتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی عامل یا وظیفہ خواں کو کسی عمل کے پڑھتے ہوئے ڈر یا خوف معلوم ہوتا ہو یا مُرید سالک کا دل خلوت میں گھبراتا ہو۔ ایک ہزار ایک دفعہ اس نام کو پڑھے وہ خوف وہ ڈر دل کا گھبرانا یک لخت موقوف ہو کر اطمینانِ قلب پیدا ہو گا۔

خاصیت:۔ جس با خدا شخص کو وصالِ الٰہی عزوجل کا شوق اور تمنا ہو وہ ایک چلہ کے اندر سوا لاکھ مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ وصالِ قلبی اُس چلّہ کے اندر میسر ہو گا۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

خاصیت:۔ جس شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو اور اُسے اُس کی تمنا ہو تو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اُس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ اُسی سال فرزند صالح پیدا ہو گا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

یَااَحَدُ ۔ اے تنہا اور یگانہ۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا خلقت سے بیزار مجلسوں سے دور رہتا ہے گوشۂ تنہائی کو دوست رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص اس نام کو نو مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لیے یا کسی شخص کی ملاقات کو جائے گا نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا وہ کام بھی نہایت سہولت سے انشاء اللہ بن جائے گا۔

عملیات
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

خاصیت :- اگر یَا اَحَدُ کے ساتھ یَا وَاحِدُ کو ملا کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر سانپ کے کاٹے ہوتے پر دَم کرے گا۔ انشاء اللہ سانپ کا زہر زائل ہو کر مریض تندرست ہو جائے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

خاصیت :- جو کوئی شخص چاہے کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہو وہ اکتالیس مرتبہ صبح و شام اس مبارک نام کو پڑھے انشاء اللہ بالیقین خاتمہ بالخیر ہو گا۔

یَا صَمَدُ - اے غنی بے پرواہ - یہ اسم جلالی اور جمالی دونوں صفتیں رکھتا ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو اللہ کے نام مبارک سے ملا کر گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا صاحبِ کشف اور صاحبِ مقامِ عالی ہو۔ عالمِ غیب کا وقتاً فوقتاً مشاہدہ نصیب ہو گا۔

خاصیت :- جو شخص صبح صادق کے بعد یا آدھی رات کو سجدہ کرے اور ایک سو پندرہ مرتبہ یَا صَمَدُ پڑھے وہ زبان کا سچا ہو جائے گا۔ حالت نہایت درست ہو گی۔

خاصیت :- جو شخص ہمیشہ ایک سو پندرہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اس مبارک نام کو پڑھے گا۔ کبھی کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار نہ ہو گا۔

خاصیت :- جو شخص ایک ہزار تین مرتبہ اس مبارک نام کو روز پڑھتا رہے گا وہ شخص کبھی بھوکا ننگا نہ ہو گا۔ تمام مخلوق سے بے پرواہ رہے گا۔

یَا قَادِرُ - اے قدرت والے - یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا اپنے نفس پر قادر ہو گا۔ اسے کبھی بے جا غصہ نہ آئے گا اس کا نفس اور شیطان ہمیشہ مغلوب رہے گا۔

خاصیت :- جو شخص وضو کرتے وقت اس مبارک نام کو پڑھے گا کبھی دشمن کے قبضہ میں نہ آئیگا۔

خاصیت :- اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ مشکل دور ہو - کام آسان ہو گا۔

خاصیت :- اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو اس مبارک نام کو سو دفعہ ہر روز پڑھے انشاء اللہ مریض میں صحت اور قوت پیدا ہو گی اور مرض روز بروز کم ہوتا جائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

یَا مُقْتَدِرُ ۔اے اپنی قدرت ظاہر کرنے والے ۔یہ اسم جلالی ہے ۔تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا اپنی تاثیر پہنچانے کمزور لوگوں کی اعانت کرنے میں نہایت سرگرم رہے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص سوتا بہت ہو اور وہ چاہے کہ میری نیند یا غفلت یا مزاج کی بھول کم ہو جائے وہ اس مبارک نام کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد زیادہ نیند غفلت اور بھول رفع ہو کر مزاج میں ہوشیاری پیدا ہوگی۔

خاصیت :۔ جو شخص سوتے اُٹھتے ہی اس نام کو بیس مرتبہ پڑھے گا سارے کام اُس کے حق تعالیٰ کی طرف رجوع کریں گے اور سارے کاموں میں خلوص پیدا ہوگا۔

خاصیت :۔ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو اور وہ کام عظیم الشان اُس کی طاقت سے زیادہ ہو۔ ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُقْتَدِرُ صبح کی نماز کے بعد پڑھے انشاء اللہ وہ مشکل اور اہم کام نہایت سہولت سے قبضہ میں آکر پورا ہو جائے گا۔ گیارہ دن تک برابر اس عمل کو کرتا رہے۔

یَا مُقَدِّمُ ۔اے نیک بندوں کو اپنے قریب میں آگے رکھنے والے ۔یہ اسم جلالی ہے ۔تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد رکھے گا اس میں نیک کاموں میں جلدی و سبقت کرنے کی خصلت پیدا ہوگی۔ نماز روزہ ہر ایک فرض کو اوّل وقت ادا کرنے کا فکر رکھے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص حاکمِ وقت کی طرف سے کسی معرکہ جنگ میں بھیجا جائے اگر وہ شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا اور ایک سو ایک مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا کسی طرح کا رنج یا تکلیف اُس جنگ میں اُسے نہ پہنچے گی ہر ایک طرح کی آفت سے سلامت رہے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ اس مبارک نام کو وظیفہ بنا کر پڑھے گا اُس کا نفس فرمانبرداری اور اطاعتِ الٰہی میں تابعدار رہے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا منظور ہو کسی شیرینی پر نو مرتبہ اس نام کو پڑھ کر وہ شیرینی اس کو کھلائی جائے بفضلہ تعالیٰ جلد وہ کھانے والا کھلانے والے کی طرف میلان کرے گا۔

تنبیہ:۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں سے کوئی شرعاً ناجائز کام لینا سخت منع ہے۔ انجام کار ایسا شخص اندھا ہو کر مرے گا۔

یَامُؤَخِّرُ۔ اے کافروں کو اپنی رحمت سے پیچھے رکھنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا دنیا کے کاموں کو بہت ہی بُرے دل سے کرے گا۔ دین کے کام بڑے شوق سے بجالائے گا خدا کے دوستوں کو دل سے پیار کرے گا۔ خدا کے دشمنوں کی ملاقات سے گھبرائے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص اس نام کو روزمرہ ایک ہزار بار پڑھے گا اولیاء اللہ کی صفات اس کے اندر موجود ہو جائیں گی، بجز یادِ الٰہی کے کہیں اُس کا دل آرام سے نہ رہے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص روز سو مرتبہ اس نام کو پڑھے گا اس کے سارے کاموں کا حق تعالیٰ کفیل ہوگا۔ مشکل سے مشکل کام اس کا غیب سے آسان ہوگا۔

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ اپنے نفس کو فرمانبردار کرے، صبح کی سنّتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس روز تک اکتالیس مرتبہ یَامُؤَخِّرُ پڑھے مقصود جلد حاصل ہوگا۔

یَااَوَّلُ۔ اے سب سے اوّل۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کے پڑھنے کی کثرت کرے گا ہر ایک قسم کی نیکی میں اس کا نمبر اوّل اور خدا کی مرضی کے کاموں میں سب پر مقدم رہے گا ہر ایک فرض و واجب کو تا مقدور اوّل وقت اور سب سے پہلے بجالائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو وہ شخص چالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے اور پھر پانی یا کسی شربت پر دم کرکے آدھا خود نوش کرے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہو اور فرزند صالح پیدا ہو اور روزی فراخ ہو۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کی کوئی ضرورت اٹک جائے اور وہ شخص مجبور و لاچار ہو اور

کوئی صورت کوئی تدبیر مخلصی یا رہائی کی نظر نہ آئے جمعہ کی شب کو چالیس ہزار مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے۔ تین جمعہ برابر پڑھا جائے بفضلہ تعالیٰ ساری مشکلیں حل ہوں ساری مصیبتیں مع الخیر دفع ہوں۔ اگر کوئی شخص چالیس جمعہ تک پڑھتا رہے گا وہ بے شمار فتوحات کا وارث ہوگا۔ عمل مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ خلقت کے مہربان کرنے کے لیے ایک سو گیارہ مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے ہر روز اس نام کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

یَا اٰخِرُ۔ اے سب کے پیچھے یعنی سب فنا ہوں گے صرف وہ اکیلا ہی سب کے بعد باقی اور زندہ رہ جائے گا۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس نام کو زیادہ پڑھنے والا اپنی عمر کے دراز ہونے کی تمنا رکھے گا اور دلی خواہش کرے گا کہ جس قدر عمر دراز ہو اُسی قدر عبادت کروں سب سے اوّل عبادت شروع کرے گا اور سب کے بعد تک عبادت میں مشغول رہنے کو پسند کرے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ میرا خاتمہ بالخیر ہو وہ اس مبارک نام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص کہیں باہر سفر میں جانے لگے وہ ایک سو ایک مرتبہ اس نام کو پڑھ کر اپنے اہل و عیال اور گھر بار کو خدا کے سپرد کرے انشاء اللہ مع الخیر سفر سے واپس آئے اور سب کو زندہ سلامت دیکھے۔

خاصیت:۔ جو شخص کہیں غیر لوگوں یا انجان آدمیوں میں جائے اور اس اسم کو اکتالیس دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جہاں جائے گا عزّت و توقیر ہوگی۔ بڑا مرتبہ ملے گا۔

یَا ظَاھِرُ۔ اے سب جگہ ظاہر۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا ورد رکھنے والا صاحبِ شہرت اور نیک نام مشہور رہے گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ میری آنکھوں کا نور کم نہ ہو یا کم ہو گیا ہو تو زیادہ

ہو جائے وہ شخص چالیس دن تک اشراق کی نماز پڑھ کر پانچ سو مرتبہ اس نام کو پڑھے حق تعالیٰ اُس کی آنکھیں روشن فرمائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی جگہ بارش کا طوفان یا آندھی کا طوفان آتا معلوم ہوتا ہو اس نام کا بکثرت پڑھنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ جس مکان کی پیشانی یا دیوار پر اس نام کو لکھا جائے گا وہ مکان اور دیوار زلزلے کے صدمہ سے سلامت رہے گی۔

یَا بَاطِنُ۔ اے پوشیدہ جہان کی نظروں سے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس عظیم الشان نام کا پڑھنے والا صاحبِ باطن ہوتا ہے اور سینہ اُس کا آئینہ کی طرح صاف اور روشن ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہزار مرتبہ یَا بَاطِنُ پڑھے گا صاحبِ باطن واقف اسرار ہو جائے گا۔ مگر اکل حلال شرط ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص اس با عظمت نام کو ایک ہزار ایک مرتبہ روز عشاء کی نماز کے بعد اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے گا خلقت کا محبوب ہوگا جو کوئی دیکھے گا محبت کرے گا۔ دُنیا میں کوئی مسلمان اس کا دُشمن نہ ہوگا۔

خاصیت:۔ جو شخص کسی چھپے راز کا حال معلوم کرنا چاہے وہ شخص اس مبارک نام کو سات دن تک برابر تین ہزار مرتبہ روز ایک تہائی رات گزر جانے کے بعد پڑھے اور خاموش ہو کر سو جائے انشاء اللہ عرصہ سات روز میں غیب سے بشارت ہوگی اور جو کچھ چھپی ہوئی بات ہے وہ ظاہر ہو جاوے گی۔

یَا وَالِیُ۔ اے کارساز اور مالک۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ہر ایک مصیبت زدہ کے وقت پر کام آنے کی کوشش کرتا ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ اُس کا مکان یا جائداد تمام آفتوں سے محفوظ رہے وہ

اس مبارک نام کو کورے آبخورے پر سات مرتبہ لکھے پھر اُس میں پانی بھر کر وہ پانی اُس مکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا وہ مکان ہر ایک طرح کی آفت سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت: ۔ جو شخص یہ چاہے کہ مکان ویران آباد ہو جائے یا آباد مکان ویران اور خالی نہ ہو۔ وہ شخص تین سو تیرہ مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دَم کر کے اُس مکان کے چاروں کونوں پر چھڑک دے انشاء اللہ وہ مکان یا وہ جائداد کبھی ویران اور خالی نہ رہے گی۔

خاصیت: ۔ اگر کسی شخص کو مسخر کرنا منظور ہو تو روزہ رکھ کر اکتالیس ہزار بار اس نام کو پڑھے اور تصور جمائے کہ خدائے تعالیٰ نے اس شخص مطلوب کو باندھ کر میرے سامنے حاضر کر دیا۔ انشاء اللہ تین روز کے عمل میں مقصود پورا ہوگا۔

تنبیہ ۔ اس مبارک نام سے ناجائز کام لینا سخت منع ہے۔ جذام پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ احتیاط لازم ہے۔

یَامُتَعَالِیُ ۔ اے بہت بلند ذات والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دین دنیا میں عالی ہمت ہوگا پست ہمتی کو کبھی گوارا نہ کرے گا جس کے سبب ذلت حاصل ہو۔

خاصیت: ۔ اگر عورت ماہواری ایّام کی حالت میں باوضو ہو کر اس نام کو تین ہزار مرتبہ روز پڑھے گی اُس کا بچّہ امّ الصبیان یعنی بچّوں کی بیماری میں مبتلا نہ ہوگا، خود پڑھنے والی عورت ہر ایک طرح کی آفت سے محفوظ رہے گی۔ وضاحت عورت کو ایّام کے دنوں میں سوائے قرآن مجید کے اور سب کچھ دُعا۔ استغفار۔ اللہ تعالیٰ کے نام وغیرہ وغیرہ پڑھنے درست ہیں، اس لیے کوئی شخص کچھ خیال دل میں نہ لائے۔

خاصیت: ۔ پیر کی شب کو غسل کر کے مُنھ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک سو اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر جو دُعا مانگے قبول ہوگی۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS محمد شبیر قادری

خاصیت :- کسی سخت مشکل کے وقت اس نام کو نو ہزار مرتبہ ایک مجلس میں پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

یَابَرُّ - اے اچھے کام کرنے، نہایت احسان کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا کثرت سے پڑھنے والا نیک طبیعت سخی، نیک خصلت ہر ایک سے سلوک کرنے والا ہوتا ہے۔

خاصیت :- جو شخص ریل یا کشتی یا جہاز وغیرہ میں سوار ہوتے وقت سات بار اس مبارک نام کو پڑھے گا ضرور انشاءاللہ تعالیٰ ساری آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ امن و امان کے ساتھ اُس سواری سے اترے گا۔

خاصیت :- اگر کسی بچّہ کو نظر لگ جاتی ہو سات مرتبہ یَابَرُّ پڑھ کر بچّہ پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ وہ بچّہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت :- جو شخص نفس اور شیطان کے جال میں پھنس گیا ہو اور شراب خواری اور حرامکاری میں مبتلا رہتا ہو پھر وہ شخص اس بلا سے بچنا چاہے تو گیارہ سو مرتبہ اس نام کو باوضو رو بقبلہ ہو کر گیارہ دن تک پڑھے انشاءاللہ اس عرصہ میں ساری بُری خصلتوں سے نجات پائے گا۔

یَاتَوَّابُ - اے قبول فرمانے والے بندوں کی توبہ کے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا رحم دل مسلمان گنہگاروں پر مہربانی کرنے والا ہوتا ہے۔

خاصیت :- جو کوئی چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد ایک سو سات دفعہ اس نام کو پڑھے گا حق تعالیٰ اُس کو سچی توبہ کی توفیق عطا کرے گا۔

خاصیت :- جو شخص اس نام کو سات سو دفعہ روز پڑھے گا وہ کبھی نفس اور شیطان کے مکر میں مبتلا نہ ہو گا۔

خاصیت :- جو شخص اس نام کا ختم پڑھے گا وہ ایک سال تک امن و امان کے ساتھ نہایت دین دنیا کی آسائش سے بسر کرے گا۔ ہر ایک سال کے ختم پر ختم پڑھ لیا جائے۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ رمضان المبارک کی اکیس تاریخ میں اس ختم کو شروع کیا جائے اور عید کا چاند دیکھ کر موقوف کیا جائے۔ ہر روز اکیس ہزار ایک سو اکیس مرتبہ اس نام کو پڑھا جائے اور اوّل و آخر میں سترہ سترہ مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْاَنْبِیَآءِ وَخَیْرِ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَاٰلِہٖ سَلِّمْ ط انشاء اللہ حسبِ منشا سارا سال بخیر و خوبی گزرے گا۔

یَامُنْتَقِمُ - اے بدلہ لینے والے کافروں سے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظیم الشان نام نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا شریعت کے حق کی حفاظت کا بہت خیال، اسلام اور اہل اسلام کی عزّت کا بہت دھیان رکھتا ہے یہ شخص شریعت کے مخالف کو اپنی آنکھ سے دیکھنا پسند نہیں کرتا۔ حتی المقدور خلافِ شرع شخص سے اعراض کرتا ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص کسی دشمن سے مغلوب ہوا ہو وہ شخص تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس عرصہ میں دشمن کے پنجہ سے بالیقین مع الخیر رہا ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ جو شخص آدھی رات کے وقت کھڑے ہو کر تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے گا جس مُراد کے لیے پڑھے گا وہ مُراد پوری ہوگی۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص کسی جھوٹے فوجداری مقدمہ میں پھنس گیا ہو بارہ بجے رات کو پانچ ہزار مرتبہ، بارہ بجے دن کو پانچ ہزار مرتبہ تین روز تک یَامُنْتَقِمُ پڑھے بہت جلد دشمن ہلاک ہو گا۔

یَامُنْعِمُ- اے نعمت دینے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نہایت احسان اور مروّت کرنے والا ہو گا۔

خاصیت:۔ جو شخص اس نام کو اکیس دفعہ ہر روز کسی فرض نماز کے بعد پڑھے گا کبھی محتاج نہ ہو گا۔ مفلس نہ ہو گا۔ ہمیشہ خدا کی نعمتوں سے مالا مال رہے گا بڑا مجرّب عمل ہے، خداوند کریم توفیق عطا فرمائے۔

خاصیت:۔ جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو سات دن تک برابر سیب کے سات قتلوں پر یَامُنْعِمُ لکھ کر کھلایا جائے۔ انشاء اللہ ضرور حمل قرار پائے گا۔

FREE AULIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/

خاصیت :۔ جس شخص کو تجارت کے مال میں نقصان کا یا باغ میں پھلوں کے گرجانے کا یا کھیت میں غلہ خراب و تباہ ہوجانے کا خیال ہو تو تین ہزار مرتبہ روزانہ اس نام کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا کبھی خسارہ نہ ہوگا۔

یَاعَفُوُّ ۔ اے درگذر فرمانے والے بندوں کے گناہوں سے ۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا کسی شخص سے اپنا بدلہ نہیں لے گا۔ بڑے بڑے جرم تھوڑے سے عُذر میں معاف کرے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص اس نام کو سو مرتبہ روز پڑھتا رہے گا اُس کے پہاڑوں کے برابر گناہ معاف ہوتے رہیں گے۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو سُرخ بادہ مرض ہوگیا ہو سات مرتبہ اُس کے ماتھے پر اس نام کو زعفران سے لکھ دینے سے انشاء اللہ چوبیس گھنٹہ کے اندر آرام ہوجائے گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کے مزاج میں غصہ بہت ہو یا کسی عورت کا خاوند بد مزاج ہو، سَو مرتبہ کسی کھانے پر اس نام کو پڑھ کر دَم کرے اور وہ کھانا خاوند کو کھلائے، انشاء اللہ مزاج پانی پانی ہوجائے گا۔

یَارَءُوْفُ ۔ اے بہت مہربان ۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا، رحمت اور شفقت اُس کے دل میں زیادہ ہوگی۔

خاصیت :۔ اگر کوئی حاکم یا ظالم کسی مظلوم کی سفارش نہ سنتا ہو ایک سَو دس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دُعا کی جائے انشاء اللہ وہ ظالم اس مظلوم کے متعلق سفارش قبول کرے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کا مزاج خراب ہو اور وہ خود اپنے مزاج کو درست کرنا چاہے، تو تین سَو دفعہ صبح اور تین سَو دفعہ شام اس نام کو ہر روز یہ شخص خود پڑھے، انشاء اللہ اکیس روز میں شفاء کلّی حاصل ہوگی۔

خاصیت :۔ جس وقت دُلہن رخصت ہوکر خاوند کے سامنے جائے تو سات مرتبہ یَارَءُوْفُ

پڑھ لے انشاء اللہ خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا اور کبھی ناموافقت نہ ہوگی۔

یَا مَالِكَ الْمُلْكِ ۔ اے دو جہان کے مالک ۔ یہ اسم جلالی ہے ۔تاثیر اس عظمت والے نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دو جہان میں ذی وجاہت ہوگا۔

خاصیت :۔ جو اس نام کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور ساری عمر پڑھنے کا عزم کر لے، مال والا عزت والا آبرو والا ہو کر عمر بسر کرے گا۔ دنیا میں کوئی شخص اس کی عزت پر حملہ نہ کریگا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص کسی جائداد کا مقدمہ ہار گیا ہو۔ وہ اپیل کرے اور اس نام کا ختم پڑھے تو انشاء اللہ مقدمہ فتح ہو۔ ہاری ہوئی جائداد پھر واپس ملے۔ ختم کی ترکیب یہ ہے کہ روزانہ غسل کرے، احرام باندھے جو کی ایک روٹی تین چھٹانک آٹے کی چوبیس گھنٹہ میں غذا کھائے اور رات دن میں اکتالیس ہزار بار اس نام کو پڑھے مگر ایک سو دفعہ اول بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک سو دفعہ بعد۔ سات روز تک برابر اس عمل کو کیے جائے انشاء اللہ مقصود بالیقین حاصل ہوگا۔ آگاہی ۔ یہ اسم بہت تیز جلالی ہے کوئی بد پرہیزی نہ ہو ورنہ نقصان ہوگا

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔ اے بزرگی اور اکرام والے ۔یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی بڑی عالی ہے اس کا پڑھنے والا ہمیشہ خاموش اور ساکت رہے گا۔ کسی وقت اُسے اسرارِ غیبی کے مشاہدوں سے فرصت نہ ہوگی ہر وقت محویت کا عالم طاری رہے گا، مگر یہ حالت اُس کو نصیب ہوگی جو کم از کم اکیس ہزار مرتبہ اس نام کو ہمیشہ روزانہ پڑھے گا بعض بزرگانِ دین نے اسے اسمِ اعظم بھی فرمایا ہے ۔ بہرصورت عجیب تاثیر کا یہ اسم ہے ۔

خاصیت :۔ جو شخص سو دفعہ اس مبارک نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے گا انشاء اللہ تین روز میں شفا پائے گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کو کسی وجہ سے غم بہت ہو اُس کے لیے اس نام کو پانچ سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پلانا اکسیرِ اعظم ہے۔

خاصیت :۔ اگر کوئی عورت خاوند کی نظروں میں گر گئی ہو ایک ہزار مرتبہ ہر روز وہ عورت

یہ نام مبارک صبح وشام جس وقت چاہے پڑھے اکیس دن میں خاوند کی نظر میں چڑھ جائیگی۔
اسی طرح اگر کوئی ملازم آقا کی نظروں سے گر گیا وہ بھی اسی عمل کو کرے بہت کچھ مجرب عمل ہے۔
خاصیت:۔ مقدمہ فتح ہونے کے لیے یہ اسم اعظم کی تاثیر دکھاتا ہے۔ختم کی ترکیب یہ ہے کہ اوّل ایک ہزار مرتبہ یہ مبارک درود شریف پڑھا جائے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پورا کیا جائے۔ بعد ختم کے پھر ایک ہزار دفعہ وہی درود جو پہلے پڑھا تھا پڑھ کر کم سے کم پندرہ منٹ تک دعا کی جائے، انشاء اللہ مقصود کامل طور سے حاصل ہوگا۔ختم پڑھنے والے تین یا پانچ یا سات یا گیارہ تک ہو سکتے ہیں۔ختم کے شروع کا وقت صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد کا وقت نہایت مناسب ہے۔
خاصیت:۔ جس شخص کا ذہن خراب یا حافظ ناقص ہو وہ تین عدد مغز بادام پر یہ نام مبارک پڑھ کر دم کرے پھر ایک دانہ مغز بادام کا صبح کو ایک دوپہر کو ایک رات کو سوتے وقت کھالے۔ اکیس روز کے عمل میں انشاء اللہ ذہن اور حافظہ درست ہو جائے گا۔
یَامُقْسِطُ۔ اے انصاف کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے پڑھے گا منصف مزاج حق پسند ہوگا۔ ناحق بات کی کبھی ہمراہی نہ کرے گا۔
خاصیت:۔ جس شخص کو نماز میں شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں وہ صبح کو ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ چالیس دن کے اندر وسوسے کم ہو جائیں گے۔
خاصیت:۔ اگر کوئی کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تین ہزار مرتبہ یَامُقْسِطُ پڑھے خدا کے فضل سے غم غلط ہوگا۔ بجائے غم کے خوشی نصیب ہوگی۔
خاصیت:۔ اگر کوئی شخص اپنی بیبیوں میں انصاف نہ کرتا ہو تو سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھ کے کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے اس ناانصاف خاوند کو کھلایا جائے۔ بحمداللہ فوراً انصاف کرنے والا منصف مزاج ہو جائے گا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

یا جَامِعُ ۔ اے قیامت کے دن سب کو جمع کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا زیادہ پڑھنے والا صاحبِ تسکین اور باوقار ہوگا کسی وقت پریشانی پراگندگی اُس کے مزاج میں پیدا نہ ہوگی۔

خاصیت:۔ جس شخص کا مال یا اہل وعیال کسی موقع پر اُس سے جدا ہوگئے ہوں اور وہ شخص اس کو جمع کرنا چاہے تو چاشت کے وقت غسل کر کے احرام باندھ کر کھڑے ہو کر مُنہ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے پھر دُعا مانگے سات روز میں انشاء اللہ سب ایک جگہ جمع ہوں گے یا اطمینانِ قلبی سب کی طرف سے نصیب ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص سوا لاکھ مرتبہ اس نام کو پڑھ لے گا معصوم صفت فرشتہ خصلت بن جائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کی کوئی شے چوری جاتی رہی ہو یا کہیں کوئی شے کھوگئی ہو وہ شخص اکیس مرتبہ یَا جَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اِجْمَعْ اِلَیَّ ضَالَّتِیْ یا جامع پڑھ کر تین ہزار مرتبہ صرف یَا جَامِعُ پڑھے، انشاء اللہ کھوئی ہوئی چیز واپس آئے گی۔

یَا غَنِیُّ ۔ اے بے پرواہ۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے اسوا سارے جہان سے بے پرواہ ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص طمع کی آفت میں مبتلا ہو وہ صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ سر پر ہاتھ رکھ کر اس نام کو پڑھے پھر سو مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر یہی نام پڑھے انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل میں طمع نفسانی بالکل زائل ہوگی اور نہایت بے طمع ہو جائے گا۔ یہ عمل اس عاجز کا مجرّب ہے

خاصیت:۔ اگر دُکاندار یا سوداگر دُکان یا تجارت کے مکان کا قفل کھولنے سے پہلے ستّر مرتبہ یَا غَنِیُّ پڑھے گا انشاء اللہ مالِ تجارت میں برکت ہوگی کبھی نقصان نہ ہوگا۔

خاصیت:۔ جمعرات کے دن یا جمعہ کی رات میں اُنیس ہزار بار اس مبارک نام کا پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا ہر جمعرات کو کرنا انسان کو غیب سے تونگر اور دولت والا بناتا ہے۔ مگر

https://www.facebook.com/groups/freeetaliyaat.books

فضلِ الٰہی ہر کام میں شرط ہے۔

یَامُغْنِیُ۔ اے بے پرواہ کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے پڑھے گا۔ کسی شخص پر سختی یا مصیبت ڈالنا پسند نہ کرے گا۔ نہایت کریم النفس ہوگا۔ خود سارے جہان سے بے پرواہ رہے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص دس جمعوں تک برابر اس نام کو اس طرح کہ ہر جمعہ کو صبح کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ پڑھے گا غیب سے اُس کو حق تعالیٰ خلقت کی محتاجی سے محفوظ رکھے گا۔ اور اپنے خزانہ سے غنا عطا فرمائے گا۔

خاصیت :۔ جو شخص اپنی بیوی کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ اس نام کو پڑھے گا، عورت اس کی کبھی رحم کے مرضوں میں مبتلا ہو کر دائیوں حکیموں کی محتاج نہ ہوگی۔

خاصیت :۔ جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامانِ جہیز یا کسی جگہ کا پیغام نہ آتا ہو۔ وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے۔ پھر دیکھے کہ پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

یَامُعْطِیُ۔ اے دینے والے۔ یہ اسم ایک طرح سے یَامُغْنِیُ کی مانند ہے اس کے اور اس کے خواص اور خاصیتیں ایک ہیں۔

یَامَانِعُ۔ اے منع کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اِس کے پڑھنے والے میں یہ ہوتی ہے کہ زبان اُس کی، ہاتھ اس کے، آنکھیں اس کی ہر ایک قسم کے گناہ اور بُرائی سے بہت بچتے ہیں اور عصمت نہایت سچی ہوتی ہے۔

خاصیت :۔ اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر خفا بہت ہوتا ہو یا آقا نوکر پر ناراض زیادہ ہوتا ہے اکیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر صبح و شام خاوند یا آقا کی طرف دَم کرے خواہ سامنے سے۔ خواہ پیٹھ کے پیچھے سے انشاءاللہ تھوڑے سے دنوں میں یہ ساری شکایتیں دور ہوں گی۔

خاصیت :۔ اگر کسی جگہ ٹڈیاں آگئی ہوں اور کوئی شخص چار کوری ٹھیکریوں پر سات

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

سات مرتبہ یَامَانِعُ لکھ کر وہ چاروں کونوں پر کھیت کے دفن کر دے انشاء اللہ اُس کھیت پر ٹڈیاں نقصان نہ کریں گی۔ وہ کھیت و باغ ٹڈیوں سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی بچہ کے والدین کو بچہ پر نظر ہو جانے کا اندیشہ ہو سات مرتبہ یَامَانِعُ کسی تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر بطور تعویذ بچہ کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ کبھی نظرِ بد نہ ہوگی۔

یَاضَارُّ۔ اے ضرر پہنچانے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اسے زیادہ پڑھے گا خدائے پاک کے دشمنوں سے عداوت زیادہ رکھے گا۔ شریعت کے مخالفوں سے کبھی خوش نہ ہوگا۔ صفتِ فاروقی کا غلبہ ہوگا۔

خاصیت:۔ جس مرید یا سالک کو کسی مقام پر قرار و ثبات نہ ہوتا ہو جمعہ کی شب میں غسل کرے احرام باندھے۔ ایک ہزار مرتبہ کھڑے ہو کر اس مبارک نام کو آسمان کی طرف نگاہ اُٹھا کر پڑھے سات جمعہ تک برابر ایسا ہی کرے انشاء اللہ ضرور صاحبِ مقام ہو جائے گا۔ وہ اضطرابی حالت موقوف ہوگی۔

خاصیت:۔ جو شخص نفسِ امّارہ اور شیطانِ لعین کے وسوسوں سے بچنا چاہے وہ ایک نقش کاغذ پر اس طرح لکھے۔

	یَاضَآرُّ				یَاضَآرُّ	
یَاضَآرُّ	عَلٰی نَفْسٍ اَمَّارَۃٍ	یَاضَآرُّ	×	یَاضَآرُّ	عَلٰی شَیْطٰنٍ خَنَّاسٍ	یَاضَآرُّ
	یَاضَآرُّ				یَاضَآرُّ	

اور پیر کے دن ظہر کے وقت سے شروع اور جمعہ کی نماز کے بعد ختم ایک ہزار نو سو اکیس مرتبہ یَاضَارُّ نفسِ امارہ کے ہلاک کرنے کو شیطان کے دفع کرنے کی نیت سے پڑھے۔ انشاء اللہ پہلے ہفتہ میں نفس و شیطان کے مکر سے محفوظ ہو جائے گا۔ نہایت سے نہایت تین ہفتہ تک یہ عمل کیا جائے۔ ابتداء عمل کی پیر کے دن اور ختم جمعہ کے دن ہو ہر روز ظہر کے بعد پڑھا جائے۔

یَانَافِعُ۔ اے نفع پہنچانے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اسکا

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کثرت سے پڑھنے والا ہر ایک انسان بالخصوص ہر ایک مسلمان کے نفع پہنچانے میں نہایت کوشش کرتا ہے کبھی کسی کا نقصان گوارا نہیں کرتا۔

خاصیت:۔ حاجی یا کوئی مسافر جہاز یا کشتی میں سفر کرنے والا اگر اس نام کا ورد رکھے گا کوئی آفت انشاء اللہ اُسے نہ پہنچے گی اور صحیح سلامت جہاز سے اترے گا۔

خاصیت:۔ ہر ایک چیز یا نیا مال خریدنے کے وقت پہلے اکتالیس مرتبہ اس نام کا پڑھنا پھر سودا خریدنا تجارت میں نہایت برکت دیتا ہے۔

خاصیت:۔ ماہ رجب اور شعبان و رمضان میں اس نام کا سات ہزار مرتبہ روز پڑھنا صاحب کشف اور صاحبِ باطن خدا کے حکم سے بناتا ہے۔

یَانُوْرُ۔ اے روشنی دینے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ظاہر اور باطن کی طہارت و صفائی نہایت پسند کرتا ہے۔ فسق و فجور فحش باتوں سے نہایت بیزار رہتا ہے۔

خاصیت:۔ جمعہ کی رات کو سات بار سورۂ نور اور تین ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا دل کو نورانی مثل آئینہ کے صاف کرتا ہے۔

خاصیت:۔ صبح کی نماز کے بعد اس مبارک اسم کا ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے جس مکان میں پڑھا جائے کوئی سانپ موذی، جن آسیب وہاں ٹھہر نہیں سکتا۔ عمل مجرب ہے۔

خاصیت:۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یَانُوْرُ اس طرح ملا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھنا کالی آندھی اور مینھ کے طوفان کے اندھیرے کو حکم الٰہی سے دور کرتا ہے۔ سورج گہن کے وقت اور چاند گہن کے وقت ۱۳۱ آیتِ کریمہ اور اس نام کا اسی طرح ملا کر بے تعداد کثرت سے پڑھنا نہایت مفید ہے۔

یَاهَادِیُ۔ اے نیک رستہ چلانے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا

پڑھنے والا خواہ عالم ہو یا عام آدمی ہمیشہ ہر ایک شخص کو نیک باتوں کی نصیحت کرے گا، بُری باتوں سے روکتا رہے گا۔ اور خود بھی نیک راستہ پر چلے گا۔ جو کوئی صبح کی نماز اور عشاء کی نماز کے بعد سات مرتبہ ہاتھ دعا کے طور پر اُٹھا کر یَاھَادِیُ کہے پھر وہ ہاتھ منھ پر پھیرے انشاء اللہ ہر ایک کام میں اس کی عقل راہِ راست پر اور اس کی رائے درست اور سیدھی رہے گی۔

خاصیت:۔ حاکم قاضی مفتی قوم کے سردار چودھری پنچ کو فیصلہ کرتے ہوئے اس نام کو سات بار پڑھنا پھر فیصلہ کرنا حق پر قائم رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ مسافر کو سفر میں جانے کے وقت گیارہ مرتبہ اس نام کا پڑھنا نہایت مفید ہے انشاء اللہ سارے کام درست رہیں گے۔

یَابَدِیْعُ ۔ اے بغیر نمونہ کے ہر ایک چیز کو پیدا کرنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا قدرتِ الٰہی کے عجائبات کو نہایت غور اور فکر سے، ہر ایک چیز کو عبرت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کو کوئی مہم درپیش ہو تو بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَابَدِیْعُ ستر ہزار مرتبہ باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ مع الخیر وہ مہم انجام پائے مصیبت دفع ہو۔

خاصیت:۔ اگر کسی معاملہ میں نیک و بد انجام معلوم کرنا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ کی طرف بیٹھ کر نہایت کثرت سے اس آیت اور اس نام کو اس طرح جس طرح ابھی لکھا گیا ہے پڑھے جب نیند آنے لگے پڑھتے پڑھتے سو جائے انشاء اللہ جو کچھ چاہے گا وہ خواب میں نظر آئے گا۔

خاصیت:۔ صرف یَابَدِیْعُ ایک ہزار مرتبہ روز پڑھنا ہر ایک قسم کے مرض کو اور ہر ایک طرح کے غم کو دور کرتا ہے۔

یَابَاقِیُ ۔ اے ہمیشہ رہنے والے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا آخرت اور ہمیشہ باقی رہنے والی چیزوں کو دوست رکھے گا اور دنیائے فانی پر

کبھی مائل نہ ہو گا۔

خاصیت :- اگر کوئی شخص جمعہ کی رات کو ایک ہزار مرتبہ یَا بَاقِیُ پڑھے سارے رنج وغم دور ہوں حق تعالیٰ اس کے عمل قبول فرمائے۔

خاصیت :- دشمن کو مطیع کرنے کے لیے اس نام کو ہفتہ کے دن زوال سے لے کر ظہر کی نماز تک سات ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت :- اگر کسی کھیت کے برباد ہونے کا خیال ہو چار عدد ٹھیکریوں پر اَللّٰہُمَّ یَا بَاقِیُ تین تین مرتبہ ہر ایک ٹھیکری پر لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں کونوں پر ایک ایک ٹھیکری دفن کر دے بفضلِ تعالیٰ وہ کھیت ہلاکت سے محفوظ رہے گا۔

یَا وَارِثُ - اے سب کے بعد زندہ رہ جانے والے- یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا کثرت سے پڑھنے والا دنیا سے نفرت اور دیدارِ الٰہی کی رغبت رکھتا ہے۔

خاصیت :- اگر کوئی شخص آفتاب نکلنے کے وقت اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ اور اس عمل کو روز کرتا رہے دُنیا میں کوئی بڑا غم اُسے نہ پہنچے گا۔

خاصیت :- جو شخص مغرب کے بعد عشاء سے پہلے اس اسم کو ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے گا دل کی حیرانی اور پریشانی یک لخت جاتی رہے گی اور دل میں فرحت اور سرور پیدا ہو گا۔

خاصیت :- ہر مہینہ کے شروع چاند میں ایک مجلس میں بیٹھ کر اکتالیس ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا خدا کے فضل سے عمر کو دراز کرتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کا عامل اپنے خاندان میں اپنے سارے ہم عمروں میں بڑی عمر والا ہو گا۔

یَا رَشِیْدُ - اے جہان کے راہ نما- یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نیک خصلت نیک اعمال پاک باطن ہو گا۔ کسی طرح کا کھوٹ اس کے اندر نہ ہو گا۔

خاصیت :- جس شخص کو اپنے کام کی تدبیر نہ معلوم ہوتی ہو اور وہ اپنے کام کی تدبیر میں

حیران ہو۔عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ خواب میں خدا کی سرکار سے اُس کام کی تدبیر معلوم ہو جائے گی۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص اس نام کو ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ پڑھے گا بے مشقت بلا تدبیر سارے کام اُس کے خیریت سے انجام ہوں گے۔

خاصیت :۔ اگر کوئی صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ ہمیشہ اس نام کو پڑھے گا۔اس کے رات دن کے اعمال حق تعالیٰ اپنے فضل سے قبول فرمائے گا اور مرتبہ اس شخص کو مقربین کا نصیب ہو گا۔

یَا صَبُوْرُ ۔ اے حلم اور برداشت رکھنے والے۔یہ اسم جلالی ہے۔تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا زیادہ پڑھنے والا نہایت حلم والا، برداشت کرنے والا سخت سے سخت مصیبت میں صبر کرنے والا ہو گا۔

خاصیت :۔ جس شخص کو کوئی رنج یا مصیبت پیش آئے وہ ایک سو تینتیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر جنابِ الٰہی میں دعا کرے انشاء اللہ تسکینِ خاطر اور شفا نصیب ہو گی۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص سے اُس کا آقا یا حاکم، بادشاہ خفا ہو گیا ہو یا کسی عورت سے اُس کا خاوند بدزبانی کرتا ہو تو آدھی رات کو یا دوپہر کے وقت اس مبارک نام کو ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر خدا سے دعا کرے انشاء اللہ بہت جلد ایک ہی ہفتہ کے اندر مدّعا حاصل ہو گا۔ سات دن تک یہ عمل برابر کیا جائے۔

خاصیت :۔ اگر کسی عورت کا بچہ مر گیا ہو اور ماں بچہ کے فراق میں سخت بے چین ہو تو ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پانی پلانا بے چین عورت کے دل کو صبر دے گا۔سات دن متواتر ایسا کرنا انشاء اللہ بچہ کے غم کو بھلا دے گا۔عجیب الاثر یہ نام ہے۔

چند نام جمع کر کے پڑھنا

خاصیت :۔ سخت سے سخت مرض کے لیے یا سنگین مقدمہ فتح ہونے کے لیے یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ

یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ کا پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔ حضرت علامہ حضرمی رضی اللہ عنہ نے ان اسمار کو پڑھ کر چار ہزار آدمیوں کے لشکر کو بڑے زخّار دریا سے بلا کشتی بلا جہاز بغیر پُل کے پار اُتارا۔ اس دعا کی وجہ سے خشک ریگستان میں خدا نے حضرت علار رضی اللہ عنہ کے لیے مینھ برسایا اگر کوئی شخص ان اسمار کو ایک لاکھ اکیاون ہزار مرتبہ بطور ختم پڑھے گا اُسی ہفتہ میں کامیاب بامراد ہوگا۔ اور معمولی ضرورتوں کے لیے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دُعا کرنا بھی کافی ہوگا۔

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ ہر ایک مصیبت کے لیے اس مبارک نام کا ہر وقت وِرد رکھنا تمام آفتوں کا مجرّب علاج ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ کو ایک وقت ایک جلّاد رہزن نے پکڑا اور آپ کے قتل کا ارادہ کیا۔ جناب نے اس مصیبت کے وقت میں تین مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ زبان سے نکالا تھا کہ حق تعالیٰ نے آسمان سے فرشتہ بھیجا جس نے بہت جلد پہنچ کر جلاّد کو قتل کیا اور آپ کو رہائی دی۔ سجدے میں تنو مرتبہ اس نام کا عشا کے بعد پڑھنا لاعلاج مریضوں کی دوا ہے سخت سے سخت مصیبت سے نجات ملنے کا کامل ذریعہ ہے کسی مسلمان کو اس دولت سے محروم نہ رہنا چاہیے۔

حصّہ اوّل تمام شُد

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دوسرا حصہ اسرارِ رحمانی کا

آیاتِ قرآنی اور کلامِ ربّانی کے متعلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اس آیتِ کریمہ کے فائدے لکھنے کے لیے بشر کی طاقت کافی نہیں ہو سکتی۔ شاید سمندر کی سیاہی اور جہان کے درختوں کی شاخوں کے قلم بھی کافی نہ ہوں۔ اس عظیم الشان دریا سے کچھ قطرے لے کر آپ کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

خاصیت:۔ سنگین سے سنگین مقدمہ کے لیے خاص پیشی کے دن سوا لاکھ مرتبہ اس آیت کا ختم کرانا اکسیرِ اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ گیارہ آدمی وضو کریں سب کے سب رو بقبلہ بیٹھیں ایک نہایت سفید کپڑے پر شمار دانے رکھے جائیں۔ شمار دانے خواہ بادام ہوں یا املی کے بیج یا جو کچھ ہو۔ الغرض پاک چیز ہو۔ لوبان کی دھونی سے مکان معطر کیا جائے، پہلے ہر ایک شخص گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے:۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِّفْتَاحِ الرَّحْمَةِ وَالنُّصْرَةِ وَالْجَنَّةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اس کے بعد ہر ایک دانہ پر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سوا لاکھ کی گنتی پوری کریں جب ختم پورا ہو پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یہی درود پڑھا جائے اور گیارہ گیارہ دفعہ آیت نصر من اللہ پڑھ کر پندرہ منٹ مقدمہ کی فتح کے لیے دعا نہایت عاجزی و انکساری سے مانگی جائے۔ کم سے کم مقدمہ کے دوران میں تین ختم کیے جائیں۔ اللہ کی ذاتِ عالی سے پوری امید ہے کہ بالضرور مقدمہ حسبِ مرضی ہو گا۔ میرا بہت بڑا بھروسہ اللہ کی ذات پر ہے۔ انشاء اللہ

یہ عمل کبھی خالی نہ جائے گا۔

خاصیت:۔ ایک کورے مٹی کے برتن پر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط لکھ کر پانی یا عرق سے بسم اللہ کے نقش کو دھو کر نہار منہ مریض کو پلانا اکیس دن میں بالکل ہر ایک طرح کے مرض کو خدا کے فضل سے دور کرتا ہے۔

اَلحَمدُ شریف۔ خاصیت:۔ سخت سے سخت مرض ناسور گٹھیا و جع مفاصل مرگی دردِ سر وغیرہ وغیرہ کے لیے فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ رحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پڑھنا پھر کسی شے پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ مریض کو پلانا نہایت مفید اور مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ کسی مصیبت یا آفت یا بیماری وغیرہ کے دفع کے لیے گیارہ ہزار مرتبہ صرف آیتِ کریمہ اِیَّاكَ نَعبُدُ وَاِیَّاكَ نَستَعِینُ ۝ سات دن تک برابر پڑھنا اس فقیر کاتب الحروف کا بارہا کا مجرّب ہے، ایسے ایسے بڑے بڑے فوجداری کے مقدمے اس آیتِ کریمہ کی برکت سے خاص اس فقیر اور فقیر کے دوست احباب کے خدا نے فتح کیے جن کی نظیر شاید ہندوستان میں موجود نہ ہو گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی کام میں باہم رائیں مختلف ہوں اور کسی ایک رائے کو ترجیح نہ ہوتی ہو ضرورت مند شخص رات کو دو ہزار دفعہ صرف آیت اِهدِنَا الصِّرَاطَ المُستَقِیمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِینَ اَنعَمتَ عَلَیهِم ۝ غَیرِ المَغضُوبِ عَلَیهِم وَلَا الضَّآلِّینَ ۝ پڑھ کر سو رہے انشاءاللہ تعالیٰ صبح کو بہتر رائے اور سیدھی اور سچی رائے خیال میں آئے گی اور سیدھا رستہ نظر آ جائے گا۔ اور کوئی اختلافِ رائے باقی نہ رہے گا۔

اطلاع۔ الحمد شریف بڑا زبردست خزانہ ہے لاکھوں مرضوں کا علاج اس میں موجود ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ کسی گاؤں کے چودھری کو بڑے زہریلے سانپ نے کاٹ لیا۔ گاؤں والے ایک جماعت صحابہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارے

سردار کو سانپ نے کاٹا ہے آپ چل کر دَم کریں یہ سُن کر ایک صحابیؓ مریض کے پاس گئے اور تین مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر مریض پر دَم کر دیا فوراً سانپ کا زہر جاتا رہا مریض تندرست ہوا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ کسی گاؤں میں ایک دیوانہ تھا جو لوگوں کو پتھّر مارتا تھا۔ گھر والوں نے اُسے زنجیروں سے باندر کھا تھا۔ اتفاق سے ایک دن ایک صحابیوںؓ کی جماعت کا وہاں سے گذر ہوا۔ اُس مریض دیوانے کے گھر والے اُن کے پاس آئے اور اپنے دیوانہ کا علاج کرانا چاہا۔ ایک صحابیؓ دیوانہ کے پاس گئے اور تین دفعہ الحمد شریف پڑھ کر دیوانے مریض پر دم کیا۔ فوراً وہ دیوانہ اچھا ہوگیا۔ لوگو! آج بھی اس کلام میں وہی تاثیر موجود ہے مگر مسلمانوں کی زبان میں وہ تاثیر باقی نہیں رہی ہے۔ صحابیوںؓ کا سینہ دل و دماغ و زبان ہر ایک چیز حضور سراسر نور علیہ صلوات اللہ کی زیارت سے منوّر اور مزکّی اور مطہّر ہو چکا تھا۔ صحابہؓ کو کسی چلہ کشی کی ضرورت نہ تھی۔ ہمیں وہ لازوال دولت میسّر نہیں ہے اس لیے ہمیں ہر ایک عمل کے لیے زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

الحمد شریف کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ روزے متواتر رکھے۔ سحری اور افطار میں کھانا جَو کی روٹی جو کھانا سردار مرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا کھائے۔ روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آبِ زمزم سے افطار کرے اس گیارہ روز کے عرصہ میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے گیارہ روز میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ پورا ہو جائے گا۔ گیارہویں دن جب ختم پورا ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنون پر دَم کرے۔ اگر مریض وہاں موجود نہ ہو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ بحمد اللہ فوراً مریض تندرست ہوگا۔ مرگی اور جنون اور سارے لاعلاج امراض کے لیے یہ عمل نہایت مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ دولت کی ترقی کے لیے ایک سو اکیس مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھنا عشاء کی نماز کے بعد نہایت مفید ہے۔ مگر جس وقت صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

پر پہنچے تب اتنا جملہ تین دفعہ کہے۔ مِثْلَ دَاوٗدَ وَسُلَیْمَانَ وَیُوْسُفَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ۔ پھر غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ پڑھ کر الحمد شریف ختم کرے۔ اسی طرح ہر ایک دفعہ میں کہے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن میں مال میں برکت تجارت میں ترقی ہوگی۔ اور اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو تو وہ شخص بھی اسی طرح عمل کرے مگر وہ بعد آیت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کے مِثْلَ اِبْرَاهِیْمَ وَیَعْقُوْبَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ کا جملہ تین دفعہ کہے۔ اور جس شخص کے اولاد ہو مگر بیٹا نہ ہو وہ بعد اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کے مِثْلَ زَکَرِیَّا عَلَیْهِ السَّلَامُ کا جملہ کہے انشاء اللہ ہر ایک شخص اپنی مراد کو پہنچے گا۔ یہ عمل نہایت پُرزور باا‌ثر ہے۔ پڑھنے والا نہایت بھروسہ مضبوط باندھ کر خلوصِ نیت سے پڑھے بلاشک کامیاب ہوگا۔

سُورۂ بقرہ

جو کوئی جہاز میں سوار ہو اور جہاز خطرہ میں آیا ہو یا کسی شخص کو رات کو رستہ بھولنے یا لٹ جانے کا اندیشہ ہو وہ شخص اس آیتِ کریمہ کو اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رستہ نہ بھولے گا۔ اور صحیح سلامت منزلِ مقصود تک پہنچے گا۔ اگر کسی بچہ یا اسباب یا مکان وغیرہ پر حاسد کی نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو تو سات مرتبہ لکھ کر گلے میں باندھنا یا مکان میں چسپاں کرنا یا سامان کے اندر باندھنا یا پڑھ کر دم کرنا اس آیت کریمہ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ ط وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝ کا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ درحقیقت یہ آیت ایک قلعہ ہے نظرِ بد سے بچنے کے لیے۔

خاصیت: ۔ حاسد، دشمن، بدگو چغل خور کی زبان بند کرنے کے لیے سات دن تک ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیتِ شریفہ کا رات کو اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھنا نہایت مفید ہے۔ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ مگر ہر مرتبہ آیت کے ختم کے بعد اس دشمن کا

جس کی زبان بند کرنی مقصود ہو نام لیا جائے۔ یہ آیت جلالی ہے اس عمل کے درمیان جھوٹ بولنا حرام کا لقمہ کھانا حرام فعل کرنا نہایت مضر ہے۔ پس احتیاط لازم ہے۔ بررسولاں بلاغ باشد و بس۔

خاصیت:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا۔ جو پھنسی یا ناسور یا اورنگ زیبی اچھی نہ ہوتی ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں اس آیت شریفہ کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھ کر اُس دوا یا مرہم پر دَم کیا جائے جو زخم پر لگائی جائے۔ انشاء اللہ دس روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے مال یا زمین یا اسباب پر یا آبرو کا ناحق کوئی شخص دعویدار بلا وجہ بن گیا ہو اور مظلوم اس ظالم کا خیال پھرانا چاہے تب سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بہت دیر تک دشمن کے دفع ہونے کی دُعا کرے انشاء اللہ بالضرور کامیاب ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی حاجی یا مسافر اپنا سامانِ سفر آگے روانہ کرے اور اپنے سامان کے اندر تین مرتبہ یہ آیتِ شریفہ لکھ کر رکھ دے تو کبھی وہ اسباب سامان گُم نہ ہوگا۔ بجنسہ محفوظ ملے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

خاصیت:۔ اگر کوئی مسلمان اس آیتِ کریمہ کو کاغذ پر لکھ کر مکان میں چھپاں کرے کوئی موذی یا شیطان یا روحِ خبیث اس مکان میں داخل نہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۝ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

خاصیت:۔ ہر ایک قسم کے وبائی مرض بخار، ہیضہ، طاعون وغیرہ کے لیے

https://www.facebook.com/groups/freeurdubooks

اس آیتِ کریمہ کا باہر کے دروازہ اور مکان کی اندرونی دیوار پر لکھ کر لگانا بالخاصیت اس مکان کو وبا کے اثر سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔ آیت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ج فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص کسی کام کا جلد ہونا چاہتا ہو اور بظاہر اُس کام کے جلدی ہونے کا کوئی سبب نہ ہو۔ تین جمعراتوں کو دن کو روزے رکھے رات کو عشاء کی نماز کے بعد نو ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ جو درود شریف۔ یاد ہو پڑھے انشاء اللہ اوّل ختم یا دوسرے ختم کے بعد کام سر انجام ہو جائے گا۔ انتہا تیسرے ختم کے بعد مقصود پورا ہو گا۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص کہیں باہر سفر میں جائے اور مکان کے باہر کے دروازہ کی پیشانی پر یہ آیت لکھی جائے انشاء اللہ وہ گھر والے تندرست وسلامت نہایت آرام سے رہیں گے۔ اور یہ مسافر سب سے مع الخیر آکر ملے گا۔ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ط

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کی بُرائی لوگ اس کے حاکم یا آقا کے سامنے کرتے ہیں یا عورت کی بُرائی اُس کی ساس یا نندیں اُس کے خاوند کے سامنے بیان کرتی ہوں تو وہ نوکر یا عورت اس آیت کو ایک سو دفعہ پڑھ کر ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرے اور دعا میں صرف یہ جملے منہ سے نکالے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔ سات دن تک برابر اس عمل کو کرنے سے تمام شکایتیں دور ہوں گی۔ آیت یہ ہے۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کا لڑکا یا لڑکی نوکر، غلام، بیوی، خاوند یا کوئی اپنا عزیز وقریب

کہیں نکل جائے اور اس کا نشان معلوم نہ ہو تو اس آیتِ کریمہ کا ختم پڑھنے سے وہ گم گشتہ شخص انشاء اللہ واپس آئے گا۔ یا اُس کا نشان معلوم ہو جائے گا۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔
وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ط أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا ط إِنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھا جائے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ فَاتِحِ الْاَسْرَارِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر سات ہزار ایک سو اکیس مرتبہ آیتِ مذکورہ تلاوت کریں اور ختم کے بعد فوراً سوا سیر شیرینی نا بالغ بچّوں کو تقسیم کی جائے۔ اور ختم پڑھنے والے دو دو رکعت نفل پڑھ کر غائب شخص کے آجانے کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تین روز میں مقصود حاصل ہوگا۔

تنبیہ:۔ اگر ایک شخص ختم پڑھے تو بہتر ہے ورنہ تین آدمی پڑھیں اس سے زیادہ نہ ہوں۔

خاصیت:۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝
یہ آیتِ کریمہ اسم اعظم ہے ایک لاکھ اکیس ہزار مرتبہ اس کا پڑھنا ہر ایک قسم کی مہم کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس آیت کا شروع جلالی اور آخر جمالی ہے۔ آیتِ شریفہ کے پڑھنے کی صورت یہ ہے کہ گیارہ دن کا اعتکاف کیا جائے پڑھنے والا گیارہ روزے رکھے اکل حلال کا خیال رہے۔ روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ آیتِ کریمہ مذکورہ پڑھی جائے۔ ہر روز ختم پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر مراد حاصل ہونے کی دعا کی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر پہاڑ کے برابر سخت مصیبت ہوگی مع الخیر دفع ہوگی۔ جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی، اگر ختم اس پابندی سے نہ ہو سکے تو گیارہ ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھنا بھی بہت مؤثر اور مفید ثابت ہوا ہے۔

خاصیت:۔ باری کے بخار کے لیے دو عدد پان پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

لکھ کر وہ پان باری والے کو آرام کے دن ایک صبح ایک شام کھلا دیں۔ پھر جس دن بخار کی باری ہو۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط يَاحَفِيۡظُ يَاسَلَامُ يُرِيۡدُ اللّٰهُ بِكُمُ الۡيُسۡرَ وَلَا يُرِيۡدُ بِكُمُ الۡعُسۡرَ ایک پان پر لکھ کر کھلانا خدا کے فضل سے باری کے بخار کو دفع کرتا ہے۔ سوائے بخار کے ہر ایک قسم کے وہ مرض جو دورہ کے ساتھ آتے ہیں انھیں بھی یہ عمل نہایت مفید اور مجرّب ہے۔

خاصیت :- وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىۡ عَنِّىۡ فَاِنِّىۡ قَرِيۡبٌ ط اُجِيۡبُ دَعۡوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلۡيَسۡتَجِيۡبُوۡا لِىۡ وَلۡيُؤۡمِنُوۡا بِىۡ لَعَلَّهُمۡ يَرۡشُدُوۡنَ ○ اس آیت کا عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھنا پھر دعا کرنا ضرور دعا کو درجۂ قبولیت تک پہنچاتا ہے۔ تین روزے رکھ کر احرام باندھ کر حلال کے پیسے سے جَو کی روٹی کھا کر اس آیت کو پچیس ہزار مرتبہ پڑھنا اسم اعظم کی تاثیر رکھتا ہے۔

خاصیت :- جس عورت کے دودھ کم ہو اُس کے لیے ایک روز نئی مٹی کی تشتری پر بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط وَالۡوَالِدَاتُ يُرۡضِعۡنَ اَوۡلَادَهُنَّ حَوۡلَيۡنِ كَامِلَيۡنِ لِمَنۡ اَرَادَ اَنۡ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ط وَمَا مِنۡ دَآبَّةٍ فِى الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزۡقُهَا۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُتَوَكِّلُوۡنَ ○ سات روز تک لکھ کر پلانا نہایت مجرّب ہے۔

خاصیت :- آیۃ الکرسی کے فائدے اور خواص بے حساب ہیں مگر مختصر سے یہ ہیں رات کو سوتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کر سونا رات بھر شیطان وجنّات کے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔ جس مکان میں رات کو آیۃ الکرسی پڑھی جائے وہاں انشاء اللہ کبھی چور نہ آئے گا اور اگر آیا۔ تو اندھا ہو کر جائے گا۔ جس بچّہ پر ایک دفعہ آیۃ الکرسی دَم کر دی جائے اس بچّہ کو سارے دن نظر نہ لگے گی۔ جس کھیت یا باغ میں روزانہ آیۃ الکرسی پڑھی جائے وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اس آیت میں اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ح کی آیت اسمِ اعظم ہے۔ جو شخص آیۃ الکرسی ایک مرتبہ صبح

ایک مرتبہ شام کو پڑھے گا کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا۔ اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو سات عدد مدینہ منورہ کی کھجوروں پر سات دن تک سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ایک کھجور روزانہ کھلانا زبردست سے زبردست سحر کو زائل اور باطل کرتا ہے۔ اگر کسی شخص پر فراموشی سحر کا اثر ہوا اور وہ شخص اس اثر کو زائل کرنا چاہے صبح کے وقت سورج نکلنے سے پہلے غسل کرے پھر احرام باندھ کر قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر ایک ہزار مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھے۔ اکیس روز تک اسی طرح عمل کرے بائیسویں روز بفضلہ تعالیٰ وہ اثر باطل ہو جائے گا۔ آیۃ الکرسی کا ختم ہر مصیبت اور غم کے دفع کرنے مقدمہ کے فتح ہونے ہر ایک جائز مراد پوری ہونے کے لیے بدرجہ غایت مجرب اور مفید ہے۔ اکیس دن یا سات دن یا تین دن میں ایک شخص باوضو قبلہ رو اکیس ہزار دفعہ اس آیتِ شریف کو پڑھے جس مراد کے لیے پڑھے گا خدا کے حکم سے پوری ہوگی، شریعت کے دائرہ میں رہ کر جو چاہو کام لو انشاء اللہ یہ آیتِ شریف حصول مراد کی کنجی ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو اندیشہ ہو کہ میرا کھانا وغیرہ رات کو سڑ جائے گا وہ تین مرتبہ آیت فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ پڑھ کر دم کرے پھر احتیاط سے رکھ دے صبح کو اس کھانے کے اٹھاتے وقت ایک دفعہ اس آیت کو پڑھ کر اٹھائے انشاء اللہ تعالیٰ کھانا سڑنے سے محفوظ رہے گا۔

خاصیت:۔ حضرت ابن عمرؓ سے تفسیر دُر منثور میں منقول ہے کہ میت کو دفن کرتے ہی سرہانے سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع اور پیروں کی طرف اٰمَنَ الرَّسُوْلُ آخر تک انگلی رکھ کر پڑھنا میت کی مغفرت کا ذریعہ ہوتا ہے۔ جو شخص رات کو ایک دفعہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ آخر تک پڑھ کر سوئے گا ہر ایک موذی شے جن چور سانپ بچھو سے محفوظ رہے گا۔ ترمذی شریف میں نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب صادق المصدوق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خداوند تعالیٰ نے آسمان وزمین کی پیدائش

سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب قلم قدرت سے تحریر فرمائی تھی اس مبارک کتاب میں سے دو آیتیں سورۂ بقرہ کی آخر میں نازل کی ہیں، جس گھر میں تین دن تک یہ آیتیں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک برابر پڑھی جائیں گی۔ اُس گھر میں کبھی شیطان نہ آئے گا

سورۂ آل عمران

خاصیت ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج یہ آیت اسم اعظم ہے پیٹ کے درد کے لیے کسی شربت یا پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلانا درد کو زائل کرتا ہے اور کورے برتن میں لکھ کر گھول کر پلانا درد سر کو بے حد مفید ہے۔ لڑکی کے لیے چاندی اور لڑکے کے لیے تانبے کے پتر پر کندہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالنا ہر ایک قسم کے آسیب۔ جن بھوت کے خلل نظر بد کے اثر اور اُمّ الصبیان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ جس عورت کے حمل نہ رہتا ہو تو سات دن تک نہار منہ روٹی کے ٹکڑے پر یہ آیت لکھ کر کھائے انشاء اللہ حمل ٹھیر جائے گا۔ آیت یہ ہے هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ہ چاند کی پہلی تاریخ سے یہ عمل شروع کیا جائے یا عورت کے مہینے کے ایام سے پاک ہونے غسل کرنے کے بعد سے شروع کیا جائے۔ ضرور انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ تجربہ سے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی کا اکلوتا بیٹا مر گیا ہو وہ شخص اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ روز پڑھے انشاء اللہ دل کو صبر بھی آئے گا اور اس فرزند کا بدل دوسرا فرزند جلد ملے گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص اپنے روزگار سے موقوف ہوا یا مالدار تھا مفلس ہوا یا صاحبِ عزت تھا اب ذلیل ہوا یا صاحبِ اولاد تھا اب اولاد مر گئی یا عورت بیوہ ہوگئی

آئندہ کوئی پیغام نہیں دیتا یا عدالت ماتحت میں مقدمہ ہارا عدالت بالادست میں اپیل دائر کیا ہو تو ایک سو ایک مرتبہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھنے کے بعد اس آیت کو پڑھے قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اکیس دن کے عمل میں غیب سے مراد پوری ہوگی۔ اگر کسی بادشاہ یا امیر یا دولت مند یا عالم فاضل صاحبِ کمال کے دشمن حاسد زیادہ پیدا ہوئے ہوں وہ شخص صبح و شام سات سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھا کرے انشاءاللہ کبھی کسی حاسد کی طرف سے کوئی اذیت نہ پہنچے گی خواہ کوئی کتنی ہی کوشش کرے مگر ناکام رہے گا۔ آیت یہ ہے۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ج يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

خاصیت :- جس عورت کا حمل گر جاتا ہو، جس وقت سے حمل کی امید معلوم ہو بچہ ہونے تک روز روٹی کے ٹکڑے یا طشتری پر یہ آیت مع بسم اللہ کے لکھ کر پلانا اسقاط سے محفوظ رکھے گا۔ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ج بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ط **فائدہ**۔ سورۂ بقرہ کا تین مرتبہ روز پڑھنا پھر کسی مریض پر دم کرنا نہایت جلد مریض کو خدا کے فضل سے شفا دیتا ہے۔ تین روز کے بعد چار دن تک برابر سورۂ آل عمران کا پڑھنا پھر مریض پر دم کرنا مہلک مرض سے بفضلہ تعالیٰ شفا بخشتا ہے۔ وبائے طاعون یا ہیضہ غرض ہر ایک قسم کی معمولی غیر معمولی وبا اور شدت مرض کے لیے ان دونوں سورتوں کا ملا کر گھر گھر جگہ جگہ پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ **فائدہ**۔ صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ بقرہ ایک مرتبہ آل عمران پڑھ کر پانی پر دم کر کے سارے گھر والوں عزیز قریبوں کو پلانا انشاءاللہ بالضرور طاعون وغیرہ وبا سے محفوظ رکھتا ہے۔ عمل مجرب ہے۔

https://www.facebook.com/groups/freeonlinebooks FREE AMLIYAAT BOOKS

ضرور کیا جائے۔ فائدہ۔ سات مرتبہ الحمد شریف تین مرتبہ سورۂ بقرہ اور تین مرتبہ آلِ عمران پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے پھر اُس پانی میں لکھنے کی سیاہی گھول کر جا ہے جتنے تعویذ اس طرح سے تیار کیے جائیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا کَذٰلِکَ یُحْیِ اللّٰہُ الْمَوْتٰی ط وَیُرِیْکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ہ الٓمّٓ ۚ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہ آج کے پیدا ہوئے بچّہ کے گلے میں ڈالا جائے بارہ برس تک برابر پڑا رہے۔ انشاء اللہ بچّہ کی عمر دراز ہوگی اور ساری عمر مسان کے خلل سے بچا رہیگا۔

سُورۂ نساء

خاصیت:۔ سخت سے سخت مرض جن کے معالجہ سے طبیب عاجز ہوئے ہوں اُن کے لیے اس آیت کا ایک ہزار مرتبہ رات کو عشاء کے بعد چراغ گُل کر کے سر برہنہ تین سو دفعہ کھڑے ہوکر اور تین سو دفعہ دوزانو سرنگوں بیٹھ کر اور سَو دفعہ شمال کی طرف منہ کر کے اور سَو دفعہ جنوب کی طرف منہ پھیر کر اور سَو دفعہ آسمان کی طرف منہ اُٹھا کر اور سَو دفعہ سجدہ میں جاکر پڑھنا اکسیر اعظم ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ہ

اطلاع:۔ مریض خود پڑھے یا کوئی اس کا رشتہ دار پڑھے سات دن تک برابر پڑھنا جمعہ سے شروع کرنا۔ ہر روز ختم کے بعد مریض کے لیے شفا کی دُعا کرنا مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کی عورت شوخ یا بدنگاہ ہو، گیارہ دن تک ہر روز اس آیت کا پڑھنا پھر پانی یا عرق وغیرہ دوا یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنی عورت کو کھلانا بالضرور اس کے اخلاق کو درست کرتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰہُ۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے دشمن بہت ہوں یا وہ شخص دشمنوں کے گھیرے میں پھنس گیا ہو اور اُسے رات دن دشمنوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

وہ شخص اس آیت کو ایک سو اکیس مرتبہ رات کو، اسی قدر صبح کو سورج نکلنے سے پہلے پڑھے انشاءاللہ کبھی کوئی دشمن کسی طرح اذیت نہ دے سکے گا۔ آیت یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاَعۡدَآئِكُمۡ‌ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيۡرًا ۝ اور اگر معاملہ نہایت سنگین ہو تب سوا لاکھ مرتبہ آیت مذکورہ کا ختم کرانا انشاءاللہ ایک ہی دن میں دشمنوں کی قسمت کا فیصلہ کرتا ہے عمل مجرب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کند ذہن بچہ کو سات مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے یا طالب علم خود تین سو مرتبہ رات کو عشاء کے بعد روز پڑھے۔ انشاءاللہ عالم کامل فاضل بے بدل ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَعَلَّمَكَ مَا لَمۡ تَكُنۡ تَعۡلَمُ‌ؕ وَكَانَ فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكَ عَظِيۡمًا ۝ اگر روز یہ عمل نہ ہو سکے تو اوّل چاند سے سات تاریخ تک ضرور رہونا لازم ہے۔

خاصیت:۔ بدگو طعنے تشنے دینے والے گالیاں بکنے والے شخص کی زبان بند کرنے کے لیے اس آیت کا روز سو مرتبہ پڑھنا پھر دعا کرنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الۡجَهۡرَ بِالسُّوۡٓءِ مِنَ الۡقَوۡلِ اِلَّا مَنۡ ظُلِمَ‌ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيۡعًا عَلِيۡمًا ۝

خاصیت:۔ وَاَلۡقَيۡنَا بَيۡنَهُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ‌ؕ عداوت کے لیے یہ عمل مشہور ہے اس لیے ہم نے اسے نہیں لکھا۔

خاصیت:۔ حق گو واعظ یا حاکم یا قاضی یا مفتی کے لیے یہ آیت وَاللّٰهُ يَعۡصِمُكَ مِنَ النَّاسِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝ نگینہ میں کندہ کرا کر انگوٹھی پہننا ہر ایک قسم کی اذیت سے خلقت کی بدگوئی عزت آبرو کی حفاظت کے لیے مجرب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی عورت کے خاوند نے کسی عورت سے ناجائز تعلق کر رکھا ہو۔ ایک ہزار ایک دفعہ اس آیت کا گیارہ روز تک پڑھنا پھر ہر روز پانی یا کھانے کی چیز پر دم کر کے خاوند کو کھلانا بہت مفید ہے۔ انشاءاللہ اس ناجائز عورت سے خود بخود نفرت ہو کر جدائی ہو گی۔ آیت یہ ہے۔ قُلۡ لَّا يَسۡتَوِى الۡخَبِيۡثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوۡ اَعۡجَبَكَ

كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

خاصیت:۔ رزق کی فراخی تجارت کی ترقی بے محنت حلال روزی ملنے کے لیے اس آیت کا گیارہ سو مرتبہ ہر روز پڑھنا دست غیب کا حکم رکھتا ہے بشرطیکہ عامل پاک صاف ہو۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

فائدہ۔ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا پھر سوا لاکھ مرتبہ اس آیت کا پڑھنا ہمیشہ ہمیشہ عمر بھر کی روزی کی تنگی سے محفوظ رہنا بزرگوں کا مجرّب عمل ہے۔

سُورۂ انعام

خاصیت:۔ جس بیمار کو مرض کا دورہ ہوتا ہو اُس کی صحت کے لیے اس آیتِ شریفہ کا کورے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلانا اور لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنا نہایت مجرّب ہے۔ آیت یہ ہے۔ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ قُلْ لِّلّٰهِ ۚ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ یہ آیت شریفہ دن میں تین مرتبہ پلائی جائے ان شاء اللہ دورہ بند ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی شہر میں طاعون یا ہیضہ یا وبائی بخار یا کسی اور عالمگیر وبا کی شہرت ہو۔ اس آیت کا مکان کے دروازہ پر اور مکان کے اندر کی دیوار پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے ان شاء اللہ اُس مکان میں وبا ہرگز داخل نہ ہوگی۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۚ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص پر کوئی ظالم زبردستی کرتا ہو یا ستاتا ہو اور مظلوم شخص اس ظالم کو مغلوب کرنا چاہتا ہو تو اکیس سو مرتبہ روشنی موقوف کر کے ننگے سر کھڑے ہو کر داہنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر اس آیت کو سات دن تک برابر پڑھنا بالیقین دشمن کو زیر

مغلوب کرتا ہے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ۝

خاصیت:۔ سخت مصیبت کے دفع کرنے کے لیے سات ہزار مرتبہ اس آیت کا گیارہ دن تک پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔ آیت یہ ہے۔ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ۝

خاصیت:۔ ظالم نابکار کے دفع کرنے کے لیے اس آیت کا اکتیس ہزار بار باوضو ہو کر پڑھنا تیر بہدف کا مضمون ہے۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ انشاءاللہ پہلے ہی دن میں مقصود حاصل ہوگا۔ ورنہ دوسرے دن پڑھے انتہا تین روز تک پڑھنا کافی ہے۔

اطلاع۔ بلا وجہ معقول اور ضرورت شرعی کے اس آیت کا ختم کرنا نا جائز ہے کہیں خود مبتلائے بلا نہ ہو جائے پھر علاج مشکل ہوگا۔ آیت بڑی جلالی اور غضبانی ہے۔

خاصیت:۔ اگر چوری ہوا اور پکڑا کوئی گیا ہو جرم کسی نے کیا ہو دوسرے کسی کے لگ گیا ہو پس جس شخص کے ذمہ ناحق کا الزام لگایا گیا ہو وہ ہر وقت اس آیت شریفہ کو پڑھے انشاءاللہ الزام سے بری ہوگا اور اصل ملزم برآمد ہوگا۔ آیت یہ ہے وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

فائدہ۔ دشمن کے دفع کرنے کی نیت سے سورۂ انعام کا تین مرتبہ پڑھنا نہایت اکسیر ہے۔

سورۂ اعراف

خاصیت:۔ غم اور حزن اور قلب کی گھٹن اور انقباض قلب کے لیے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ اس آیت کا صبح کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مفید اور ہمارا مجرّب ہے۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ الٓمٓصٓ ۚ كِتَابٌ أُنْزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص مسافرت میں ہو اور کوئی سامان کھانے پینے رہنے کا اس کے

پاس نہ ہو۔ رات کے وقت کھڑے ہو کر تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کا پڑھنا ازبس مفید اور مجرب ہے، انشاء اللہ ایک ہی شب میں ایک ہی مرتبہ کے پڑھنے میں سارے سامان غیب سے مہیا ہوں گے۔ لیکن جب تک وہاں رہے ہر روز ختم پڑھتا رہے۔ آیتِ شریف یہ ہے وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝

خاصیت:۔ دین کا مخالف مغرور متکبر اذیت دینے والے شخص کا تکبر توڑنا منظور ہو عصر کی نماز کے بعد سے مغرب تک تین سو ستر مرتبہ تین روز تک اس آیتِ شریفہ کا پڑھنا کافی ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَنْ تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِينَ ۝ آیتِ شریفہ کی تلاوت کے وقت دل میں نیت کرے کہ وہ متکبر راندۂ درگاہِ الٰہی ہوا اور مردود ہو کر مارا گیا۔

آگاہی۔ بلا وجہ کسی مسلمان کے لیے پڑھنا جائز نہیں۔

خاصیت:۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا پڑھ کر سانس لیوے پھر وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِينَ ۝ پڑھے جو بیس گھنٹہ میں تین مرتبہ اس آیتِ شریفہ کے پڑھنے سے انسان کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آخر تک تمام انبیاء علیہم السلام کے منہ سے یہ استغفار پڑھنا ثابت ہوا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی مریض کا دل کھانے پینے سے ہٹ گیا ہو اس کو اکتالیس مرتبہ اس آیتِ شریفہ کا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مفید ہے انشاء اللہ جلد مریض دانہ پانی خود مانگے گا۔ آیت یہ ہے۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّٰهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ اٰمَنُوا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص حج کرنے جائے اور گیارہ مرتبہ اس آیت کو مشک سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ بالیقین اپنے وطن میں صحیح سلامت

واپس آئے گا۔ آیت یہ ہے۔ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کا اس کی قوم برادری یا اہلِ وطن سے کسی دینی معاملہ میں نزع ہو اور قوم اُس کی اس سے مخالفت کرتی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ اس آیت کو اکیس دن تک پڑھنا یک لخت قوم کی بیجا مخالفت کو خدا کے حکم سے دور کرتا ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ ۝ زیادہ ضرورت کے موقع پر تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا مناسب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی مسلمان نزع کی حالت میں مبتلا ہو، اگر ہو سکے تو خود مریض ورنہ اس کے گھر والے اس آیت کو بکثرت تلاوت کریں انشاءاللہ بہت جلد مشکل آسان ہو گی اور خاتمہ بالخیر ہو گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص جناب سید المرسلین ختم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے وہ جمعرات کے دن سے دوسرے جمعہ تک نو دن برابر اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے انشاءاللہ زیارت سے مشرف ہو گا۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

سُورۃ انفال

ہول کے مرض اضطرابِ قلب، خفقان کے لیے مینھ کے پانی سے اِن آیت کا سات مرتبہ سات روز تک لکھ کر پلانا یا مینھ کے پانی میں زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔ اِذْ یُغَشِّیْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَیُنَزِّلُ عَلَیْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَیُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّیْطٰنِ وَلِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۝

سُورۃ توبہ اگر کسی شخص کو کسی دشمن کے اٹھنے اور جنگ کرنے یا مقدمہ دائر کرنے کا خوف ہو اور وہ چاہے کہ وہ دشمن نہ اُٹھے وہ شخص اس آیت کو لگاتار سترہ مرتبہ تیرہ دن تک مع اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کے پڑھے آیت یہ ہے وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَہٗ عُدَّۃً وَّلٰکِنْ کَرِہَ اللّٰہُ انْۢبِعَاثَھُمْ فَثَبَّطَھُمْ وَقِیْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِیْنَ ٥ انشاء اللہ دشمن میں کبھی مخالفت کی طاقت نہ رہے گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو کسی دشمن کی جانب سے کسی طرح کی مصیبت پہنچنے کی خبر پہنچے فوراً تین مرتبہ اس آیت کو پڑھے لَنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا ج ھُوَ مَوْلٰنَا ج وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ٥ انشاء اللہ کبھی کوئی برائی یا اذیت نہ پہنچے گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی جگہ کوئی شخص تنہا رہ گیا ہو اور وہاں کوئی شخص اس کا حمایتی اور طرفدار جانبدار نہ ہو تو ایک سو اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ اجنبی لوگ طرفدار اور دوست بن جائیں گے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ط وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ٥ تجربہ سے مفید ثابت ہوئی ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کے سر میں درد ہو اس کا ماتھا پکڑ کر ان آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا نہایت مفید ہے۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ٥ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ٥ پیٹ کے درد والے کے لیے گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا مجرّب ہے۔ اگر فاسق فاجر، شرابی، افیونی جواری وغیرہ وغیرہ ان آیتوں کو رات کو باوضو سو مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ سارے گناہ اور ناپاک خصلتیں چھوٹ جائیں۔ ہر ایک آفت مصیبت کے لیے ان آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے سات دن تک تین ہزار مرتبہ ہر روز ان آیتوں کا پڑھنا اسم اعظم کی تاثیر پیدا کرتا ہے۔

https://www.facebook.com/groups/freeurdubooks

سورۂ یونس

خاصیت :- اگر کہیں مسلمانوں کا کسی غیر دین و مذہب والے سے جھگڑا یا مقدمہ ہو یا کہیں کوئی وبائے عام اہلِ اسلام اور کفار میں پھیلی ہوئی ہو اور مسلمان چاہیں کہ ہم اس وبا سے محفوظ رہیں یا یہ مقدمہ ہم جیت جائیں تو تین ہزار تین مرتبہ سورۂ بقرہ کی اخیر کی آیت رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ اور سورۂ یونس کی یہ آیت وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ گیارہ دن تک متواتر پڑھنا نہایت مجرّب اور مفید ہے۔

خاصیت :- کسی برتن میں ان آیتوں کا لکھ کر پانی سے دھو کر پلانا ہر قسم کے بیمار کو حکمِ الٰہی سے سات دن میں شفا دیتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں یٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ نہایت مجرّب ہے۔

سورۂ ہود

جو شخص کشتی جہاز یا ریل وغیرہ کسی قسم کی سواری میں سوار ہونے سے پہلے تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ پڑھ لے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو کبھی کسی سواری سے تکلیف اور اذیت نہ ہوگی۔ اور اُس سواری سے زندہ سلامت اُترے گا۔ عمل مجرّب ہے۔

سورۂ یوسف

اگر کوئی شخص کسی چوری یا کسی جھوٹے الزام میں مطعون ہوا ہو اور اصل مجرم کی تلاش ہو رہی ہو اور یہ شخص چاہے کہ جھوٹا الزام مجھ پر سے اُتر جائے رات کو آدھی رات کے بعد کھڑے ہو کر کلمہ کی اُنگلی آسمان کی طرف اُٹھا کر سو مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝ ان شاء اللہ تعالیٰ تین روز میں الزام سے بری ہو جائے گا۔

خاصیت :- اگر کوئی شخص نفسِ امّارہ کے ہاتھ سے رہائی چاہے سات مرتبہ صبح اور سات مرتبہ شام کو پہلے تین مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے پھر وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ج اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ط اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ پڑھے انشاء اللہ کبھی نفس کے جال میں گرفتار نہ ہوگا۔ اور تھوڑے سے عرصہ میں نفس اُس کا مطیع ہوجائے گا۔

خاصیت :- اگر کسی شخص کی تنخواہ کسی آقا پر چڑھ گئی ہو یا مزدور کی مزدوری کسی پر آتی ہو اور وصول نہ ہوتی ہو یا کسی شخص کو کوئی عمل یا ختم پڑھتے یا دُعا مانگتے مدّت گزر گئی ہو اور اُس کی دعا قبول نہ ہوتی ہو۔ تین دن تک عشاء کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس آیتِ شریفہ کو پڑھے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ہ اگر تین دن میں کام نہ ہو تو سات دن تک پڑھے انشاء اللہ ضرور مقصود حاصل ہوگا۔

خاصیت :- اگر کوئی شخص مسافر ہو اور وہ یہ چاہے کہ اپنے گھر مع الخیر واپس جائے اور گھر والے بھی سب خیریت سے ملیں ایک ہزار مرتبہ اس آیت کو ہر روز پڑھے فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ص وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ہ عمل مجرّب ہے۔

خاصیت :- وَمَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ ط اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ہ تین مرتبہ پڑھ کر بچّہ پر دم کرنا یا زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالنا بدنظر سے قطعاً بچّہ کو خدا کے فضل سے محفوظ رکھتا ہے عمل مجرّب ہے۔

خاصیت :- اگر کسی عہدہ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں گزر چکی ہوں اُن میں سے کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو، تین روز تک سات ہزار مرتبہ ہر روز پڑھنا اس آیت کا نہایت مجرّب ہے۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ط وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ہ انشاء اللہ سارے امیدواروں میں سے

اس ختم کا پڑھنے والا عہدۂ ملازمت پر قائم کیا جائے گا۔

خاصیت: خاتمہ بالخیر ہونے کے لیے سات مرتبہ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اس آیت کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ غم رفع کرنے کے لیے تین مرتبہ روز سورۂ یوسف کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ ترقیٔ رزق کے لیے سورۂ یوسف کا ختم نہایت مجرب ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ سات روزے رکھ کر سات سو دفعہ سورۂ یوسف کا پڑھنا مع قید اعتکاف کے اکسیر اعظم ہے۔ اور نہایت مجرب عمل ہے۔

سورۂ رعد

اگر کوئی شخص کسی ایسے خطرناک جنگل میں رستہ چلا جاتا ہے۔ کہ جہاں درندوں کا خوف ہو اس آیت شریفہ کو پڑھے انشاء اللہ کسی طرح کا خوف نہ رہے گا اور نہ کوئی درندہ حملہ کرے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۝

خاصیت: اگر کسی موقع پر بجلی کی کڑک اور چمک زیادہ ہو اس موقع پر یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِکَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ج آیت اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ تسبیح کا پڑھنا نہایت مفید اور ہر قسم کی آفت سے محفوظ رکھنے کے لیے مجرب عمل ہے۔

خاصیت: ہر قسم کی گھبراہٹ اور دل کی اضطرابی کے موقع پر اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ کا پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ **فائدہ** - سورۂ رعد کا ایک مرتبہ روز پڑھنا اور ہمیشہ اس کا عمل کرنا بالخاصیت خدا کی محبت دل میں پیدا کرتا ہے۔ عمل مجرب ہے۔

سورۂ ابراہیم

جس دن بچہ پیدا ہو مشک سے لکھ کر اس آیت کا گلے میں بچہ کے ڈالنا اُم الصبیان سے محفوظ رکھتا ہے۔ آیت یہ ہے۔

وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۙ مِّن وَرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِن مَّآءٍ صَدِيدٍ ۙ يَتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهٗ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ط وَمِن وَرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيظٌ ۝ تجربہ سے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

خاصیت :۔ اگر کسی درخت میں پھل نہ آتا ہو یا کچھ کم پھل آتا ہو، کسی کاغذ پر لکھ کر اُس درخت پر پھول کے شروع ہونے سے پہلے لٹکایا جائے انشاءاللہ پھل بہت آئے گا آیت یہ ہے۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۙ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ط

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ قبر میں نکیرین کے سوال میں قائم رہے تو ہر ایک فرض نماز کے بعد تین تین مرتبہ اس آیت کو پڑھے انشاءاللہ قبر کا مرحلہ آسانی سے طے ہوگا۔ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ قف وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۝

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ والدین اور سارے جہان کے بزرگوں حقداروں کے حق سے جبکہ وہ انتقال کر گئے ہوں ادا اور بری ہو جائے اس آیتِ کریمہ کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ قیامت کو ان سب کے حقوق سے فارغ ہو کر قبر سے اُٹھایا جائے گا۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص ظالم کو آفتِ غیبی میں مبتلا کرنا چاہے وہ شخص ان تین آیتوں کو ایک ہزار مرتبہ اکیس روز تک دوپہر کے وقت پڑھے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۙ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۚ انشاءاللہ تعالیٰ ظالم شخص نہایت جلد آسمانی بلا میں مبتلا ہوگا۔

سورۂ حجر

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو قرآن مجید یاد نہ رہتا ہو یا کسی کا دل نہایت آسانی سے قرآن کے حفظ کرنے کو چاہتا ہو وہ شخص ہمیشہ گیارہ گیارہ

مرتبہ التحیات والا درود شریف اوّل آخر پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ٥ اور تا حفظِ قرآن روز اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نہایت سہولت سے قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کی باہم کسی دوست سے رنجش ہو گئی ہو اور ایک دوست دوسرے ناراض دوست سے ملنے اس کے مکان پر جائے اور یہ چاہے کہ میرا دوست مجھ سے ناراض ہو کر نہ ملے بلکہ راضی اور خوش ہو کر ملے تو رستہ میں گیارہ مرتبہ اور پھر اس کے مکان پر پہنچ کر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھے وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ٥ اور جب مکان کے اندر گھسے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ٥ انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو دنیا دار برا کہتے ہوں یا عورت کو اس کا خاوند یا ساس سسرے وغیرہ برا کہتے طعنہ دیتے ہوں تو روزانہ ایک سو سات مرتبہ ان دونوں آیتوں کو ایک مجلس میں صبح کی نماز کے بعد اکیس روز تک پڑھے آیتیں یہ ہیں يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ٥ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ٥ یہ آیت جلالی ہے، احتیاط شرط ہے سخت ضرورت کے وقت عمل میں لانا چاہیے۔ تھوڑی سی بات میں اس عمل کو کرنا مناسب نہیں ہے۔

سورۃ نحل

خاصیت :۔ اگر کسی جانور کا کسی بیماری کی وجہ سے دودھ خشک ہو جائے تین روز تک پاؤ بھر چنے کا آٹا لے کر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور گیارہ مرتبہ آیت وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ٥ پڑھ کر آٹے پر دم کر کے جانور کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گا۔

خاصیت :۔ جس کسی شخص کو شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں وہ اکیس مرتبہ صبح

اور اکیس مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ان آیتوں کو پڑھے انشاء اللہ بہت جلد شیطانی وسوسے دفع ہوں گے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطٰنٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ۝ اِنَّمَا سُلْطٰنُہٗ عَلَی الَّذِیْنَ یَتَوَلَّوْنَہٗ وَالَّذِیْنَ ھُمْ بِہٖ مُشْرِکُوْنَ ۝

خاصیت:۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ ایک ہزار مرتبہ جس بیمار پر پڑھ کر دَم کیا جائے اگر موت اس وقت نہ ہوگی تو فوراً اسی دن مریض تندرست ہو جائے گا۔ کم سے کم تین روز تک اس عمل کو کیا جائے۔

سورۂ اسرائیل

خاصیت:۔ ذاکر شاغل طالبِ حق اپنے چلّہ کشی کے ایام میں اس آیت کو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد وصول الی اللہ نصیب ہو کر معراج عروج تک پہنچے گا۔ آیت یہ ہے سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ط اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝

خاصیت:۔ رزق کی ترقی مالِ حلال کی افراط اولاد کے زیادہ ہونے کے لیے اس آیتِ کریمہ کا ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا اور پھر چالیس روز تک ہر سال اس عمل کا ذکر کرنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ کُلًّا نُّمِدُّ ھٰٓؤُلَآءِ وَھٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّکَ ط وَمَا کَانَ عَطَآءُ رَبِّکَ مَحْظُوْرًا ۝

اطلاع۔ اس آیت کے پڑھنے میں کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ یہ آیت جمالی ہے مگر جھوٹ اور حرام کے لقمہ سے بچنا ضروری ہے۔

خاصیت:۔ جب کوئی نئے شہر یا گاؤں یا نئے مکان میں جائے تین مرتبہ اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ کسی قسم کی تکلیف اور رنج نہ پہنچے گا اور ہر ایک قسم کی عزت حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

خاصیت :۔ سات مرتبہ کسی مریض پر اس آیت کا پڑھ کر دم کرنا حکمِ الٰہی سے شفا دیتا ہے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

خاصیت :۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ یہ آیت بھی مذکورہ بالا خاصیت رکھتی ہے اور نہایت مجرّب ہے۔ **فائدہ**۔ سورۂ بنی اسرائیل کا تین مرتبہ روزانہ پڑھنا دو جہان کی ترقی مراتب اور سارے جہان کی مشکلیں حل کرنے کے لیے نہایت مجرّب اور مفید ہے۔

سُورۂ کہف

خاصیت :۔ اگر عورت یا مرد پر آسیب کا اثر ہو اور واقعی کسی شخص پر جن یا بھوت پلید آتا ہو، تین مرتبہ ان مبارک آیتوں کا مریض پر پڑھ کر دم کرنا اور تین بار کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھانا نہایت مفید اور مجرّب ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؗ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝

فائدہ ۔ سورۂ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے۔ پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔ اس سورۃ کا روزانہ پڑھنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نورِ ایمان میں ترقی بخشتا ہے جس مکان میں سورۂ کہف پڑھی جائے گی کوئی شیطان یا چور اس مکان کا قصد نہ کرے گا۔ سورۂ کہف کی تین آیتیں اوّل سے

عملیات https://www.facebook.com/groups/AreeBooks

یاد کرنا پھر ان کا ہر روز تین مرتبہ پڑھنا دجّال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا۔ اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اُٹھنے کی امید نہ ہو وہ شخص عشاء کی نماز کے بعد سورۃ کہف پڑھ کر سوئے انشاء اللہ جس وقت ارادہ کرے گا اُسی وقت آنکھ کھُلے گی۔ مجرّب عمل ہے۔

سُورۂ مریم

خاصیت :- کٓھٰیٰعٓصٓ داہنے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں پر اور حٰمٓ عٓسٓقٓ بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر دم کرنا پھر وہ دونوں ہاتھ کی انگلیاں کسی شخص کی طرف کھول دینا اس طرح کہ ہر ایک حرف کے ساتھ ایک اُنگلی بند کر لی جائے دس حرفوں کے ساتھ دسوں انگلیاں بند کرنے کے بعد جس کسی کی طرف کھول دینا مقصود ہو دفعتاً کھول جائیں۔ اس میں انشاء اللہ فائدہ تسخیر کا پیدا ہوگا۔

خاصیت :- کٓھٰیٰعٓصٓ کا مریض کے ماتھے پر لکھنا بفضلہٖ تعالیٰ دردِ سر اور مرگی، بے ہوشی سے صحت بخشتا ہے۔

خاصیت :- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ۝ وَّبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ۝ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝ لکھ کر بچّے کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالنا اور ہر مہینہ میں تین روز چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا بچّے کو والدین کے نافرمانی سے اور خود بچّے کے لیے بھی تمام آفتوں سے بچانے کے لیے ذہن اور حافظہ زیادہ کرنے کے لیے بڑا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

خاصیت :- اگر کوئی بچّہ تین چار برس کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے اُس کو روزانہ اکیس روز تک ان آیتوں کا لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مفید اور مجرّب ہے انشاء اللہ اکیس روز کے عرصہ میں بچّہ بولنے لگے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ۝ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ۝ وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ ز

وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ه وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ه

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کا مکان یا زمین کا مقدمہ چل رہا ہو یا کوئی شخص جائداد غیر منقولہ کا مقدمہ ہار کر اپیل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تب مقدمہ چلانے کے دنوں میں تین ہزار مرتبہ روزانہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ه آیت کا پڑھنا ہارا ہوا مقدمہ جیتنے کے لیے اکسیرِ اعظم اور نہایت مفید اور مجرب عمل ہے۔

خاصیت :۔ جس شخص کا باپ جاہل شریعت کی نافرمانی کرتا ہو، اور بیٹا شریعت کا تابعدار ہو اور باپ کو بھی خدا اور رسول کا تابعدار بنانا چاہے تو اکیس مرتبہ روزانہ اکیس دن تک یہ آیت پڑھ کر پانی یا کسی اور چیز پر دم کرکے پلائے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ يَا اَبَتِ اِنِّي قَدْ جَآءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِي اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ه

خاصیت:۔ جو شخص جھوٹ بولنے کا عادی ہو اور چاہے کہ جھوٹ کی عادت چھوٹ جائے ایک ہزار دفعہ انیس ۱۹ دن تک اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد پڑھے اور حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ الٰہی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے طفیل سے مجھے سچی زبان والا بنادے انشاء اللہ تعالیٰ نہایت صادق القول ہوجائے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ه

خاصیت :۔ جس کسی ملازم کا عہدہ ٹوٹ کر تنزل ہوا ہو یا تجارت میں گھاٹا آیا ہو یا آبرو بگڑ گئی ہو چالیس دن رات کے اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار مرتبہ اس آیتِ کریمہ کا پڑھنا انشاء اللہ کھوئی ہوئی عزت کو دوبارہ واپس لاتا ہے۔ بگڑی ہوئی بات کو بناتا ہے۔ اگلے پچھلے سارے نقصان پورے کرتا ہے۔ اگر خلوص کے ساتھ پڑھا جائے

تو عمل نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ز اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ق

خاصیت :۔ جس شہر میں کسی قسم کا مرض یا طاعون یا ہیضہ وغیرہ پھیل رہا ہو اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرا گھر اس بلا سے محفوظ رہے وہ ان آیتوں کو تین مرتبہ کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے پر لگائے انشاء اللہ ضرور اس وبا سے وہ مکان محفوظ رہے گا۔

آیتیں یہ ہیں۔ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ۝

خاصیت :۔ اگر دو لڑے روٹھوں میں ملاپ کرانا یا میاں بیوی میں سلوک محبت کرانا منظور ہو تو صبح کی نماز کے بعد تین دن تک برابر ایک سو تئیس مرتبہ اس آیتِ کریمہ کو کسی چیز پر دم کر کے لڑے روٹھے کو کھلانا اور پڑھنے کے بعد خدا سے دعا کرنا محبت سلوک پیدا کرنے کے لیے خدا کے حکم سے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ ط

خاصیت :۔ دشمن کے برباد کرنے، ظالم کے تباہ کرنے کے لیے اس آیت کا اکیس ہزار مرتبہ سات دن تک ننگے سر ہو کر پڑھنا بے حد مجرب اور مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ط هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝

اطلاع :۔ یہ آیت نہایت خونی اور جلالی ہے۔ بے احتیاطی میں پلٹ جانے کا اندیشہ ہے۔ اس کا پرہیز سخت ہے تمام حرام اور مکروہ چیزوں کا کھانا مثلاً

لہسن، پیاز، حقہ، زردہ وغیرہ چھوڑنا سوائے خشک جو کی روٹی کے کُل کھانوں کو چھوڑنا غیر عورت پر نظر ڈالنے سے بچنا جھوٹ بولنے ہر ایک قسم کے گناہ سے احتیاط کرنا فرض ہوگا۔ ورنہ خود پڑھنے والا مر جائے گا۔ اور اگر عمل پورا ہوا تب ظالم دشمن جلد ہلاک ہوگا۔ یا سخت بلاییں گرفتار ہوگا۔ یا پڑھنے والے کی اطاعت قبول کرلے گا۔

سُورۂ طٰہٰ

خاصیت :۔ سورج نکلنے سے پہلے طٰہٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا سے لے کر لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی تک سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دَم کرنا مریض کو سات دن میں خدا کے فضل سے شفا دیتا ہے۔ عمل زیادہ مفید ہے۔

خاصیت :۔ جس شخص کا سینہ بولنے یا چلنے میں کمزور ہو سانس چڑھتا ہو یا اُس کے مزاج میں رعب غالب رہتا ہو یا مجمع کثیر سے گھبراتا ہو وہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھا کرے انشاء اللہ یہ سب باتیں جاتی رہیں گی۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

خاصیت :۔ اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو یا کسی کو جادو ہونے کا خوف ہو اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دَم کرے سحر زدہ کو پلائے انشاء اللہ سات روز میں جادو کا اثر زائل ہوگا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی ۝ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی ۝

خاصیت :۔ دشمن کی زبان بند کرنے کے لیے یہ آیتیں نہایت مفید ہیں۔ یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝ یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝ ان آیتوں کو کسی کاغذ پر لکھ کر جس کی زبان بند کرنی ہو اُس کا نام اُس کی ماں کا نام نیچے

لکھ کر تعویذ کو کسی پرانے درخت میں لٹکانا مخالف کی زبان بند ہونے کے لیے نہایت مجرب عمل ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو گرم ہوا یعنی لُو، لگ جائے بچہ یا بڑے کو پیاس ہو جائے تو ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر گھول کر دن میں تین مرتبہ پلانا مفید ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوۡعَ فِیۡهَا وَلَا تَعۡرٰی ۝ وَاَنَّکَ لَا تَظۡمَؤُا فِیۡهَا وَلَا تَضۡحٰی ۝ تین مرتبہ پلانے میں بفضلہٖ تعالیٰ تندرست ہو جائے گا۔

سُورۃ انبیاء

اگر کہیں حق و باطل کا مقابلہ ہو جھوٹا سچے کا سامنا کرتا ہو اس وقت سچا آدمی یہ آیت تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ باطل حق کے سامنے نہ پڑے گا آیت یہ ہے بَلۡ نَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ عَلَی الۡبَاطِلِ فَیَدۡمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَ لَکُمُ الۡوَیۡلُ مِمَّا تَصِفُوۡنَ ۝

خاصیت:۔ جس شخص کو بخار چڑھا ہوا ہو اُس کے سرہانے ایک ہزار مرتبہ اس آیت کا پڑھنا بخار کے اُتر جانے کے لیے نہایت مفید ہے آیت یہ ہے یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ ۙ

خاصیت:۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ٭ۖ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ۝ اکسیرِ اعظم بلکہ اسمِ اعظم ہے۔ ہر مرض کی دوا ہر ایک مشکل کی حل کرنے والی آیت خدا نے ہمارے لیے نازل فرمائی ہے، اس آیتِ کریمہ کے پڑھنے کی صدہا ترکیبیں بزرگانِ دین سے ثابت ہوئی ہیں۔ ترکیبِ اوّل ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ ایک مجلس میں اس آیت کا ختم کرنا نہایت مفید ہے۔ مگر ترکیب اس ختم کی یہ ہے کہ سات یا گیارہ یا اکیس آدمی غسل کر کے سفید کپڑے پہن کر ہر شخص دو دو رکعتیں بطور صلوٰۃ توبہ کے پڑھے۔ جہاں تک ممکن ہو سب پڑھنے والے روبقبلہ بیٹھیں دنیا کی بات مطلق نہ کریں اور نہایت خلوص کے ساتھ ختم پورا کریں، اور پھر متواتر تین روز تک ایسا ہی

کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز یہ عمل ساری مصیبتوں کے لیے مفید اور مجرب ہے۔

دوسری ترکیب۔ عامل سات روزے رکھے حلال کا لقمہ کھائے۔ ہر روز عشاء کی نماز کے بعد اندھیری کوٹھری میں بیٹھ کر اکیس مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ کر سات سو مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ پڑھے ایک پیالہ پانی کا بھر کر سامنے رکھے ہر ایک تسبیح کے بعد داہنا ہاتھ پانی میں ڈال کر منہ پر پھیرے اور اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی ذَا النُّوْنِ تین دفعہ کہے۔ پھر تین مرتبہ فَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ کہے۔ انشاء اللہ عرصہ سات روز میں مراد پوری ہوگی۔

تیسری ترکیب وہ ہے جو جناب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو عبداللہ مغربی کو خواب میں تعلیم فرمائی تھی ابو عبداللہ ایک سخت بلا میں گرفتار تھے۔ رات کو خواب میں حضور اکرمؐ کی زیارت ہوئی۔ عرض کیا حضورؐ میں کیا پڑھوں، سخت مصیبت میں گرفتار ہوں۔ ارشاد فرمایا پہلے دو رکعتیں پڑھو پھر چاروں سجدوں میں چالیس چالیس مرتبہ آیت لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ پڑھو انشاء اللہ مصیبت رفع ہوگی۔ یہ عاجز کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ مسلمان ضرور عمل کیا کریں۔ زیادہ سے زیادہ اس کی مدت سات دن ہے۔ اس عرصہ میں انشاء اللہ بالضرور کامیابی ہوگی۔ چوتھی ترکیب۔ کھڑے ہو کر ایک ہزار تین مرتبہ آیتِ کریمہ کا پڑھنا اور متواتر سات روز عمل کرنا جملہ حاجات کے لیے فائدہ مند ہے۔ پانچویں ترکیب۔ چالیس روز تک ایک شخص کا گیارہ ہزار مرتبہ ہر روز ترک حیوانات اور پرہیز جلالی اختیار کر کے پڑھنا عامل کو نہایت مقدس بزرگ اور صاحب تاثیر بناتا ہے اور جو دعا کرے وہ قبولیت کو پہنچتی ہے جو طلب کرے وہ خدا جاہے ملتا ہے۔ سوائے جو کی ایک ٹکیہ کے اور ایک آبخورہ پانی کے کھانا کچھ نہ کھائے،

ہر ایک شئے ترک کرے، چالیس روز کے بعد ایسے ایسے اسرارِ غیبی کا مشاہدہ کرے گا کہ جنھیں دیکھ کر حیران رہ جائے گا۔

خاصیت :۔ بانجھ عورت یا بے اولاد مرد اگر اس آیت کو بسم اللہ کے ساتھ تین ہزار دفعہ روز ایک چلہ تک پڑھے گا انشاء اللہ بالضرور اولاد پیدا ہوگی آیت یہ ہے۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص تہمت میں آجائے اور وہ چاہے کہ میں اس تہمت سے بری ہوجاؤں تو سات ہزار دفعہ ایک جلسہ میں اس آیت کو عشاء کے بعد پڑھے انشاء اللہ غیب سے اس کی برأت کی صورت پیدا ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَ رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

سورۃ حج

خاصیت :۔ دشمن کے دفع کرنے کے لیے اس آیت کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ کم سے کم ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ سات یا گیارہ یا اکتالیس روز میں مراد پوری ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ یُدٰفِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝

خاصیت :۔ مینہ برسنے کے لیے کسی پرند جانور جنگلی کبوتر وغیرہ کے گلے میں اس آیت کو لکھ کر باندھنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۝

خاصیت :۔ اس آیت کا بارش کے لیے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ گیارہ آدمیوں کا الگ الگ پڑھنا یا سوا لاکھ مرتبہ ایک جگہ جمع ہو کر پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ اگر ختم کی صورت میں پڑھا جائے گا تو گیارہ آدمی ایک مجمع میں سوا لاکھ پورا کریں۔ پھر دیکھیں کہ ارحم الراحمین کیا کچھ فضل فرماتا ہے۔

خاصیت :- نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ ٥ اس آیت کا پانچ ہزار مرتبہ روز پڑھنا دین دنیا کی مرادیں برلاتا ہے اور حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ٥ کو سات مرتبہ ملا کر پڑھنا اور بھی زیادہ فائدہ مند اور مجرب ہے۔

سُورۂ مومنون

خاصیت :- جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا کچا حمل گر جاتا ہو اس عورت کے لیے مشک و زعفران سے لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ ڈالا جائے۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصے میں حمل قرار پائے گا۔ اور اگر حمل ٹھیرے تو انشاء اللہ پورا بچہ ہوگا کچا حمل ساقط نہ ہوگا۔ لیکن اس آیت کی زکوٰۃ دینا لازم ہے۔ سات روز برابر سات ہزار مرتبہ اس آیت کو ننگے سر رو بقبلہ بیٹھ کر باوضو ہو کر پڑھے پھر ساتویں دن ختم کے بعد اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِيۡنٍ ٥ ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِىۡ قَرَارٍ مَّكِيۡنٍ ثُمَّ خَلَقۡنَا النُّطۡفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقۡنَا الۡعَلَقَةَ مُضۡغَةً فَخَلَقۡنَا الۡمُضۡغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰهُ خَلۡقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِيۡنَ ٥

خاصیت :- اگر کثرت سے بارش ہو رہی ہو اور کسی طرح مینھ نہ تھمتا ہو اور لوگ یہ چاہیں کہ بارش تھم جائے تو اس آیتِ کریمہ کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنا پھر کاغذ پر لکھ کر جنگلی کبوتر کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے انشاء اللہ فوراً بارش رک جائے گی۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسۡكَنّٰهُ فِى الۡاَرۡضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوۡنَ ٥

خاصیت :- جو شخص کسی نئے مکان یا اجنبی جگہ جا کر اترے وہ اوّل تین مرتبہ اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ سانپ بچھو چور ہر ایک قسم کی تکلیف سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِىۡ مُنۡزَلًا مُّبٰـرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ٥

خاصیت:۔ سورۂ مومنون کے خاتمہ کی آیتیں اَفَحَسِبْتُمْ سے لے کر آخر تک تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں خواہ کسی قسم کا درد ہو دم کرنا خدا کے فضل سے ہر ایک قسم کی بیماری کو دور کرتا ہے۔ مگر ان آیتوں کی پہلے زکوٰۃ دینی ضروری ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ایک شخص تین روزے رکھے اور برابر تین روز تک روزے کی حالت میں اکیس ہزار مرتبہ ان آیتوں کو باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھے اور ہر روز مریض پر دم کرے انشاء اللہ بہت جلد بیمار اچھا ہو گا۔ زکوٰۃ دینے کے بعد چھ ماہ تک برابر اثر باقی رہے گا۔ اس مدّت میں صرف تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا انشاء اللہ کافی ہو گا چھ ماہ کے بعد دوسری زکوٰۃ دینے کی ضرورت ہو گی، ہاں اگر چھ ماہ کے درمیان کوئی کبیرہ گناہ مثل چوری، شراب خوری، نشہ بازی، حرام کاری وغیرہ وغیرہ کا مرتکب ہو گیا تب فوراً تاثیر زائل ہو گی پہلے ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھے پھر بدستور زکوٰۃ دیوے انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہی تاثیر ہو گی۔ آیت عجیب زبردست تاثیر کی ہے۔ خلوص نیت سے پڑھنے والا ہونا چاہیے۔

سورۂ نور

خاصیت:۔ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے چینی کی طشتریوں پر لکھ کر چالیس روز تک دردِ گردہ والے کو پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص کسی تہمت میں مبتلا ہو کر فوجداری سپرد ہو جائے تو تین ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے پھر اس پانی سے تھوڑا سا لے کر اس میں سیاہی گھول کر تعویذ لکھے اور تعویذ میں تین مرتبہ یہ آیت لکھ کر مجرم کے گلے میں ڈالا جائے۔ انشاء اللہ مجرم جلد بری ہو گا۔ آیت یہ ہے۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝ اور دوسری آیت اسی تعویذ میں یہ بھی لکھی جائے وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِىْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

خاصیت: ۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ تک چینی کی طشتری پر لکھ کر چالیس روز تک برابر صبح نہار منہ پلانا فالج ولقوہ والے کو نہایت مفید اور مجرب ہے۔

خاصیت: ۔ اگر کوئی شخص جس کی آنکھوں کی بصارت کم ہوتی جاتی ہو وہ اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ ہر روز پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کا نور قائم رہے گا اور وہ کبھی اندھا نہ ہوگا۔ نہایت مجرّب ہے اور نہایت مؤثر اور مفید ہے۔

خاصیت: ۔ اگر کوئی شخص کسی کورے برتن کو توڑ کر اس پر یہ آیت لکھ کر اپنے کھیت میں پچھم کی جانب دفن کرے انشاء اللہ اولہ یا کسی قسم کا آسمانی طوفان اس کھیت کو تباہ وبرباد نہ کرے گا۔ آیت یہ ہے اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ۖ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝

خاصیت: ۔ سورہ نور کی آخر کی دونوں آیتیں لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ سے لیکر وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ تک چالیس دن تک ہر روز اکیس مرتبہ باوضو پڑھنا دل کی ساری بیماریوں کو مثلاً حسد، کینہ، عداوت، بخل، ذہن میں سستی بزدلی الغرض تمام مرضوں کو باطن سے جلا کر خاک کر دیتا ہے۔ عمل مجرّب ہے، اور جلالی ہے۔ باترک حیوانات پڑھنا لازم ہے۔

سُورۂ فرقان

خاصیت: ۔ جس شخص کے کان میں درد ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا ہو تو وہ شخص خود یا دوسرا کوئی شخص باوضو ہو کر اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین قطرے پانی کے کان میں ٹپکائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ فوراً درد جاتا رہے گا۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ۙ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝

خاصیت :۔ آیتِ مذکورہ کو صبح اور مغرب کی نماز کے بعد سات سات مرتبہ روزانہ پڑھنا ایمان کو شرک اور کفر سے پاک کر دیتا ہے اور ہمیشہ پڑھنے والے کا انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

خاصیت :۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْۤ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۝ یہ آیت چالیس دن تک عصر کی نماز کے بعد چھ ہزار دفعہ ہر روز پڑھنا پھر وظیفہ سے فارغ ہوکر گیارہ پیسے راہ خدا میں کسی یتیم کو خیرات کرنا عامل اور پڑھنے والے کو خدا کے حکم سے دولت مند اور مالدار کرتا ہے۔ سترہ دن برابر ہر سال میں اس عمل کا پڑھنا برس بھر فاقہ کو پاس نہیں آنے دیتا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص مظلوم ہو اور اس کا دشمن قوی ہو اور مظلوم کی ہلاکت کی تدبیریں کرتا ہو۔ اگر مظلوم تین روز تک رات کے اندھیرے میں اس آیت شریفہ کو نو ہزار مرتبہ پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کرے گا، انشاء اللہ بالضرور دشمن مغلوب اور اس کی کوشش رائیگاں جائے گی۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ وَقَدِمْنَاۤ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ۝

خاصیت :۔ دشمن کے مکر اور اذیت سے محفوظ رہنے کے لیے اس آیت کا سَو مرتبہ روزانہ پڑھنا بھی مجرّب اور مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ ؕ وَكَفٰی بِرَبِّكَ هَادِیًا وَّنَصِیْرًا ۝

خاصیت :۔ جس مریض کو رات کو نیند نہ آتی ہو وہ مریض خود یا دوسرا شخص پانچ سَو

مرتبہ اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور سات دن تک برابر اس عمل کو کرے۔ آیتِ شریفہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝

خاصیت:۔ اگر بارش نہ ہوتی ہو اور ضرورت ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس آیت کو لکھیں۔ پھر اسے جنگلی کبوتر کے گلے میں تاگہ سے باندھیں ان شاء اللہ سات روز کے عرصہ میں بارانِ رحمت نازل ہو گی۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُوْرًا لِّنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَّأَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ۝

خاصیت:۔ اگر کسی کے بدن میں خواہ کسی جگہ درد ہو اس درد کے سلب کرنے کے لیے یہ آیتِ کریمہ نہایت مجرب ہے، اور ترکیب سلب کرنے کی یہ ہے کہ جس جگہ درد ہو، درد کی جگہ خود مریض اپنے ہاتھ سے دبا کر پکڑے اور تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے۔ پھر دوبارہ درد کے مقام کو پکڑ کر پانچ مرتبہ آیت کو پڑھ کر دم کرے پھر ہاتھ ہٹائے پھر تیسری دفعہ میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر گیارہ مرتبہ۔ پانچویں دفعہ میں اکیس مرتبہ دم کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ بالضرور درد جاتا رہے گا۔ آیتِ شریفہ یہ ہے۔ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ۙ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝ مگر ہمیشہ یہ عمل سورج نکلنے کے بعد کیا جائے۔

خاصیت:۔ جس شخص کی بیٹی یا بیٹے کا کہیں عقد نہ ہوتا ہو وہ شخص اس مراد کو پورا کرنے کے لیے ایک ہزار مرتبہ اکیس روز تک اس آیت کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور مراد حاصل ہو گی آیت یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ۝

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور وہ انھیں تابعدار کرنا چاہے وہ اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد پانچ سو پانچ دفعہ اس آیت کو پڑھے ۔آیت یہ ہے۔
رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

سُورَۃُ الشُّعَرَاء

جو شخص سمندر کا سفر کرے وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ زندہ سلامت جہاز سے اُترے گا۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝
اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝
اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝

خاصیت :۔ جس شخص کو رزق کی تنگی ہو وہ برابر چالیس دن تک سات ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے اَلَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝ اوّل اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود دیا ہو پڑھے ۔مگر خلوص کے ساتھ عمل کرنے سے بہت فائدہ ہوگا۔

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص کسی باہمی اختلاف کی وجہ سے کسی جھگڑے یا مقدمہ میں پھنس گیا ہو سات دن تک ایک ہزار تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے ۔ آیت یہ ہے ۔ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو بچھو یا بھڑ یا تتیا وغیرہ ڈنک والا جانور ڈنک مارے ۔اس آیتِ مبارکہ کو پڑھ کر جھاڑے انشاء اللہ فوراً درد جاتا رہے گا۔ آیتِ مبارکہ یہ ہے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ ترکیب یہ ہے کہ جس جگہ ڈنک مارا ہو وہ جگہ چٹکی

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

سے دبائے اور تین مرتبہ آیتِ مذکورہ پڑھ کر پھونکے۔ دوسری مرتبہ ۷ دفعہ تیسری مرتبہ گیارہ دفعہ چوتھی مرتبہ اکیس دفعہ انشاءاللہ تکلیف بالکل دور ہوجائے گی۔

خاصیت:- اگر کوئی شخص پیر کے دن سے شروع کر کے منگل کے دن ختم کرے اور عصر کی نماز کے بعد اکہتر مرتبہ آیتِ مذکورہ مع اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے پڑھے یہ زکوٰۃ اس آیت کی ہے اب جب چاہے دن کے وقت تین مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کرے اور بھڑ، تتیا اُن انگلیوں سے پکڑے۔ انشاءاللہ وہ جانور ڈنک نہ مارے گا۔ اور مارے گا تو زہر نہ چڑھے گا اور تکلیف نہ ہوگی۔ عمل مجرّب ہے۔

خاصیت:- اگر کسی جانور گائے، بھینس، اونٹنی، بکری وغیرہ کو نظر ہوجائے۔ پاؤ بھر مونگ کے آٹے پر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے جانور کو کھلائے تین روز تک ایسا کرے انشاءاللہ جانور نقصان سے محفوظ ہوجائے گا آیت شریف یہ ہے۔ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

خاصیت:- اگر کسی شخص کو سرسام ہوجائے یا سخت تیز بخار ہوجائے، بیمار کے سر پر کلمہ کی انگلی رکھ کر اکیس مرتبہ اس آیت شریفہ کا پڑھنا تھوڑے عرصہ میں بخار کو مع الخیر اُتارتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝

خاصیت:- ظالم کے برباد کرنے دشمن کے ہلاک کرنے کے لیے آیت وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۝ کا ایک ہزار مرتبہ تین دن تک خشک جو کی روٹی کھا کر پاک تہبند بطور احرام باندھ کر اکیس سو مرتبہ پڑھنا دشمن کو جلد تباہ کرتا ہے۔ لیکن یہ آیت سخت جلالی ہے۔ پڑھنے والے کو احتیاط شرط ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

سُورۂ نمل

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص بے استاد قرآن شریف حفظ کرنا چاہے یا بھولے ہوئے قرآن شریف کو یاد کرنا چاہے وہ ہر روز جب تک قرآن شریف یاد ہو ایک ہزار مرتبہ اس آیتِ شریفہ کو پڑھے۔ مگر گیارہ مرتبہ اوّل آخر پہلے درود شریف پڑھے آیت شریفہ یہ ہے وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ٥ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قرآن شریف یاد ہوگا۔ جو درود یاد ہو پڑھ سکتا ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو اپنے مکان میں آگ لگ جانے کا اندیشہ ہو وہ ایک سفید کاغذ پر تین مرتبہ ان آیتوں کو مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے لکھ کر بطور نقش دوکان یا مکان میں لگائے۔ انشاء اللہ وہ مکان وہ دوکان آگ سے محفوظ رہیں گے۔ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٥ يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا ٥

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو رات کو سوتے ہوئے بدخوابی ہوتی ہو، یا نیند میں ڈرتا ہو وہ اس مبارک آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر تکیہ کے غلاف میں رکھے۔ انشاء اللہ جب تک اس تکیہ پر سوتا رہے گا کبھی نہ بدخوابی ہوگی نہ ڈر لگے گا۔ آیت یہ ہے۔ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ٥ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ٥

خاصیت:۔ جس مکان میں چیونٹیاں وغیرہ بہت ہوں اِن آیتوں کو مع نقش کے کسی کورے ٹھیکرے پر جہاں چیونٹیوں کے سوراخ ہوں وہاں رکھا جائے انشاء اللہ بہت جلد چیونٹیاں وہاں سے غائب ہوں گی نقش یہ ہیں ق و ل ۸ ا ل ح ق د ل ۷ ا ل م ر ك الله الله الله وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰي مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ٥ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا

ادْخُلُوا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝
اهیا اردنی ال شدائی ارجل ایھا النمل من ھٰذا المکانِ بحق ھٰذہ الاسمآء
بالف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلیّ العظیم ف ق ج م خ ن ت - یہ عمل نہایت
مجرب ہے۔

خاصیت: - اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ یہ اسمِ اعظم ہے۔
جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو ایک ہزار مرتبہ ہر روز چالیس دن تک اس آیت
کا پڑھنا اکسیر اعظم ہے۔

خاصیت: - جو مرض لاعلاج ہو اور حکیم طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے
ہوں سات ہزار مرتبہ اس آیت کا پڑھنا اکیس دن تک برابر نہایت مجرّب عمل
ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مریض تندرست ہو گا۔

خاصیت: - فوجداری مقدمہ سے بری ہونے کے لیے نو ہزار مرتبہ اس آیت کو
ننگے سر ہو کر احرام باندھ کر پڑھنا بزرگانِ دین کا مجرّب عمل ہے۔

خاصیت: - طاعون سے محفوظ رہنے کے لیے تین ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھ
کر مکان میں پھونکنا۔ کبھی طاعون کو قریب نہیں آنے دیتا۔

خاصیت: - جس گھر میں جن آسیب کا خلل ہو یا کسی شخص پر اثر ہو، سات مرتبہ اس
آیتِ مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا۔ مکان میں بطور نقش کے لگانا
نہایت مفید اور مجرّب ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ لکھنے والا پہلے غسل کرے
پھر دو رکعت پڑھ کر لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن جن وہاں سے رخصت ہو جائے گا
اور پھر کبھی وہاں نہ آئے گا۔

خاصیت: - ہر مصیبت کے لیے، بیماری کے لیے اس آیت کا ایک لاکھ پچیس ہزار

عملیات FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

مرتبہ بطور ختم پڑھنا عجیب الاثر عمل ہے۔ وہ بلا جلد دفع ہوگی، مریض بہت جلد تندرست ہوگا، اگر موت مقدر میں ہے تب بہت آسانی سے خاتمہ بالخیر ہو کر انجام بخیر ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ط

خاصیت:۔ اگر باہم دو مسلمانوں میں لڑائی ہو یا کوئی شخص کسی کو ناحق ستاتا ہو مظلوم ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنا چاہے تو ایک سو ایک مرتبہ روز اس آیت کو اکیس دن تک پڑھے انشاء اللہ مطلب حاصل ہوگا۔ فَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ ط اِنَّکَ عَلَی الْحَقِّ الْمُبِیْنِ o

سورۂ قصص

جس شخص کے صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں، لڑکا نہ ہوتا ہو یا ہو کر مر جاتا ہو وہ شخص پورے نو مہینے تک ایام حمل میں روٹی کے ٹکڑے پر اس آیت کریمہ کو لکھ کر نہار منہ اپنی اہلیہ کو کھلائے۔ انشاء اللہ اس دفعہ لڑکا صاحبِ عمر پیدا ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے یُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَیَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ اِنَّهٗ کَانَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ o وَنُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَی الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِی الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِیْنَ o وَنُمَکِّنَ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ ط مفید عمل ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی عورت کا چھوٹا بچہ کھویا جائے، اس آیتِ کریمہ کا ایک ہزار تین سو اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرنا۔ پھر اس آیت کو ایک سفید کاغذ پر تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا خدا کے فضل سے بہت جلد بچہ کو واپس لاتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓی اُمِّهٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ o

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص مسافر بے سامان ہو، ہاتھ میں خرچ نہ ہو، وہ تین سو تیرہ دفعہ اس آیت کو کسی درخت کے نیچے ننگے سر بیٹھ کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ بہت

جلد کُل آرام کا سامان مہیا ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ہ اگر ایک دفعہ میں کام نہ ہو تب دوسری مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تین دفعہ سے زیادہ کی ضرورت نہ ہوگی۔ خدا تعالیٰ اپنے فضل سے حاجت پوری کرے گا۔

خاصیت:۔ اگر کسی ظالم شخص نے خراب لوگوں کی ٹولی بنالی ہو اور کوئی یہ چاہے کہ اس جمعیت کو پراگندہ کر کے ٹولی کو توڑ دے، وہ تین سو ستائیس مرتبہ اس آیت کو ایک سیر باجرے کے دانے سامنے رکھ کر پڑھے پھر وہ دانے کسی جنگل میں لے جا کر زور سے پھینک دے۔ سات روز تک یہ عمل کرے انشاء اللہ وہ مجمع ٹوٹ جائے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط قِیْلَ ادْعُوْا شُرَکَآءَ کُمْ فَدَعَوْھُمْ فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَھُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ہ

خاصیت:۔ ہر قسم کی مراد پوری ہونے دین و دنیا کی بھلائی حاصل ہونے کے لیے اس آیت شریفہ کا ایک سو ایک مرتبہ روز پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کا کرنا عزت، دولت، خاتمہ بالخیر ہونے کے لیے نہایت مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَھُوَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط لَہُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰی وَالْاٰخِرَۃِ ز وَلَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ہ

خاصیت:۔ اگر کوئی دنیا دار دنیا میں مبتلا شخص یہ چاہے کہ دنیا کی محبت دل سے کم ہو جائے۔ پھر اللہ کی محبت، آخرت کا خیال دل میں آجائے وہ شخص رات کے وقت اندھیرے میں بیٹھ کر موت کا تصوّر جما کر سات سو مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے۔ انشاء اللہ اکیس روز میں تارک دنیا ہو کر اللہ والا ہو جائے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ ج لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ہ

سُورۂ عنکبوت

متوکلین لوگوں کو فراخی رزق کے لیے اس آیت کا ایک ہزار مرتبہ روز پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَکَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّۃٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَھَا قلے اَللّٰہُ یَرْزُقُھَا وَاِیَّاکُمْ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ

خاصیت :۔ طالبِ حق سالک مرید کو اس آیت شریفہ کا ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے ۔ آیت شریفہ یہ ہے ۔ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ہ

خاصیت :۔ جس شخص کا حج کرنے کو جی چاہتا ہو اور بظاہر کوئی سامان بن نہ آتا ہو وہ شخص تین ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد رو بقبلہ باوضو ہو کر پڑھے اور اکیس دن اس عمل کو کر کے چھوڑ دے پھر دوسرے مہینہ میں گیارہ دن عمل کرے اور تیسرے مہینہ میں سات دن یہی عمل کرے چوتھے مہینہ میں پانچ دن یہ عمل پڑھے انشاء اللہ ضرور کوئی نہ کوئی حج کا سامان پیدا ہو جائے گا۔ عمل مجرب ہے مگر خلوص اور محبت شرط ہے آیت وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا ہے۔

سورۂ روم

مقدمہ فتح ہونے کے لیے اس آیتِ مبارکہ کا ختم انتہا درجہ کا مجرب ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ یَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ ط یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ط وَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ہ

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ ستر۷۰ آدمی وضو کریں، سو۱۰۰ مرتبہ درود شریف التحیات والی پڑھیں اس کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ق اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ ہر ایک شخص پڑھے۔ اس کے بعد آیت مذکورہ کو ایک لاکھ اُبس ہزار دفعہ پڑھا جائے ۔ صبح کو ایک ختم اور رات کو دوسرا ختم ۔ پھر دوسرے دن صبح کو تیسرا ختم پڑھ کر پورے تین ختم کرائے جائیں ۔ انشاء اللہ کیسا ہی سنگین مقدمہ ہو گا نہایت سہولت سے فتح ہو گا۔

خاصیت :۔ میاں بیوی میں محبت پیدا ہونے کے لیے اس آیت شریفہ کو سات سات دفعہ سات دن تک پڑھنا پھر جس کو اپنا کرنا مقصود ہو اُسے پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے کھلانا یا پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے ۔ آیتِ شریفہ یہ ہے ۔ وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ

اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اعتقاد اور خلوصِ نیت شرط ہے۔ عمل نہایت مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ میری عزت آبرو بنی رہے وہ شخص اس آیت کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ خلقت کی نظروں میں بڑی عزت پائے گا۔ کبھی کسی کام میں دقت مشکل یا تنگدستی نہ ہوگی۔ آیتِ شریفہ یہ ہے وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ بڑی عمر میں جا کر اس کے اعضاء میں فرق نہ آئے، آنکھیں دانت وغیرہ قائم رہیں اور کسی قسم کا ضعف نہ ہو۔ وہ شخص ہمیشہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد یا دن کو ظہر کی نماز کے بعد پہلے گیارہ مرتبہ التحیات کا درود پڑھ کر ایک ہزار ایک مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ یہ عمل میرے بزرگوں کا معمول ہے اور نہایت مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ اگر کسی جگہ بارش نہ ہوتی ہو سفید کاغذ پر اس مبارک آیت کو لکھ کر کسی درخت میں لٹکانا یا جنگلی کبوتر کے گلے میں ڈالنا نہایت مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِىَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کوئی بچّہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو اس مریض کے لیے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیتِ شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دے پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کیا جائے انشاء اللہ گیارہ دن میں مریض قوی اور

تندرست ہو جائے گا - آیت شریفہ یہ ہے - فَانْظُرْ اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ج وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ہ

سورۂ لقمان

خاصیت :- رزق کی فراخی کے لیے سات سو دفعہ روز رات کو عشار کی نماز کے بعد اس آیت کا ہمیشہ پڑھنا نہایت مجرّب ہے - آیت یہ ہے - لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ہ

خاصیت :- مرگی والے کے لیے اس آیت مبارکہ کو لکھ کر پلانا یا بطور تعویذ گلے میں ڈالنا بہت مفید ہے - آیت یہ ہے - مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ہ

سورۂ سجدہ

خاصیت :- جس عورت کے حمل قرار نہ پاتا ہو اُسے اکتالیس روز تک مشک وزعفران سے چینی کی طشتریوں پر لکھ کر ایک طشتری صبح ایک شام بلا ناغہ پلانا نہایت مفید اور مجرّب ہے آیتیں یہ ہیں - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ہ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ہ

خاصیت :- اگر کسی بدمعاش نے نیک شخص پر مقدمہ لگایا ہو یا کسی جھوٹے نے کسی سچّے کو گرفتار کرایا ہو، اس مقدمہ کے درمیان اس آیت مبارکہ کا سات کوری ٹھیکریوں پر لکھ کر پُرانے کنوئیں میں ڈالنا جس میں پانی موجود ہو نہایت مفید ہے - آیت یہ ہے - وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ط اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ہ سات دن تک برابر اس عمل کو کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد مصیبت رفع ہوگی - ظالم برباد ہوگا -

سورۂ احزاب

خاصیت:۔ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ہر مصیبت میں سات ہزار سات سو مرتبہ سات دن تک اس مبارک آیۃ کا پڑھنا ہر اڑی مشکل کے لیے نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ تین سو مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس آیت کا پڑھنا پردۂ غیب سے روزی کا دروازہ کھولتا ہے۔ عمل نہایت مجرب ہے، اخلاص شرط ہے۔

خاصیت:۔ دو شخصوں میں باہم محبت قائم کرنے کے لیے اس آیت کا اکیس دن تک اکیس سو دفعہ پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ط وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ط كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ہ

خاصیت:۔ اگر کسی کا لڑکا یا نوکر ملازم شرارت کرتا ہو بھاگ بھاگ جاتا ہو اور والدین یا آقا کی اطاعت نہ کرتا ہو۔ ایسے نافرمان کو اگر مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیت کریمہ کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا یا کسی چیز پر دم کر کے کھلانا یا بطور تعویذ گلے میں ڈالنا مجرّب ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ص وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ہ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ج وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ہ

خاصیت:۔ اگر باہم لشکرِ اسلام اور لشکرِ کفار میں جنگ ہو رہی ہو تب اس آیت شریفہ کا تیرہ سو تیرہ دفعہ روزانہ پڑھنا یا سوا لاکھ مرتبہ بطور ختم پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ط وَكَانَ اللّٰهُ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۔ انشاءاللہ پہلے ختم میں مقصود حاصل ہوگا ورنہ دوسرا ختم پڑھا جائے۔ انتہا تیسرے ختم تک ضرور مقصود حاصل ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ شریر انسان کے غریب، بدزبان کے کم سخن بنانے کے لیے اس آیت شریفہ کا تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلانا یا پلانا اور سات روز تک متواتر یہی عمل کرنا نہایت مجرب ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝ اگر کسی مقام پر طاعون یا ہیضہ پھیلا ہوا ہو اور کوئی شخص وہاں سے دوسری جگہ جانا نہ چاہے، وہ ایک سو تین مرتبہ روز اس آیت کو پڑھتا رہے۔ اور کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے پر لگائے انشاءاللہ تعالیٰ ہر ایک آفت سے محفوظ رہے گا۔ آیت یہ ہے۔ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کی عورت بدچلن یا بدزبان ہو، شوہر کی اطاعت سے باہر رہتی ہو وہ شخص اس آیت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے انشاءاللہ اطاعت قبول کرے گی۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَقَرْنَ فِیْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِیْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝

https://www.facebook.com/groups/freeauliyaabooks

خاصیت: ۔ ہر مصیبت کا دفعیہ کرنا، سخت مقدمہ کا فتح ہونا، کسی لاعلاج مریض کی شفا کا حاصل کرنا، لاولد کا صاحبِ اولاد ہونا اگر کسی شخص کو منظور ہو تو ان آیتوں کو تین سو تیرہ مرتبہ دو بجے رات کو غسل کرنے اور بارہ رکعت تہجد کی پڑھنے کے بعد اکیس روز تک متواتر پڑھنا تریاق مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝

خاصیت: ۔ باطن روشن کرنے کے لیے قلب صاف ہونے کے لیے اس آیتِ مبارکہ کا سورج نکلنے سے پہلے صبح صادق کے بعد خواہ فجر کی نماز سے قبل یا بعد ایک سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝

خاصیت: ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا حضور اقدس سے خواب میں ہم کلام ہونا اگر کسی کو منظور ہو تو جمعرات کے دن گیارہ ہزار مرتبہ اور شب جمعہ کو دس ہزار مرتبہ اس آیتِ کریمہ کو باوضو روبقبلہ ہو کر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو حضورؐ کی زیارت اور ہم کلامی کی دولت سے مشرف و ممتاز ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

خاصیت: ۔ اگر کوئی شخص بے گناہ کسی الزام میں پھنسایا گیا ہو، خواہ وہ خود یا اُس کے وارث ایک روزہ جمعرات کے دن کا رکھ کر شام کو سات ہزار سات سو مرتبہ

اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ ملزم بہت جلد الزام اور بہتان سے بری اور پاک ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا ○

سورۂ سبا

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کا کوئی عزیز قریب دوست بھائی بند یا ملازم مفقود ہوگیا ہو اور عرصہ سے اس کی کچھ خبر نہ لگی ہو، اس کی خبر دریافت کرنے کے لیے اس آیت شریفہ کا پڑھنا اور اس طرح عمل میں لانا نہایت مفید اور مجرّب ہے۔ اوّل تین روزے رکھے جائیں اور برابر تینوں روزوں میں اکیس اکیس سو مرتبہ اس آیت کو باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھا جائے اور پڑھنے کے بعد پانی پر دم کیا جائے۔ جب تین دن کا دم کیا ہوا پانی تیار ہو تب تھوڑی سی زعفران اور مشک اس پانی میں گھولے جائیں پھر سفید کاغذ پر یہی آیت جو روزانہ پڑھی تھی تین مرتبہ کاغذ پر لکھ کر کسی درخت میں لٹکایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں مفقود کی خبر مل جائے گی۔ موت زندگی جو کچھ ہو گا معلوم ہو جائے گا۔ عمل مجرّب ہے، عقیدہ شرط ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ط وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ○ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا وَهُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ○

خاصیت :۔ باغ یا کھیت میں اس آیتِ مبارکہ کو لکھ کر کسی درخت پر باغ یا کھیت میں لٹکانا کل سماوی اور ارضی آفتوں سے کھیت اور باغ کو محفوظ رکھتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّشِمَالٍ ط كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ط بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ○

خاصیت :۔ اگر کسی مرد ان کا کسی کافر سے مقدمہ چل رہا ہو وہ مسلمان دورانِ مقدمہ میں تین سو تیرہ مرتبہ تہجّد کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عَلٰی سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْاٰخِرِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ پڑھ کر اس آیت کریمہ کو پڑھتا رہے، انشاء اللہ وہ کافر کبھی مقدمہ نہ جیتے گا بلکہ مسلمان فتح مند ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَحِیْلَ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَھُوْنَ کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِھِمْ مِّنْ قَبْلُ ط اِنَّھُمْ کَانُوْا فِیْ شَکٍّ مُّرِیْبٍ ہ

سُورۃ فاطر

خاصیت:۔ رزق کی ترقی کے لیے روزگار میں ترقی ہونے کے لیے اس آیتِ کریمہ کا ختم پڑھنا مجرّب ہے۔ ترکیبِ ختم یہ ہے ایک سو اکیس مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کو پڑھ کر تیرہ سو تین مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا اور برابر چالیس روز تک اسی طرح کرنا چاہیے۔ آیتیں یہ ہیں۔ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا ج وَمَا یُمْسِکْ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ ط وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ ط ھَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ہ

خاصیت:۔ اگر کسی بیمار پر گیارہ مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر سات دن تک دم کیا جائے انشاء اللہ سات روز میں مریض تندرست ہوگا۔ یا ایمان پر خاتمہ ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰہُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوْا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَھْرِھَا مِنْ دَآبَّۃٍ وَّلٰکِنْ یُّؤَخِّرُھُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ج فَاِذَا جَآءَ اَجَلُھُمْ فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِعِبَادِہٖ بَصِیْرًا ہ

سُورۃ یٰسٓ

اگر کسی دشمن ظالم کے شر و فساد کو روکنا منظور ہو تو سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھنا دشمن کو تصوّر کر کے اُس کی طرف دم کرنا نہایت مجرّب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَھُمْ

تُقْمَحُوْنَ ہ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ہ

خاصیت:۔ مشک زعفران سے ان آیتوں کو لکھ کر اپنے پاس رکھنا ہر ظالم کے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اس آیت کا مشک و عنبر سے لکھ کر مریض کے سرہانے تکیہ میں رکھنا نہایت کمزور مردہ صورت مریض کی شفا کے لیے نہایت مفید ہے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَنَکْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَھُمْ ط وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰہُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ہ

خاصیت:۔ اگر کسی باغ میں پھل نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر کم آتا ہو۔ اس آیت مبارک کو تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر باغ میں دفن کرنا یا کسی درخت کے اندر رکھنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَاٰیَۃٌ لَّھُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَۃُ ط اَحْیَیْنٰھَا وَاَخْرَجْنَا مِنْھَا حَبًّا فَمِنْہُ یَاْکُلُوْنَ ہ وَجَعَلْنَا فِیْھَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْھَا مِنَ الْعُیُوْنِ ہ لا لِیَاْکُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖ لا وَمَا عَمِلَتْہُ اَیْدِیْھِمْ اَفَلَا یَشْکُرُوْنَ ہ

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی ہو جائے، وہ غرض مند تین ہزار تین سو تیرہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس روز تک اس آیت کو پڑھے اور اوّل و آخر میں جو درود اُسے یاد ہو گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ آیت یہ ہے۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِھِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ہ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں مراد حاصل ہوگی۔ عمل مجرب ہے۔

خاصیت:۔ سخت سے سخت مریض کے لیے شفا کا حاصل کرنا منظور ہو تو سوا لاکھ مرتبہ اس آیتِ کریمہ کا ختم کرانا بے حد مفید ہے اور مجرب ہے۔ اکیس سے زیادہ پڑھنے

والے نہ ہوں اور گیارہ سے کم نہ ہوں سب کے سب وضو کریں پھر چار چار رکعتیں بطور صلوٰۃِ توبہ کے پڑھیں پھر آیتِ کریمہ کا ختم شروع کریں مگر آیت کے شروع کرنے سے پہلے ہر ایک شخص گیارہ گیارہ مرتبہ صَلَاۃُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ پڑھے پھر آیتِ کریمہ پڑھے اور وہ آیت یہ ہے۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

خاصیت:۔ خاتمہ بالخیر ہونے کے لیے کسی مریض کا اسی آیت کو ہر وقت پڑھنا انشاء اللہ نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ دشمن کی زبان بند کرنے ظالم کی بُرائی سے محفوظ رہنے کسی زبردست سرکش ظالم کو قدرتی طور پر عاجز اور لاچار کرنے کے لیے ان آیتوں کا ایک سو ایک مرتبہ گیارہ دن تک پڑھنا پھر اپنے مقصود کے حاصل ہونے کی دُعا کرنا نہایت مفید و مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓی اَفْوَاہِہِمْ وَتُکَلِّمُنَآ اَیْدِیْہِمْ وَتَشْہَدُ اَرْجُلُہُمْ بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓی اَعْیُنِہِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰی یُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰہُمْ عَلٰی مَکَانَتِہِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِیًّا وَّلَا یَرْجِعُوْنَ ۝

خاصیت:۔ کسی شوخ جانور کو اگر مطیع کرنا منظور ہو تب اُس کے گلے میں اس آیت مبارکہ کو تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر ڈالنا مفید ہے۔ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَہُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَیْدِیْنَآ اَنْعَامًا فَہُمْ لَہَا مٰلِکُوْنَ ۝ وَذَلَّلْنٰہَا لَہُمْ فَمِنْہَا رَکُوْبُہُمْ وَمِنْہَا یَاْکُلُوْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی جانور کا دودھ خشک ہو گیا ہو اور کوئی چاہے کہ یہ جانور دودھ پورے طور سے دینے لگے، سات دن تک چنے کے آٹے پر اکیس مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دَم کر کے جانور کو کھلائے نہایت مفید عمل ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ○

خاصیت:۔ سورۂ یٰسٓ شریف کا بیمار پر ایک مرتبہ روز پڑھ کر دم کرنا جلد شفا دیتا ہے۔ نزع کی حالت والے کو اس مبارک سورۃ کا سنانا جلد مشکل آسان کرتا ہے۔ رزق کی ترقی کے لیے یا جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اولاد پیدا ہونے کے لیے تین مرتبہ اس مبارک سورۃ کا روزانہ پڑھنا نہایت مجرّب عمل ہے۔ اگر کوئی مسافر سفر میں اس سورۃ کو روز تلاوت کرے گا مع الخیر اپنے گھر واپس آئے گا۔ زچّہ کو چلّہ کے ایام میں اس کا دم کیا ہوا پانی پلانا صحت کے لیے نہایت مجرّب عمل ہے۔ حاملہ کو روز اس سورۃ کو پڑھ کر بتاشہ پر دم کر کے کھلانا مع الخیر حمل سے فارغ کرنے کے لیے عجیب و غریب اثر رکھتا ہے۔ الغرض یہ سورۃ قرآن مجید کا دل ہے۔ اس کا عمل دو جہان کی مصیبتوں کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

سُورۂ صافات

خاصیت:۔ جس شخص کے اولاد مر جاتی ہو زندہ نہ رہتی ہو یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو وہ شخص ساری عمر اپنا وظیفہ ان مبارک آیتوں کا کرلے۔ ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ ساری شکایتیں دور ہو جائیں گی۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَلَقَدْ نَادٰنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ○ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ○ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ○ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ

خاصیت:۔ طاعون یا ہیضہ یا زلزلوں کا کثرت سے آنا، ان بلاؤں کے دفع کرنے کے لیے ان مبارک آیتوں کا ختم پڑھنا نہایت مجرّب اور مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ترکیب ختم۔ اکیس آدمی باوضو ہوکر ایک جگہ بیٹھیں، پھر گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار اور گیارہ مرتبہ درود شریف التحیات والا پڑھ کر آیت مبارکہ کو شروع کریں اور ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ کر پھر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار پڑھ کر سب مل کر حصولِ مقصد کے لیے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ مقصود جلد حاصل ہو گا۔

سورۂ ص

خاصیت:۔ اگر کسی مسلمان کا کسی بُت پرست سے کسی عبادت خانہ کی بابت مقدمہ یا نزاع واقع ہو رہا ہو وہ شخص ایک ہزار تین سو تیرہ مرتبہ اس آیت شریفہ کو اکیس روز تک روزانہ غسل کرنے کے بعد قبلہ رو ہوکر فتح اور نصرت کا کامل یقین جما کر پڑھے۔ انشاء اللہ فتح ہو گی آیت شریفہ یہ ہے۔ صٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝ اس ختم کے پڑھنے کا وقت عشاء کی نماز کے بعد یا تہجد کی نماز کے بعد ہے دن کو پڑھنا مفید نہ ہوگا۔

خاصیت:۔ اگر مسلمان کا کسی کافر سے مال لین دین کے متعلق کوئی نزاع ہو یا مقدمہ چل رہا ہو، پنچایت ہو رہی ہو اکیس سو دفعہ عین دوپہر کے وقت ظہر کی نماز سے پہلے سات روز تک ان آیتوں کا پڑھنا مخالف کو شکستِ فاش دیتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو کسی حاکم سے کسی مقدمہ میں ناانصافی کا اندیشہ ہو وہ شخص گیارہ روز تک صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے گیارہ سو مرتبہ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ

وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝ کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں نا انصافی نہ ہو گی۔

خاصیت:۔ دکان یا کارخانے کے چلنے کے لیے ان مبارک آیتوں کا تین سو تیرہ دفعہ روزانہ پڑھنا اور مشک زعفران سے لکھ کر بطور نقش دکان یا کارخانہ میں لگانا نہایت مفید اور مجرب عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ۝ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ اس عمل کے روزانہ پڑھنے کی ضرورت ہے۔ ایک دن کے ناغہ ہونے سے ایک مہینہ کی تاثیر غارت ہو جائے گی۔

خاصیت:۔ اگر کوئی بیٹا باپ کی نظروں میں یا نوکر آقا کی نگاہ میں وقعت پیدا کرنی چاہے تو وہ روزانہ عصر کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ ان آیتوں کو پڑھے۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۝ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ۝

سُورۂ زمر

اگر کوئی زمیندار کورے ٹھیکرے پر اس آیت کو لکھ کر اپنے کھیت کے کسی کونے گوشے میں دفن کرے گا انشاء اللہ کھیت بامراد پختہ اور تیار ہو گا۔ آیت یہ ہے۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝

خاصیت :- اگر کوئی جمعہ کے دن دسویں تاریخ محرم کو اس آیت کو چاندی کے نگینہ پر کندہ کراکر داہنے ہاتھ میں پہنے گا، انشاء اللہ ہر ایک قسم کی مصیبت اور بلا سے محفوظ رہے گا۔ کبھی اس کی سواری ریل یا جہاز تباہی میں نہ آئے گا، کبھی کوئی درندہ اُسے قتل نہ کر سکے گا، کوئی جانور اُسے ٹکر نہ مارے گا، ساری عمر گھوڑے کی لات سے محفوظ رہے گا۔ خدا کے فضل سے حفاظت کا ایک قلعہ ہے محکم، آیت شریفہ یہ ہے اور صورتِ نقش کی جو چاندی کے نگینہ میں کندہ کی جائے گی یہ ہے۔

۷۸۶	
اَلَیۡسَ اللّٰہُ	بِکَافٍ
عَبۡدَہٗ	
۷۸۶	

خاصیت :- اس آیت میں ربّ العزت نے اپنے بندوں کی ذمہ داری لی ہے اس کا پڑھنا بطور وظیفہ کشائش رزق کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

طریقہ وظیفہ پڑھنے کا یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے یا ظہر کی نماز کے بعد باوضو رو بقبلہ ہو کر ستر مرتبہ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ اکیس مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیۡعِ الۡمُذۡنِبِیۡنَ وَسَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَرَحۡمَۃٍ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمۡ پڑھ کر اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ آنکھیں بند کر کے کامل خیال اور تصور ذاتِ الٰہی کی طرف جما کر آیت مذکورہ کو پڑھے اس عمل کا ہمیشہ پڑھنا ایسا عجیب الاثر ہے کہ بس پڑھنے والا جان سکتا ہے دوسرا کوئی سمجھ نہیں سکتا۔ مسلمانو! لے لو۔ یہ خزانہ ہے غیب کا، یہ کنجی ہے خزانۂ الٰہی کی جسے خدا نصیب کرے۔

خاصیت :- دشمن کے شر سے بچے رہنے کے لیے جادو سے محفوظ رہنے کے لیے ان آیتوں کا عنبر اور مشک سے جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد لکھ کر پاس رکھنا نہایت مجرب اور مفید ثابت ہوا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَلَئِنۡ سَاَلۡتَھُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو بدخوابی یا برے خواب نظر آتے ہوں، ان آیات کو ایک کاغذ پر صندل سفید اور زعفران سے لکھ کر تکیہ کے غلاف میں رکھنا، اس پر سر رکھ کر سونا قطعاً بدخوابی برُے برُے خوابوں کو روکتا ہے عمل مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○

خاصیت:۔ باہمی آپس کے نزاع دور کرنے کے لیے اس آیت شریفہ کا مغرب کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا اور گیارہ روز تک برابر عمل کرنا مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○

خاصیت:۔ اس آیت کریمہ کا گیارہ ہزار بار پڑھنا بہت سی ارضی مشکلوں کو خدا کے فضل سے کھولتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی ظالم یا چور، قزاق پکڑا گیا ہو یا قید ہوگیا ہو، پھر قید ہو کر اس نے عدالت عالیہ میں اپنی رہائی کا اپیل دائر کیا ہو اور کوئی یہ چاہے کہ وہ ظالم اپیل میں رہا نہ ہو، وہ شخص تیرہ دن تک دوپہر کے وقت ظہر کی نماز کے بعد عصر تک تیرہ سو دفعہ روزانہ پڑھے آیت یہ ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۭ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْۗءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ○ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ انشاءاللہ ظالم کبھی رہا نہ ہوگا

خواہ کسی قدر روپیہ خرچ کردے مگر سوائے ظالم کے کسی مظلوم کے لیے یہ عمل نہ کیا جائے۔ ورنہ اندیشہ بیمار ہو جانے کا یقینی ہے۔

خاصیت:۔ دھڑکن، ہول دل، اضطرابِ قلب ہر ایک قسم کی پرانی بیماریاں دفع کرنے کے لیے تین سو مرتبہ روزانہ اکیس روز تک پڑھنا نہایت مفید ہے۔ آیت کریمہ یہ ہے یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○

خاصیت:۔ اس آیت کریمہ کا صبح صادق کے وقت جمعہ کے دن مینھ کے پانی میں مشک گھول کر لکھنا پھر اس تعویذ کو مایوس العلاج مریض کے گلے میں ڈالنا بالضرور باعثِ شفا یا جلد خاتمہ بالخیر ہونے کا سبب ہوتا ہے۔ عمل مجرّب ہے۔ مسلمانو! عجیب آیت ہے بیکسوں کا سہارا، ناامیدوں کی امید، یہی آیتِ کریمہ ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص عشاء کی نماز کے بعد اور صبح کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھے گا اور مدام یہ عمل کرتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی آفتِ ناگہانی یا تہمت اور الزام میں گرفتار نہ ہوگا۔ غیب سے رب العالمین اس کے پڑھنے والے کا محافظ رہے گا۔ اور مرتے وقت انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا۔ زندگی فضل اللہ سے اچھی بنے گی۔ مسلمانو! اس رحمت اور مغفرت کے خزانے کی طرف توجہ کرو۔

سورۂ مومن

خاصیت:۔ ہر اڑی مشکل کے لیے سنگین فوجداری مقدمہ فتح ہونے کے لیے اس مبارک آیت کا ختم پڑھنا اور انتہا درجہ تین ختم کرانے حصول مدعا کے لیے اکسیر اعظم اور تریاق مجرّب ہے۔ آیتِ عظیمہ یہ ہے۔

حٰمٓ ۚ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ○

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ اکیس یا تیئس ۲۳ آدمی وضو کرکے دو دو رکعتیں نفل پڑھیں،

نفلوں کے بعد سات سات مرتبہ الحمد شریف اور سات سات مرتبہ استغفار جو کسی کو ادھو پڑھ کر آیتِ کریمہ کا ختم شروع کریں اور ایک لاکھ ستائیس ہزار مرتبہ آیت مذکورہ کو پڑھیں۔ جب آیت کو پڑھ چکیں۔ تب پھر اسی طرح سات سات مرتبہ الحمد، قل ھو اللہ، استغفار اور درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ پہلے ختم میں مطلب پورا اور مقصود حاصل ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ہ کا عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ اور ہمیشہ پڑھنا غیب سے دروازہ کشائش رزق کا کھولتا ہے اور ہر ایک رنج اور غم میں غیب سے مددگار پیدا کرتا ہے۔ اور اس کا ورد اور ہر وقت کا وظیفہ کرنا ولایت کے درجہ کو پہنچاتا ہے۔ خدا اپنے فضل سے نصیب کرے۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو منظور ہو کہ اپنے گھر آرام سے رہے اس موقع پر کہ جب سارا شہر طاعون وغیرہ کی بلا کے سبب بھاگ رہا ہو اور اس شخص کو کسی طرح کی تکلیف یا مصیبت نہ پہنچے، وہ شخص اپنے مکان کے دروازہ اور دالان کے اندر کی دیوار پر ان آیات کو لکھ کر لگائے۔ اور خود اکیس مرتبہ صبح اکیس مرتبہ شام کو اس مکان میں بلند آواز سے پڑھے انشاء اللہ قطعاً ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَللّٰہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا فِیْہِ وَالنَّھَارَ مُبْصِرًا ط اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْکُرُوْنَ ہ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ہ اَللّٰہُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَکُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَکُمْ وَرَزَقَکُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ہ ھُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ

سُورۃ حٰم سجدہ

خاصیت :۔ اگر مینہ برسانے کے لیے کسی عمل کی ضرورت ہو تب ہرنی کی کھال کے سات جگہ کے سات ٹکڑوں پر اس آیت کو لکھا جائے اور متفرق طور پر جنگل کے درختوں پر لٹکایا جائے۔ وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الۡاَرۡضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهَا الۡمَآءَ اهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ ؕ اِنَّ الَّذِىۡۤ اَحۡيَاهَا لَمُحۡىِ الۡمَوۡتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝

خاصیت :۔ گیارہ مرتبہ مریض پر پڑھ کر دم کرنا مریض کو شفا بخشتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَلَوۡ جَعَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا اَعۡجَمِيًّا لَّقَالُوۡا لَوۡلَا فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعۡجَمِىٌّ وَّعَرَبِىٌّ ؕ قُلۡ هُوَ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ فِىۡۤ اٰذَانِهِمۡ وَقۡرٌ وَّهُوَ عَلَيۡهِمۡ عَمًى ۝

خاصیت :۔ مخالفین کے پست کرنے کے لیے رات کو دو ہزار تین سو تیرہ مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا مخالف کو نہایت پست اور ناچار کرتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرۡتُمۡ بِهٖ مَنۡ اَضَلُّ مِمَّنۡ هُوَ فِىۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ ۝ سَنُرِيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا فِى الۡاٰفَاقِ وَفِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُ الۡحَـقُّ ؕ اَوَلَمۡ يَكۡفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ۝

ترکیب ختم یہ ہے کہ اتوار کو روزہ رکھے، شام کو روزہ کھول کر سوائے ایک گھونٹ پانی کے کچھ نہ کھائے، پھر ننگے سر ہو کر گیارہ مرتبہ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡعَظِيۡمِ۔ پڑھ کر مقصود کے حاصل ہونے کی دعا کرے اور پھر عشاء کی نماز کے بعد کھانا کھا کر سو جائے۔ انشاء اللہ بہت جلد اثر معلوم ہوگا۔

سُورۃ شوریٰ

خاصیت :۔ کسی سخت مریض کے لیے چینی کی طشتریوں پر اکیس روز تک لکھ کر پلانا بہت جلد شفا بخشتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ سے لے کر وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ تک چھ آیتیں

شفا کا خزانہ ہیں۔ مگر نہار منہ سب سے اوّل یہی طشتری پلائی جائے۔

خاصیت :۔ جو لڑکا شرارت کرتا ہو، مسجد یا مدرسہ سے بھاگتا ہو والدین کی اطاعت نہ کرتا ہو، اس کے مطیع کرنے کے لیے اس مبارک آیت کا سات مرتبہ کسی برتن میں اسے کھانا کھلانا یا پانی پلانا اور گیارہ دن تک یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے آیت شریفہ یہ ہے۔ اَللّٰہُ یَجْتَبِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَہۡدِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یُّنِیۡبُ ؕ

خاصیت :۔ رزق کی فراخی کے لیے روزانہ پانچ سو پانچ مرتبہ اس آیت شریفہ کا پڑھنا اور اس عمل پر مداومت کرنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ ؕ

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوئی ہو اور اس کا دل اولاد کو چاہتا ہو، یا کوئی دولت مند ہو مگر وارث نہ ہو اس کے لیے اس مبارک آیت کا سات سو ستر مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ عرصہ ایک سال میں اولاد پیدا ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے ۔ وَہُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ الۡغَیۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَیَنۡشُرُ رَحۡمَتَہٗ ؕ وَہُوَ الۡوَلِیُّ الۡحَمِیۡدُ ؕ

خاصیت :۔ اکیس روز تک حیض موقوف ہونے کے بعد سیب یا ابلے ہوئے پوست اُترے انڈے پر لکھنا اور پھر عورت کو نہار منہ کھلانا خدا کے فضل سے بانجھ عورت کو اولاد بخشتا ہے ۔ لِلّٰہِ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ یَخۡلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ الذُّکُوۡرَ ۙ اَوۡ یُزَوِّجُہُمۡ ذُکۡرَانًا وَّاِنَاثًا ؕ

سورۂ زخرف

خاصیت :۔ ریل یا کشتی یا جہاز یا گھوڑے وغیرہ سواری پر بیٹھنے سے پہلے تین مرتبہ اس آیت کا پڑھنا خدا کے فضل سے ہر ایک آفت سے محفوظ رکھتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ہٰذَا وَمَا کُنَّا

لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ۙ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

خاصیت:۔ جس بچے کو پیاس ہوجائے یا دودھ پینا چھوڑ دے اس آیت کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالنا یا کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈال کر وہ پانی اس بچے کو پلانا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝

خاصیت:۔ باری کے بخار کے لیے پان پر لکھ کر تین روز تک برابر کھلانا بخار کی باری کو موقوف کرتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَقِیْلِہٖ یٰرَبِّ اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ عَنْھُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ط فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ۝

سورۂ دخان

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کو کسی مقدمہ یا کسی بڑے معاملہ کا انجام معلوم کرنا ہو وہ ان آیتوں کو تیرہ سو دفعہ نوچندی جمعرات کو بطور ختم پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ العزیز خواب میں بطور بشارت اس کام کا انجام جو کچھ ہونا ہوگا وہ سب معلوم ہوجائے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ حٰمٓ ۚ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ ۝ فِیْھَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ ۙ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا اِنَّا کُنَّا مُرْسِلِیْنَ ۝ رَحْمَۃً مِّنْ رَّبِّکَ ط اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا اِنْ کُنْتُمْ مُّوْقِنِیْنَ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ط رَبُّکُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِکُمُ الْاَوَّلِیْنَ ۝ بَلْ ھُمْ فِیْ شَکٍّ یَّلْعَبُوْنَ ۝

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ جمعرات کو روزہ رکھا جائے سارے دن کا اعتکاف کیا جائے، نماز پنجگانہ باجماعت ادا ہو، ایک نماز کے بعد سے دوسری نماز تک عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ عامل برابر پڑھتا رہے، مغرب کی اذان پر روزہ کھول کر تھوڑی سی روغنی روٹی کھا کر ذراسی دیر قطب کی طرف منھ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari TRUE AHLIYAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کر کے لیٹا رہے اور برابر عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ کی تسبیح جاری رکھے پھر عشاء کی نماز پڑھ کر تیرہ سو تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر سو دفعہ یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ پڑھ کر خاموش ہو کر اسی جگہ سو رہے۔ جو کچھ خواب دیکھے اُسے یاد رکھے انشاء اللہ جو مقصود ہو گا وہ حاصل ہو جائے گا۔ جس بات کی اطلاع ہونی مقصود تھی وہ بات معلوم ہو جائیگی۔

خاصیت:۔ ظالم قوم کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے جب تک خوف باقی ہو ہر روز تین سو تیرہ مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا نہایت مجرّب ہے مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِنِّیْٓ اٰتِیْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۝

خاصیت:۔ ناجائز مجمع توڑنے کے لیے ان آیتوں کا ایک ہزار مرتبہ دوپہر کے وقت ظہر کی نماز سے پہلے پڑھنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَیْـًٔا وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝

سورۂ جاثیہ

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص ان آیتوں کو لکھ کر کسی مریض آسیب زدہ کے پاس رکھے یا یہ نقش زچہ کے پاس رکھا جائے انشاء اللہ کبھی کوئی جن بھوت پلید پاس نہ آئے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ۝ یَّسْمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَیْهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰیٰتِنَا شَیْـَٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا یُغْنِیْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَیْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِیَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝

خاصیت:۔ دریا میں سوار ہو کر سلامت اُترنے کے لیے یا کسی اور سواری پر سوار ہو کر مع الخیر اُترنے کے لیے تین مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا نہایت مجرّب ہے۔

آیتیں یہ ہیں۔ اَللّٰہُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَکُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْکُ فِیْہِ بِاَمْرِہٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِہٖ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ۝ وَسَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْہُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی مکان میں آسیب کا اثر ہو یا کسی شخص پر آسیب آکر ستاتا ہو، اس آیت کا مشک عنبر زعفران قدرے صندل سرخ سے لکھ کر مریض کے سرہانے رکھنا یا مکان کی دیوار پر چسپاں کرنا نہایت مجرب ہیں۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَتَرٰی کُلَّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃً کُلُّ اُمَّۃٍ تُدْعٰۤی اِلٰی کِتٰبِہَا ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ ھٰذَا کِتٰبُنَا یَنْطِقُ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

خاصیت:۔ چوتھیہ بخار کے لیے پُرانے گڑ میں چار دانے سرخ مرچوں کے رکھ کر سات مرتبہ ان آیتوں کا پڑھ کر دم کرنا اور وہ گڑ مریض کو کھلانا۔ تین روز تک برابر یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝

خاصیت:۔ جانکاہ زخموں کو اچھا کرنے کے لیے ان ہی مذکورہ آیتوں کا سو دفعہ روزانہ سترہ دن تک پڑھنا، پھر روزانہ پانی پر دم کرکے مریض کو پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔

خاصیت:۔ عزت، آبرو، وقار حاصل کرنے کے لیے ترکِ حیوانات جلالی کرنے کے بعد تیرہ دن میں ایک لاکھ اکیس ہزار مرتبہ ان آیتوں کا ختم پڑھنا۔ ہر سال میں دو مرتبہ ہر ششماہی کے بعد نہایت عجیب الاثر عمل ہے یعنی جس مرتبہ کا شخص اس عمل کو کرے گا اس کا شریک پیشہ اس مرتبہ عزت اور وقار کو کبھی نہ پہنچے گا۔ اور ترک حیوانات جلالی یہ ہے کہ گوشت ہر قسم کا لہسن، پیاز، حقہ، زردہ جملہ بدبودار چیزیں کھانے یا برتنے کی ممانعت ہے۔ روزانہ غسل کرنا کسی قدر خوشبو کا استعمال

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کرنا لازمی ہے۔

سُورۂ احقاف

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کے مزاج میں نسیان زیادہ ہوگیا ہو اور وہ اپنا علاج کرنا چاہے، رات کو سات دانہ بادام کے پانی میں بھگو کر صبح سُرخ پوست اُتار کر ہر ایک دانہ پر سات مرتبہ اس آیتِ کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ پھر اُن باداموں کو نہار منھ کھائے، اکیس دن تک یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ نسیان اور بھول زائل ہوکر حافظہ تیز ہو جائے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ حٰمٓ ۚ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ وَالَّذِينَ كَفَرُوا عَمَّا أُنذِرُوا مُعْرِضُونَ ۝

خاصیت:۔ اگر بچہ روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو۔ ایک کاغذ پر ان مبارک آیتوں کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا ۝ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی بچہ کو سوکھا لگ جائے روز بروز دُبلا ہوتا چلا جائے ایسے بچے کے لیے آدھ سیر سرسوں کے تیل پر ایک ہزار مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھ کر دم کرنا پھر روزانہ صبح اور شام وہ تیل اس بیمار بچہ کے بدن پر ملنا، اکیس روز میں بچہ کو خدا کے فضل سے شفا بخشتا ہے۔ آیتِ کریمہ ہے أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

خاصیت:۔ ظالم کے مکر اور کید کو باطل کرنے کے لیے ہرن کی کھال پر زعفران

سے ان آیتوں کو لکھ کر کسی پرانے درخت میں لٹکانا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

سورۂ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

خاصیت :۔ اگر کسی کو متلی اُبکائی لاحق ہو اور کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو تو ایک کورے مٹی کے پیالے کو عرقِ گلاب سے دھو کر خشک کرنے کے بعد ان مبارک آیتوں کو لکھ کر مریض کو اس میں دن میں تین دفعہ پانی پلانا یا دوا پلانا نہایت مفید اور مجرّب ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۔

خاصیت :۔ اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہوگیا ہو، اس کے گلے میں ان آیتوں کو لکھ کر ڈالنا اور ان آیتوں کے پانی سے سینہ کو دھونا، پھر اس پانی کو محفوظ دیوار پر چھڑکنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۝

خاصیت :۔ جو شخص برے خواب دیکھتا ہو۔ وہ چاہے کہ برے خواب نظر نہ آئیں وہ شخص تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اس آیت کو پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ کوئی خواب نظر نہ آئے گا۔ آیت یہ ہے۔ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝

سورۂ اِنّا فتحنا

خاصیت :- اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا سے لے کر فَوْزًا عَظِيْمًا ہ تک پانچ آیتوں کا روزانہ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا تمام فتوحات کی کنجی ہے۔ غیب سے روزی پہنچنے کا ذریعہ ہے۔

خاصیت :- ان پانچ آیتوں کا ایک ہزار ایک مرتبہ روزانہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا۔ لشکرِ اسلام کی نمایاں فتح پیدا کرتا ہے۔

خاصیت :- ان آیتوں کو کسی مریض کے گلے میں زعفران سے لکھ کر ڈالنا مرضِ مہلک کو زائل کرتا ہے۔

خاصیت :- ان آیتوں کو صبح کی نماز کے بعد سترہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرنا پھر بیمار کو پلانا یا کند ذہن کو پلانا، یا مدرسہ دوکان، کارخانہ سے بھاگنے والے بچّہ کو پلانا خدا کے فضل سے ساری شکایتوں کو زائل کرتا ہے۔ عمل مجرّب ہے خلوص شرط ہے۔

خاصیت :- دشمن کے غارت ہونے کے لیے بدھ، جمعرات، جمعہ کے تین روزہ رکھے جائیں، دن کو روزہ رکھ کر تین ہزار مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا بہت جلد ظالم دشمن کو غیب سے برباد کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ط عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ط وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ط وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ہ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ہ

خاصیت :- میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا ہونے کے لیے کسی شیرینی پر اکیس مرتبہ ان مبارک آیتوں کا پڑھ کر دم کرنا، پھر جسے مطیع کرنا منظور ہو، اُسے کھلائے تین دفعہ کے عمل کرنے میں مقصود حاصل ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ط يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۝

خاصیت: ۔ اِن مبارک آیتوں کو ہرن کے چمڑے پر لکھ کر جگہ جگہ شہر یا گاؤں کے چاروں طرف درختوں پر لٹکانا ہر ایک قسم کی بلا طاعون ہیضہ آگ لگنا وغیرہ وغیرہ سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت: ۔ ان مبارک آیتوں کا سات دفعہ صبح، سات دفعہ شام کو روز پڑھنا ہر ایک قسم کی گندی بیماری مثلاً پھوڑا پھنسی وغیرہ، ایسی بیماریاں جس میں ستر کھول کر زخم وغیرہ دکھانے کی ضرورت پڑے، محفوظ رکھتا ہے۔ ہر ایک مسلمان اس عمل پر مداومت کرے۔ عمل آسان ہے اور فائدے بہت کثیر ہیں۔

خاصیت: ۔ اگر کوئی شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا مشتاق ہو اور اُسے زیارت نہ ہوتی ہو۔ گیارہ دن تک تین ہزار مرتبہ ان ہی آیتوں کو روزانہ پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً زیارت سے مشرف ہوگا۔

خاصیت: ۔ سر کے درد کے لیے ان آیتوں کا سفید کاغذ پر لکھ کر سر کے بالوں میں رکھنا قطعاً دردِ سر کے لیے مفید اور مجرّب ہے۔

خاصیت: ۔ اُمّ الصّبیان کے مرض کے لیے ان آیتوں کو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کر گلے میں ڈالنا نہایت مجرّب ہے حق تعالیٰ نے ان مبارک آیتوں میں نہایت تاثیر رکھی ہے۔ خلوص اور محبّت درکار ہے۔

خاصیت: ۔ دوکان کی برکت کے لیے نظرِ بد سے محفوظ رہنے کے لیے ان آیتوں کو تانبے کے پترے پر جمعہ کے دن کندہ کرا کے صندوقچہ میں رکھنا نہایت مجرّب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اِذْ یُبَایِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ عَلَیْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا ۙ وَّمَغَانِمَ كَثِیْرَةً یَّاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ ۔

خاصیت:۔ طاعون یا ہیضہ کے موقع پر اس آیت کو لکھ کر پاس رکھنا نہایت امن کا باعث ہوتا ہے آیت یہ ہے۔ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِیْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۚ لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ

خاصیت:۔ اگر کوئی چاہے کہ اچھا خواب دیکھے، اس آیتِ مبارکہ کو مشک سے لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھے اور سات مرتبہ درود شریف جو یاد ہو پڑھ کر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ۝ هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ۚ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔

خاصیت:۔ جو شخص چاہے کہ مجھے حج نصیب ہو جائے اور زیارت مدینہ منورہ بھی کر لوں۔ وہ اِن آیتوں کو تین سو گیارہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد چالیس روز تک پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے اُس کے حج کا سامان ہو جائے گا عمل مجرب ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو وحشت اور ہول دلی لاحق ہو، ان آیتوں کو چینی کی طشتری پر لکھ کر پندرہ منٹ تک پہلے خوب دیکھ کر پھر پانی ڈال کر حرفوں کو زائل کر کے پی لینا نہایت مفید ہے۔ عمل برابر سات روز تک کیا جائے۔

خاصیت:۔ جس کے آدھے سر میں درد ہو یا نکسیر بہتی ہو، اس کے ماتھے پر زعفران

سے اس آیت کا لکھنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡہُمۡ مَّغۡفِرَۃً وَّ اَجۡرًا عَظِیۡمًا ۝

سُورۂ حجرات

خاصیت :۔ اگر کوئی شخص اپنے مقابل مناظر کو پست کرنا یا مغلوب کرنا چاہے، وہ سورۂ حجرات کی پہلی آیت یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیِ اللّٰہِ سے لے کر مَّغۡفِرَۃٌ وَّ اَجۡرٌ عَظِیۡمٌ تک تین آیتوں کو مشک خالص سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور مناظرہ وغیرہ شروع کرنے سے پہلے سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر تقریر شروع کر دے انشاء اللہ تعالیٰ مدمقابل جلد بند اور لاچار ہو جائے گا۔

خاصیت :۔ دو لڑے ہوئے میں صلح کرانے کے لیے اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر دونوں کو پلانا مجرب ہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَۃٌ فَاَصۡلِحُوۡا بَیۡنَ اَخَوَیۡکُمۡ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ۝

خاصیت :۔ اگر کسی کو بطور استخارہ کسی بات کا دیکھنا منظور ہو، وہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار تین سو تین مرتبہ پڑھ کر اُسی جگہ سو جائے جو بات بہتر ہوگی وہ معلوم ہو جائے گی۔ آیت شریف یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ غَیۡبَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ اللّٰہُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ۝

اگر ایک دن میں مقصود حاصل نہ ہو تو دوسرے دن پھر تیسرے دن اس عمل کو کیا جائے۔ اگر صاف نظر نہ آئے تو جو خواب دیکھے وہ یاد رکھے اور اس کی تعبیر کسی عالم، اہلِ سنت خوش عقیدہ متبع سُنّت، صحابہؓ کے قدم بقدم چلنے والے سے پوچھے ہر ایک سے خواب بیان نہ کرے۔ پھر جو خواب کی تعبیر ہو اُس کے موافق عمل کرے، انشاء اللہ تعالیٰ بہتر ہو گا۔

سُورۃ ق

خاصیت:- اگر کوئی شخص کہیں نیا ملازم ہوا ہو، یا کہیں سے بدل کر آیا ہو اور عملہ کے ملازم اُس کے آنے سے ناراض ہوں، اُس کے اُکھیڑنے کی ترکیب کرتے ہوں تب یہ شخص سب کو زیر، یا راضی کرنے کے لیے اس آیتِ شریفہ کو نوسو دفعہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے۔ پھر پانی پر دم کرکے وہ پانی پاس رکھے گیارہ روز تک اسی طرح پڑھے بارہویں دن اس پانی میں زعفران گھول کر اس آیت کو بطور تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ عملہ کے سارے آدمی راضی ہو کر دوست ہوجائیں گے۔ عمل نہایت مفید ہے، آیتِ کریمہ یہ ہے۔ قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝

خاصیت:- اگر کسی کی نگاہ میں ضعف آگیا ہو وہ شخص سُرمہ سیاہ سونف کے عرق میں خوب باریک پسوا کر تیار کرا لے پہلے ایک سو اکتالیس مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر سونف کے عرق پر دم کرے۔ پھر اس عرق میں سُرمہ پیس کر لگایا جائے۔ انشاءاللہ بصارت کا ضعف رفع ہوجائے گا۔ آیت شریف یہ ہے۔ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

خاصیت:- اگر کسی مریض کے لیے بخار چڑھانا مفید ہو، اُس کے ماتھے پر اس آیت کا لکھنا نہایت مفید ہے۔ يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ۝ اور اسی آیت کو لکھ کر مریض کو بلانا بھی مفید ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو بخار ہوجائے گا۔

خاصیت:- اس آیتِ کریمہ کو عقیقِ یمنی پر کندہ کرا کر پاس رکھنا مشقت کے کاموں میں شامل رہنے کے بعد تکان نہ ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۝

خاصیت:۔ مرگی والے شخص کو چالیس دن تک اِس مبارک آیت کو عنبر سے لکھ کر روزانہ گھول کر پلانا نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِجَبَّارٍ قف فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ یَّخَافُ وَعِیْدِ ۝

سورۂ ذاریات

حمل قرار پانے کے لیے تین کھجوروں پر پڑھ کر کھجوریں عورت کو کھلانا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا ۙ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا ۙ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ وَّاِنَّ الدِّیْنَ لَوَاقِعٌ ۝ ہر ایک کھجور پر ایک سو اکیس مرتبہ آیت شریفہ کو پڑھ کر دَم کیا جائے اور سات روز تک برابر یہ عمل کیا جائے۔

خاصیت:۔ فراخی رزق اور ترقی درجات کے لیے ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو روزانہ پڑھنا نہایت مجرّب عمل ہے۔ وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝ اس عمل کو روز کیا جائے نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ تھوڑا سا گوشت کا ٹکڑا لے کر پکایا جائے، پھر ایک پارہ گوشت پر ان مبارک آیتوں کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر عورت کو کھلانا خدا کے فضل سے بیٹے کی امید پیدا کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَرَاغَ اِلٰٓی اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِیْنٍ ۙ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَیْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ۝ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ ۝ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ ۝

خاصیت:۔ جب بانجھ عورت حیض سے پاک ہو اس دن دو انڈے پانی میں اُبال کر ان کا چھلکا اُتار کر سفیدی پر یہ دو آیتیں لکھی جائیں، جو انڈا عورت کو

کھلایا جائے اُس پر یہ آیت وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ہ اور جو انڈا مرد کھائے گا اُس پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ہ ہر ایک زوجین اپنا اپنا حصہ نوش کریں۔ رات کو ہم بستر ہوں۔ متواتر تین دن تک اسی طرح کیا جائے، انشاءاللہ ضرور اُمید پوری ہوگی۔

خاصیت :۔ چاندی کے نگینہ پر دسویں محرّم کو اس آیتِ مبارکہ کو کندہ کرا کر اس کو انگوٹھی میں پہننا رزق کی ترقی کے لیے نہایت مفید عمل ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ہ

سُورۂ طور

خاصیت :۔ جو بچّہ رات کو ڈرتا ہو یا روتا ہو اس کے گلے میں ان آیات کو [illegible] کندہ کرا کر ڈالنا بچّہ کو خدا کے فضل سے ڈرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ آیات یہ ہیں۔ وَالطُّوْرِ ہ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ہ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ہ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ہ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ہ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ہ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ہ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ہ

خاصیت :۔ جو بچّہ یا بڑا یا عورت رات کو سوتے ہوئے دانت پیستی ہو یا چباتی ہو تو اس کے گلے میں ان مبارک آیتوں کا ڈالنا مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ يَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ہ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ہ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ہ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ہ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ہ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ہ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ہ

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کا بچّہ بیٹا ہو یا بیٹی یا کوئی عزیز مر گیا ہو۔ پھر وہ خواب میں نہ آیا ہو اور دل اس کے دیکھنے کو چاہتا ہو، وہ شخص اکیسویں شب کو، یا جب کہ اندھیری راتیں ہو جائیں۔ گیارہ سو مرتبہ درود شریف جو یاد ہو پڑھنے کے بعد یہ آیت پڑھے۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

اَلَتْنٰھُمْ مِّنْ عَمَلِھِمْ مِّنْ شَیْءٍ ط کُلُّ امْرِیءٍ ۢ بِمَا کَسَبَ رَھِیْنٌ ہ انشاء اللہ تین روز اس عمل کے کرنے سے مراد پوری ہوگی۔

خاصیت:۔ جس کی آنکھیں دُکھنے آئی ہوں یا آنکھوں کو آرام ہوگیا ہو مگر سُرخی باقی رہ گئی ہو وہ شخص اس مبارک آیت کو پانی پر دم کرکے سلائی پانی میں تر کرکے آنکھوں پر پھیرے۔ بفضلہ تعالیٰ سات روز میں شفاء کُلّی حاصل ہوگی آیتیں یہ ہیں۔ فَذَکِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّکَ بِکَاھِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ہ اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِھٖ رَیْبَ الْمَنُوْنِ ہ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَکُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ہ

سُورۃ النجم

خاصیت:۔ اگر مجنون شخص کا علاج کرنا منظور ہو تو عامل کو چاہیے کہ پہلے اپنا تصفیہ کرے اور گیارہ روزے رکھے۔ ان روزوں کے درمیان جلالی پرہیز کے ساتھ سوا لاکھ مرتبہ یا نُوْدُ کا ختم پڑھے۔ بارھویں دن سورۃ النجم کی شروع کی بارہ آیتیں وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوٰی سے لے کر اَفَتُمٰرُوْنَہٗ عَلٰی مَا یَرٰی تک سات ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مجنوں شخص کے سر کو اس پانی سے دھارا جائے اور سات روز تک برابر یہی عمل کیا جائے۔ یعنی سورۃ النجم کی بارہ آیتیں سات ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مجنوں شخص کے سر کو اُس پانی سے دھارا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مجنوں درست ہو جائے گا۔ پھر اس پانی کو احتیاط سے کہیں پاک جگہ دفن کرایا جائے۔ عمل مجرب ہے، اخلاص شرط ہے۔

خاصیت:۔ ضعفِ بصارت کی شکایت رفع کرنے کے لیے تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ہ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّہِ الْکُبْرٰی۔

خاصیت:۔ زوجین میں اتفاق بڑھانے کے لیے اس مبارک آیت کو زعفران سے لکھ کر تعویذ کو حنا کا عطر لگا کر عورت کا اپنے پاس تعویذ بنا کر رکھنا نہایت

مجرب اور مفید عمل ہے۔ آیتِ مبارکہ کے لکھنے سے پہلے تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر پھر تین مرتبہ آیت کو لکھا جائے۔

خاصیت:۔ حاملہ عورت کو اکتالیس روز پان پر لکھ کر کھلانے سے انشاء اللہ خدا کے حکم سے لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ہ مگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور ساتھ لکھی جائے۔

خاصیت:۔ نظرِ بد کا علاج یہ ہے کہ لوبان پر اس آیت کریمہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنے کے بعد اس لوبان سے مریض کو دھونی دی جائے انشاء اللہ بد نظر کا اثر جاتا رہے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ہ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ہ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ہ

خاصیت:۔ جو شخص بے ہوش ہو گیا ہو، اس کو ہوش میں لانے کے لیے سات مرتبہ مع بسم اللہ کے ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر آہستہ آہستہ چھینٹا دینا نہایت مفید اور مجرب عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَغَشّٰهَا مَا غَشّٰى ہ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ہ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ہ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ہ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ہ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ہ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ہ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ہ

خاصیت:۔ سورۃ النجم کا تین مرتبہ آسیب زدہ مکان میں پڑھنا جن، بھوت پلید کو مکان سے دفع کرتا ہے۔

خاصیت:۔ جس عورت کو مسان کا خلل ہو بچے مر جاتے ہوں، اس مبارک سورۃ کا ایک دفعہ مشک عنبر زعفران سے لکھ کر تعویذ کے طور پر گلے میں ڈالنا مسان کے مرض کو زائل کرتا ہے۔ جب بچہ پیدا ہو تو اسی طرح کا دوسرا تعویذ تیار کر کے بچہ

کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ مرض بالکل دفع ہو جائے گا۔

خاصیت:۔ جس عورت کو رحم کا مرض ہو خواہ کسی قسم کا ہو اس کے لیے اس مبارک سورۃ کا زعفران سے لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ ایام حمل میں اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پورے نو ماہ تک پلانا خدا کے فضل سے فرزند بخشتا ہے۔

خاصیت:۔ جس گھر میں یہ سورۃ تانبے کی تختی پر کندہ کرا کر گھر میں رکھی جائے اس مکان میں کبھی کوئی سانپ کسی کو نہ کاٹ سکے گا۔ عمل مجرب ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو مشک سے جمعہ کے دن لکھ کر سفر کے موقعہ پر پاس رکھنا ہر قسم کی آفت سے خدا کے فضل سے محفوظ رکھتا ہے۔ تجارت میں برکت، سفر کی تکلیفوں میں سہولت پیدا کرتا ہے مسلمانو! یہ عجیب مبارک سورۃ ہے۔ اس پر عمل کرو اس کے معنی عجیب و غریب ہیں۔ اس کی فصاحت و بلاغت بے پایاں ہے۔ یہ ایک خزانہ عرشِ الٰہی کے خزانوں سے ہے۔ جس کے سینہ میں اس خزانہ کی گنجائش ہو وہ ضرور لکھ کر رکھے۔

سورۃ قمر

خاصیت:۔ جس شخص کو قرآن مجید یاد کرنا مقصود ہو، وہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ باوضو قبلہ رو ہو کر اس مبارک آیت کو تلاوت کرے۔ جب فارغ ہو پانی پر دم کر کے قدرے پانی اپنے سینہ پر ملے، باقی پی لیوے اور ہمیشہ روزانہ ایسا ہی کرتا رہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ○

خاصیت:۔ دشمن کے ہلاک کرنے کے لیے ان آیتوں کو رات کے بارہ بجے ننگے سر کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ سات روز تک پڑھنا قطعاً دشمن کو کمزور کرتا ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ○ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَا اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۝ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝

خاصیت:- لشکرِ کفار کے پراگندہ کرنے کے لیے سات جگہ سات کاغذوں پر ان مبارک آیتوں کو لکھ کر سات مختلف درختوں پر لٹکانا انشاء اللہ قطعاً دشمن کے لشکر کو پراگندہ کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ۝ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۝ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ۝

خاصیت:- سورہ قمر کا تین مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا ہر ایک بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:- اس مبارک سورۃ کو سات مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنا یا پانی پر دم کر کے پلانا شفا اور صحت کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

سورۃ الرحمٰن

خاصیت:- جس شخص کا سینہ تنگ ہو، قرأت پڑھتے یا وعظ کہتے یا مناظرہ کرتے اس کا سانس پھول جاتا ہو، وہ شخص اپنے اس روگ کو زائل کرنے کے لیے اس مبارک سورۃ کی پہلی دو آیتیں ایک ہزار مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں یہ مرض جاتا رہے گا۔

خاصیت:- اگر کسی شخص کی آنکھیں درد کرتی ہوں تو زعفران سے اس آیتِ شریفہ کو ماتھے پر مریض کے لکھنا نہایت مفید عمل ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

https://www.facebook.com/groups/freeurdubooks ... FREE KITAABYAAT BOOKS

خاصیت:۔ سورۂ رحمٰن کی زکوٰۃ دے کر اس مبارک سورۃ کا تلاوت کرنا نہایت مفید ہے۔ ترکیب زکوٰۃ کی یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے والا سات دن تک متواتر روزے رکھے، مسجد میں اعتکاف کرے ایک سو اکتالیس مرتبہ روزانہ اس مبارک سورۃ کو پڑھے، اس کے بعد تین مرتبہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ اس سورۃ کو پڑھتا رہے انشاء اللہ سورۂ مبارکہ قبضہ میں رہے۔ زکوٰۃ دینے کے بعد ایک سفید سات تار کا سوت پونے دو گز لمبا ہاتھ میں لے کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس مبارک سورۃ کو تلاوت کرے جس وقت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہنچے ایک گرہ لگائے اسی طرح ہر ایک فبای آلاء کے بعد گرہ لگاتا رہے بعد ختم ہونے سورۃ کے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گنڈا تیار کرے چیچک والے بچہ کے گلے میں ڈالے، انشاء اللہ آنکھ، کان، ناک کی سلامتی کے ساتھ بچہ شفا پائے گا۔ آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ آسیب کا اثر جاتا رہے گا جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اُس کے گلے میں ڈالنا آنکھوں کو جلد شفا دیتا ہے۔

سورۂ واقعہ

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا فاقہ سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ سورۂ واقعہ جب مینھ نہ برستا ہو اور بارش کی ضرورت ہو سات مرتبہ روز پڑھنا خدا کے حکم سے بارش کے ہونے کا سبب ہو جاتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر بارش کی کثرت ہوگئی ہو اور مینھ کسی طرح نہ کھلتا ہو، پانچ مرتبہ اس مبارک سورۃ کا پڑھنا بارش کے کھل جانے کا سامان ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کو استسقاء کا مرض ہوگیا ہو اُسے اس مبارک سورۃ کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات روز تک پلانا مرض میں بہت تخفیف پیدا کرتا ہے۔ اور اخلاص کامل ہوگا تو انشاء اللہ تعالیٰ بالکل صحت کامل ہو جائے گی۔

https://www.facebook.com/groups/freeadiyoo FREE AMLIYAAT BOOKS

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا اس باغ کے پھلوں کو آفتِ ارضی وسماوی سے محفوظ رکھنے کا باعث ہوگا۔

سُورۃ حدید

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کی چھ آیتیں سَبَّحَ لِلّٰہِ سے لے کر عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ تک اکیس روز تک تین یا تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھنا مرگی کے مرض کو شفا دیتا ہے، گم ہوئے شخص کا پتہ لگاتا ہے۔ شہادت کی موت نصیب کرتا ہے، ہر ایک قسم کے مریض کے گلے میں لکھ کر ڈالنا تندرستی بخشتا ہے۔

خاصیت:۔ جو بچہ گونگا رہ جاتا معلوم ہوتا ہو، تین چار برس کا ہوگیا ہو مگر بولتا نہ ہو، اُسے اکیس روز تک ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر گھول کر پلانا خدا کے فضل سے زبان عطا کرتا ہے۔

خاصیت: جس شخص کو رات میں سوتے ہوئے ڈر لگتا ہو وہ ان مبارک آیتوں کو تانبے کے پترے پر جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد بارہ بجے سے پہلے پہلے کندہ کرا کر رات کو سوتے وقت اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ڈر نہ لگے گا، نہ کوئی بُرا خواب نظر آئے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ ھُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِہٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ بِکُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ یَوْمَ تَرَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ یَسْعٰی نُوْرُھُمْ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَبِاَیْمَانِھِمْ بُشْرٰىکُمُ الْیَوْمَ ۝

خاصیت:۔ اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُھُمْ لِذِکْرِ اللّٰہِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ۔ اس آیت کو سات مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے لکھ کر شریر بچہ کو گھول کر پلانا اور سات روز اسی طرح کرنا بچہ کے دل میں نہایت صلاحیت پیدا کرتا ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو کمزور مقدمہ میں سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا کمزور مقدمہ کو زور دار اور ہارے ہوئے مقدمہ کو جتواتا ہے۔ عمل مجرب ہے۔ جس قدر ضرورت مند پڑھے گا اُسی قدر جلد کام ہوگا۔

سورۃ مجادلہ

جس عورت کا خاوند زبان دراز ہو، گالیاں بکتا ہو اور عورت چاہے کہ مرد گالیاں بکنی موقوف کر دے، وہ عورت ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ گیارہ روز تک اس آیت کو پڑھے اور خاوند کو پڑھا ہوا پانی پلائے انشاء اللہ بہت جلد مرد کے اخلاق درست ہوں گے آیت شریفہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ فِیْ زَوْجِھَا وَتَشْتَکِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ﷺ وَاللّٰہُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَکُمَا اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کا کسی کبی وغیرہ ناجائز عورت سے تعلق ہوگیا ہو، اس تعلق کے چھڑانے کے لیے اس مبارک آیت کا ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دُعا کرنا پھر پانی وغیرہ پر دم کر کے مبتلا کو پلانا، کھلانا پھر سات روز تک برابر یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَوْ کَانُوْٓا اٰبَآءَھُمْ اَوْ اَبْنَآءَھُمْ اَوْ اِخْوَانَھُمْ اَوْ عَشِیْرَتَھُمْ ط اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَھُمْ بِرُوْحٍ مِّنْہُ ۔

خاصیت:۔ سورۃ مجادلہ کا ایک مرتبہ رات کو پڑھنا نفاق کی صفت سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔

سورۃ حشر

خاصیت:۔ یرقان والے مریض کو ایک مرتبہ روزانہ تین روز تک پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مفید ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝

خاصیت :۔ سورۂ حشر کے آخر کی تین آیتیں اسم اعظم ہیں، جس مرض کی شفا کے لیے، جس ضرورت کے پورا ہونے کے لیے، جس مرض کے لیے پڑھی جائیں گی خدا کے فضل سے تیر بہدف یا اکسیر اعظم سے بڑھ کر تیر بہدف ہیں۔ مگران مبارک آیتوں کی زکوٰۃ دینا لازم ہے ورنہ عمل نا تمام رہ جائے گا۔ ترکیب زکوٰۃ کی یہ ہے کہ گیارہ روزے رکھ کر اعتکاف کی شرطیں پوری کر کے اکتیس ہزار مرتبہ اس گیارہ روز میں ان مبارک آیتوں کو تلاوت کیا جائے۔ بارہویں دن اعتکاف سے نکل کر غسل کرے اور اکیس آدمیوں کو کھانا کھلائے۔ زکوٰۃ پوری ہوگئی۔ اب جس حاجت کے لیے تین ہزار مرتبہ پڑھی جائیں گی انشاء اللہ ضرور مراد پوری ہوگی۔ عمل مجرب ہے ایک مرتبہ زکوٰۃ دینے کے بعد ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھنا شرط ہے کوئی دن ناغہ نہ ہو جائے ورنہ دوسری مرتبہ زکوٰۃ دینی ہوگی۔ زکوٰۃ دینے کے ایام میں پرہیز جلالی بھی کرنا شرط ہے، سوائے جو کی روٹی کے کچھ نہ کھائے۔

سورۂ ممتحنہ

خاصیت :۔ جو عورت اپنے خاوند سے طلاق چاہتی ہو، اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو، وہ عورت اس مبارک سورۃ کو گیارہ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے انشاء اللہ کوئی صورت ضرور اس کی رہائی کی ہو جائے گی۔

خاصیت :۔ وسواس شیطانی دفع کرنے کے لیے اس مبارک سورۃ کو ایک مرتبہ صبح ایک مرتبہ شام پڑھنا شیطانی وسوسوں کے دفع کرنے کے لیے مفید ہے۔

خاصیت :۔ اس مبارک سورۃ کو دشمن کے خوف کو زائل کرنے کے لیے دو دفعہ صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت :۔ اس مبارک سورۃ کو لکھ کر کسی بدزبان عورت کو پلانا نہایت مفید عمل ہے۔

خاصیت :۔ جس گھر میں یہ سورۃ پڑھی جائے گی اُس گھر میں کبھی شیطان نہ آئے گا۔

https://www.facebook.com/groups/freeauliyabooks FREE AULIYA BOOKS

سُورۃ صف

دشمن کی زبان بند کرنے کے لیے ایک کوری ٹھیکری پر ان آیتوں کو لکھ کر کسی پرانے کنویں میں ڈالنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ رات کو تہجد کے وقت میری آنکھ کھل جائے، وہ گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر سو جائے بفضلہ تعالیٰ ٹھیک وقت پر آنکھ کھل جائے گی۔ آیت یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِهٖ صَفًّا کَاَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝

خاصیت:۔ اگر لوگ بلاوجہ شرعی کسی شخص کی آبرو کے خواہاں ہوئے ہوں یا کسی طرح کی ذلت پہنچانی چاہتے ہوں، وہ شخص ایک ہزار مرتبہ گیارہ دن تک دوپہر کے وقت ان مبارک آیتوں کو پڑھے انشاء اللہ دشمن ہلاک ہوں گے، باقی ماندہ لوگ اطاعت قبول کریں گے۔ آیتیں یہ ہیں۔ یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْکٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُشْرِکُوْنَ ۝

خاصیت:۔ سورۃ صف کا صبح کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا ہر ایک قسم کی ناگہانی آفت، بیماری، بلا سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اس سورۃ کو صبح ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچّہ کو پلانا ذہن کو کھولتا ہے۔

خاصیت:۔ اس سورۃ کا ظہر کی نماز کے بعد پڑھنا قلب کو نورانی کرتا ہے۔

سورۂ جمعہ

خاصیت:۔ یُسَبِّحُ لِلّٰہِ سے لے کر ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ہ تک چار آیتیں روزانہ ہمیشہ پڑھنا مرگی کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ ان ہی چار آیتوں کا بطور ختم پڑھنا مجنون کو بفضلہ تعالیٰ شفا بخشتا ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ متواتر پانچ روزے رکھے جائیں، نوچندی جمعرات سے روزہ شروع کیا جائے۔ پیر کو ختم کیے جائیں روزہ کے درمیان گیارہ مرتبہ دونوں درود شریف التحیات والے پڑھ کر ایک ہزار تین سو تیرہ دفعہ سورۂ جمعہ کی شروع کی چار آیتیں تلاوت کی جائیں اور روزانہ پانی پر دَم کرکے مجنوں کو پلایا بھی جائے اور اس کے اوپر قدرے چھڑکا بھی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنون کا مرض چالیس روز کے اندر جاتا رہے گا۔ اگر پہلے ختم میں نہ گیا تو دوسرا یہی ختم پڑھا جائے۔ نہایت سے نہایت تین مرتبہ کے ختم میں انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

خاصیت:۔ جس شخص کے مزاج میں جماعت یا جمعہ کی پابندی نہ ہو اور وہ چاہے کہ میں پابند ہو جاؤں ایک سو تیرہ مرتبہ روزانہ عصر کی نماز کے بعد اس مبارک آیت کو تلاوت کرے۔ آیت یہ ہے۔ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَیْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ہ

خاصیت:۔ ترقی رزق کے لیے رات کے بارہ بجے اُٹھ کر غسل کرنے کے بعد ہر مہینہ تین مرتبہ اس مبارک آیت کو تین ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

سورۂ منافقون

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص دنیا داروں میں عزت اور لوگوں کی نظروں میں وقار پیدا کرنا چاہے وہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ ان مبارک آیتوں کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے۔ آیتیں یہ ہیں۔ یَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِیْنَةِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ٥

خاصیت:۔ سورۃ منافقون کا روزانہ پڑھنا نفاق کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ جو کوئی اس مبارک سورۃ کو رات کو پڑھ کر سوئے گا اس کے دشمن ہمیشہ پامال اور ذلیل رہیں گے۔

سورۃ تغابن

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرے سر میں درد کبھی نہ ہو وہ شخص سات سات مرتبہ سر پر ہاتھ رکھ کر صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اس مبارک آیت کو پڑھے، آیت یہ ہے۔ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ٥ انشاء اللہ نہ کبھی سر میں درد ہوگا نہ کبھی آنکھیں دکھیں گی۔

خاصیت:۔ اگر کسی شخص کا جانور یا آدمی کھو گیا ہو، وہ شخص ایک ہزار مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر ایک مرتبہ کاغذ پر بطور تعویذ لکھ کر ہوا تے بلند درخت پر لٹکائے انشاء اللہ بہت جلد گم شدہ کا پتہ لگے گا، مجرب عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ٥ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ٥ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ٥

خاصیت:۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ٥ اس مبارک آیت کا ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہر ایک ضرورت اور حاجت کو پورا کرنے کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک آیت کو سوا لاکھ مرتبہ بطور چلہ کشی کے چالیس روز میں پڑھنے سے ولایت کا مرتبہ خدا کے فضل سے حاصل ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ خون کے مقدمہ کے فتح کرنے کے لیے، خونی کو رہا کرانے کے لیے اس

مبارک آیت کا سوا لاکھ مرتبہ ایک مجلس میں چند اشخاص کے ساتھ پڑھنا بہتر ہے فاتحہ
ترکیب ختم کی یہ وہی معمولی صورت ہے جو آیتِ کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ تک کی ہے۔
خاصیت:۔ ترقی اولاد اور ترقی مال کے لیے نیا طریقہ اور یہ ہے کہ ہر روز صبح کی نماز
کے بعد ایک سو تیرہ مرتبہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا پھر مصلے سے اٹھتے ہی فوراً ایک پیسہ
سے لے کر جہاں تک ہو سکے کسی یتیم غریب کو خیرات کرنا اور روزانہ تا زیست ایسا
ہی کرنا غریب انسان کو امیر کبیر اور صاحبِ اولادِ کثیر بناتا ہے۔ خدا کا فضل درکار
ہے۔ اعتقاد شرط ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ
لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۙ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

سورۂ طلاق

خاصیت:۔ ترقی تنخواہ کے لیے، عہدہ بڑھنے کے لیے ان
مبارک آیتوں کو تیرہ سو گیارہ مرتبہ روزانہ مغرب کی نماز کے بعد
پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کو کرنا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَمَنْ يَّتَّقِ
اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى
اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○
خاصیت:۔ کھیت میں غلہ زیادہ پیدا ہونے کے لیے انہی آیتوں کو کھیتی کی کاشت
کرنے کے وقت سے لے کر کاٹنے تک برابر پڑھتے رہنا نہایت مفید ہے۔
خاصیت:۔ سورۂ طلاق کا تین دن تک تین مرتبہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا
خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔
خاصیت:۔ غمگین شخص کا اس مبارک سورۃ کا روزانہ ایک دفعہ تلاوت کرنا
غم کو دل سے دور کرتا ہے۔

سورۂ تحریم

خاصیت:۔ اگر کوئی شخص اس مبارک آیت کی زکوٰۃ دے کر
روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا، جس اجنبی سے اجنبی جگہ چلا جائیگا۔

https://www.facebook.com/groups/freeurdubooks/ — FREE AMLIYAT BOOK

بڑی عزت اور بڑا مرتبہ پائے گا۔ گویا سارا جہان اس عامل کا مسخر ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝

ترکیب ختم کی یہ ہے۔ نو روزے رکھے پرہیزِ جلالی کے ساتھ اور اسی عرصہ میں نو دن میں اکیاسی ہزار نو سو تیرہ مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھے پھر تین روزے رکھے پرہیز جمالی کے ساتھ اس میں اکتالیس ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى خَاتَمِ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَسِيْلَةِ الْعَاصِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ اس عمل کی زکوٰۃ خوب ہوئی، اب روزانہ گیارہ گیارہ مرتبہ اوّل آخر یہی درود شریف اور ایک ہزار مرتبہ آیتِ مذکورہ کو مدام پڑھتا رہے، انشاء اللہ جہاں جائے گا مالا مال رہے گا۔ فتح اور نصرت کا مینھ برسے گا۔ عمل مجرّب ہے۔ مگر زکوٰۃ بہت احتیاط سے دی جائے، کوئی بدپرہیزی نہ ہو جائے۔ پڑھنے کے وقت میں نیند نہ آجائے ورنہ عمل کی زکوٰۃ پوری نہ ہو گی۔

خاصیت:۔ جو شخص شراب، افیون کسی قسم کا نشہ یا حقہ وغیرہ مکروہات چیزوں کا استعمال چھوڑنا چاہے وہ شخص روزے رکھ کر اکیس ہزار مرتبہ، سات سات ہزار مرتبہ روزانہ اس مبارک آیت کو نہایت باادب ہو کر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ساری بری خصلتیں، گناہ کی عادتیں یکلخت زائل ہو جائیں گی۔ آیت یہ ہے۔ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

خاصیت:۔ اگر کسی عورت کا خاوند ظالم ہو، یا کوئی شخص کسی جابر حاکم کے بس میں آگیا ہو پھر وہ اپنی خلاصی چاہتا ہو، ایسا شخص اس مبارک آیت کو تین ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس دن تک پڑھے انشاء اللہ بالضرور قید سے رہائی اور

مخلصی ہو جائے گی - عمل مجرب ہے - آیت یہ ہے - اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَكَ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ وَ نَجِّنِیْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَ عَمَلِهٖ وَ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

خاصیت :- سورۂ تحریم کو جو عورت ہمیشہ پڑھے گی انشاء اللہ خاوند اس کا ہمیشہ اسے آرام اور راحت سے رکھے گا - اولاد تابعدار ہوگی -

سورۂ ملک

خاصیت :- جو کوئی شخص چاہے کہ میری عمر میں برکت ہو نیک عملوں کی توفیق نصیب ہو، وہ پانچ سو مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۝ کو ہمیشہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

خاصیت :- وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝ اس آیت کا تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا صاحبِ کشف بناتا ہے -

خاصیت :- اسی مبارک آیت کا ایک سو ایک دفعہ پڑھ کر سونا استخارہ کا کام دیتا ہے - چھپی ہوئی بات معلوم ہو جاتی ہے -

خاصیت :- اگر کوئی شخص سفر میں جانے لگے، وہ شخص سات مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھ کر گھر سے باہر قدم نکالے انشاء اللہ بامراد سفر سے واپس آئے گا آیت کریمہ یہ ہے :- هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ وَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ ۝

خاصیت :- سورۂ تبارک الذی کا روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا قبر کے عذاب سے نجات دلواتا ہے -

خاصیت :- اس سورۃ کو چلّہ کے اندر پڑھ کر پانی پر دم کر کے زچّہ کو پلانا جملہ آفات سے محفوظ رکھتا ہے -

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خاصیت:۔ تہجد کی نماز میں دو رکعتوں کے اندر سورۂ تبارک الذی کا پڑھنا اور چالیس روز تک ایسا ہی کرنا خدا کے فضل سے فرزند صالح بخشتا ہے۔

سُورَۃُ القَلَم

دشمن کے برباد کرنے کے لیے ان آیتوں کا ختم پڑھنا بہت جلد ظالم دشمن کو تباہ کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۝ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ تین روز تک ٹھیک دوپہر کے وقت غسل کرنے کے بعد دو رکعتیں نفل ادا کرنے کے بعد ان آیتوں کو سات سو سات مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے پھر دشمن کا تصور سامنے لا کر اس کی طرف پھونکے۔ فارغ ہونے کے بعد دعا کرے انشاءاللہ مطلب جلد حاصل ہوگا۔

خاصیت:۔ نظر بد سے محفوظ رہنے کے لیے تین مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھ کر دم کرنا نظر بد سے محفوظ رکھتا ہے عمل مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

سُورَۃُ حَاقَّہ

خاصیت:۔ تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر پاس رکھنا جہاز کو غرق ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔ آیتِ مبارکہ یہ ہے۔ اِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِى الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو اکیس مرتبہ ہفتہ کو صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر کسی دشمن کے ہلاک ہونے کی دعا کرنا، بہت جلد اس دشمن کو قید خانہ میں پہنچاتا ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو مسان کے خلل والے بچہ پر پڑھ کر متواتر تین روز تک

دم کرنا بہت جلد بچہ کو تندرست اور فربہ کرتا ہے۔

سورۂ معارج **خاصیت**:۔ اگر کسی جگہ ٹڈیاں بہت آتی ہو وہاں کم سے کم نو جگہ اور زیادہ سے زیادہ اکیس جگہ اس مبارک سورۃ کی پہلی آیت سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ سے شروع کر کے وَجَمَعَ فَاَوْعٰی ہ تک یہ سب آیتیں ایک ایک کاغذ پر ایک ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر متفرق طور پر ایک ایک نقش الگ الگ درخت پر لٹکانا خدا کے حکم سے ٹڈیوں کے طوفان کو مع الخیر دفع کرتا ہے۔

خاصیت:۔ دشمن کے برباد کرنے کے لیے سات دن تک سات روزے رکھ کر روزانہ رات کو کھڑے ہو کر بارہ بجے کے بعد سات سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کا پڑھنا دشمن کو جلد کنارے لگاتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْ نُّبَدِّلَ خَیْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ ہ

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا ظہر کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا ہر طرح کی وبائے مہلک اور بخار سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر شہد پر دم کر کے تین انگلیاں شہد کی چاٹ کر سونا ہمیشہ فالج اور لقوہ کی بیماری سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ سورۂ معارج اشراق کی چار نفلوں میں پڑھ کر سینہ پر دم کرنا خفقان کے مرض سے بچاتا ہے۔

سورۂ نوح **خاصیت**:۔ اولاد میں کثرت مال میں برکت ہونے کے لیے تین سو مرتبہ روزانہ باوضو رو بقبلہ بیٹھ کر پڑھنا نہایت مجرب ہے آیت یہ ہے۔ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ یُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ وَّیُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ؕ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۚ

https://www.facebook.com/groups/freealiyabooks FREE ALIYAH BOOKS

خاصیت: - اسلام کے دشمن کفار کو برباد کرنے کے لیے اس آیت کا ختم پڑھنا نہایت مفید ہے۔ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا ۝ إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝

خاصیت: - ایک ہزار مرتبہ جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد اس مبارک آیت کا پڑھنا دین و دنیا کی بھلائی، مُردوں کی مغفرت زندوں کو توفیق اعمالِ صالحہ خدا کے فضل سے بخشتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۖ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا ۝

خاصیت: - سورۂ نوح کا عصر کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا محفوظ رکھتا ہے ڈوب کر مرنے سے یا دیوار کے نیچے دب کر ہلاک ہونے سے نیز ہر قسم کی اچانک موت سے امن ملتا ہے۔

سورۂ جن

خاصیت: - اس مبارک سورۃ کا ایک سفید کاغذ پر لکھ کر آسیب زدہ کو پلانا نہایت مجرب ہے۔

خاصیت: - جس شخص کو مرگی کا خلل ہو، سورۂ جن کو باریک کاغذ پر لکھ کر مریض کے بالوں میں محفوظ رکھنا شفا کا باعث ہے۔

خاصیت: - جس شخص کے گردے میں درد ہو، اس مبارک سورۃ کی دو آیتیں زعفران اور مشک سے مریض کے گردے پر درد کی جگہ لکھنا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ۝ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝

خاصیت: - ہر ایک مسافر شخص کو اس مبارک سورۃ کا لکھوا کر پاس رکھنا نہایت مفید ہے ان شاء اللہ تعالیٰ ایامِ سفر میں ہر ایک قسم کے جان اور مال کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ عمل مجرب ہے، عقیدہ شرط ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

سورۃ مزمل

خاصیت: سات مرتبہ ان آیتوں کا پڑھ کر سونا انشاء اللہ تعالیٰ وقت پر تہجد کی نماز کے لیے اُٹھاتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ؕ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ۝

خاصیت: تانبے کی تختی پر اس آیت کو کندہ کرا کر بچّہ کے گلے میں ڈالنا بدنظر سے بچّہ کو محفوظ رکھتا ہے آیت یہ ہے۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ۝

خاصیت: اس مبارک سورۃ کا ختم پڑھنا ترقی رزق، ترقی مدارج کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ چالیس دن تک روزانہ خلوت میں بیٹھ کر باوضو ہو کر پورے چالیس مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے۔ جب ایک چلہ پورا ہو جائے تب روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل کی تاثیر باقی رہے گی۔ **ھدایت:** اگر پرہیز جلالی ہو سکے تب نہایت بہتر ہے۔ ورنہ خیر پرہیز جلالی بھی ہو سکتا ہے۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ بارہ بجے کے بعد روزانہ غسل کرنا، بارہ رکعتیں تہجد کی پڑھنے کے بعد تیرہ مرتبہ اس سورۃ کا پڑھنا، پھر اکتالیس دن تک ایسا ہی کرنا مذکورہ بالا تاثیر کے لیے مفید ہے۔ مگر اس ختم کی تاثیر مذکورہ بالا ختم سے ایک ثلث ہے۔

خاصیت: ایک مرتبہ روزانہ اس سورۃ کا عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا فاقہ سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

سورۃ المدثر

خاصیت: خواب میں ڈرنا، رونا، نیند کے اُچاٹ ہو جانے کے دفعیہ کے لیے اس کا غذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ قُمْ فَاَنْذِرْ ۪ۙ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۪ۙ وَ ثِیَابَكَ فَطَهِّرْ ۪ۙ وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۪ۙ وَ لَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۪ۙ وَ لِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ؕ

خاصیت: دشمن کے ناپید کرنے کے لیے ان آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

آیتیں یہ ہیں۔ كَلَّآ ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰیٰتِنَا عَنِیْدًا ؕ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ؕ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۙ فَقُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ۙ ثُمَّ قُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ۙ ثُمَّ نَظَرَ ۙ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۙ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۙ فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ۙ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ؕ سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ ۝ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرُ ۝ ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ جمعرات کو روزہ رکھ کر ظہر کی نماز کے بعد تین سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کو پڑھ کر آدھ پاؤ خشخاش پر دم کرکے وہ خشخاش جانوروں کو کھلائے۔ تین جمعرات ایسا ہی کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلب حاصل ہوجائے گا۔ دشمن مطیع ہوگا یا غارت ہوجائے گا۔ مگر بلاوجہ معقول ایسا نہ کیا جائے۔ کسی کو ناحق ضرر پہنچانا جائز نہیں ہے۔

خاصیت: کان کے درد کے لیے اکیس مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر مریض پر دم کرنا نہایت مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِیْنَةٌ ۙ اِلَّاۤ اَصْحٰبَ الْیَمِیْنِ ۝ فِیْ جَنّٰتٍ ۛ یَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِیْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ ۙ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِیْنَ ۝ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِیْنَ ۙ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۝ حَتّٰۤى اَتٰىنَا الْیَقِیْنُ ۝

خاصیت: اگر کوئی شخص چاہے کہ مجھے نیک عملوں کی توفیق نیک ہدایت ہوجائے، یا کوئی شخص کسی اپنے عزیز و قریب کو راہ راست پر لانے کی تمنا کرتا ہو وہ شخص ان مبارک آیتوں کو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کرکے کھلائے اور تین روز تک اسی طرح کرے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ آیتیں یہ ہیں۔ كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ وَمَا یَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝

سورۃ القیامۃ

خاصیت: جس عورت کے کچا حمل ساقط ہوجاتا ہو اُس کے لیے نو مہینہ تک متواتر ان مبارک آیتوں کا روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر نہار منہ کھلانا نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ لَاۤ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ٥ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ٥ بَلٰى قَادِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ٥ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ٥

خاصیت:۔ قرآن مجید یاد کرنے کے لیے اِن مبارک آیتوں کا ایک سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا حافظہ کی ترقی کے لیے نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ؕ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ٥ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ٥ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ٥

خاصیت:۔ سر کے درد کا علاج، چکر آنے کا علاج، سر بھاری بوجھل ہونے کا مجرب علاج یہ ہے کہ زعفران سے مریض کے ماتھے پر اس آیت مبارکہ کو لکھا جائے انشاء اللہ سر کے سارے مرض زائل ہو جائیں گے۔ آیت شریف یہ ہے۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۙ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ٥

خاصیت:۔ خاتمہ بالخیر ہونے کا مجرب عمل یہ ہے کہ ایک ایک ہزار مرتبہ روزانہ اسی مذکورہ مبارک آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اور اس عمل پر مداومت کرے۔

خاصیت:۔ حمل قرار پانے کے لیے یا پورا حمل ہو کر بچہ پیدا ہونے کے لیے ان مبارک آیتوں کا تین مرتبہ روزانہ پڑھنا اور پانی پر دم کر کے پلانا ایک چلہ اس عمل کو کرنا نہایت مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ٥ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ٥ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ٥ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ٥ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِیَ الْمَوْتٰى ٥

خاصیت:۔ سورۃ قیامہ کا رات کو ایک دفعہ صبح کو ایک دفعہ روزانہ پڑھنا طالب علم کے لیے علم دین میں ترقی بخشتا ہے۔

خاصیت:۔ ظہر کی نماز کے بعد اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر دم کر کے پینا دردِ قولنج سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو عشاء کے وقت پڑھ کر قدرے پانی پر دم کر کے اس پانی میں سرمہ کی سلائی تر کر کے سرمہ لگانا آنکھوں میں نور زیادہ کرتا ہے۔

سُورۃ الدّھر

خاصیت :- قدرے چنبیلی کے تیل پر ایک سو اکتالیس مرتبہ اس مبارک آیت کا پڑھ کر دم کرنا پھر اس تیل کو رات کو سوتے ہوئے سر میں ڈالنا آنکھوں میں روشنی پیدا کرتا ہے۔ کان کے جملہ امراض کو دور کرتا ہے فضلِ الٰہی درکار ہے۔ عمل نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝

خاصیت :- اگر کسی شخص کو لُو لگ جائے یا پیاس ہو جائے تو عرقِ گلاب پر ایک سو تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو جلد پلانے سے ان شاء اللہ بہت جلد پیاس جاتی رہے گی۔ نیز زہریلی ہوا کا اثر جاتا رہے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝

خاصیت :- اگر کسی شخص کو ہچکی لگ گئی ہو مٹی کے کورے برتن کو عرقِ گلاب میں تر کر کے آگ میں رکھا جائے، جب برتن سرخ ہو جائے اُسے نکال کر عرقِ گلاب سے ٹھنڈا کیا جائے جب برتن ٹھنڈا ہو جائے اُس پر یہ مبارک آیتیں لکھ کر قدرے گلاب سے آیتوں کی سیاہی چُھٹا کر مریض کو پلانا تھوڑا سا بطور سرمہ کے وہ پانی آنکھوں میں لگانا، کسی قدر بطور ہلاس ناک میں ٹپکانا بفضلہ تعالیٰ فوراً ہچکی کو روکتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝

خاصیت :- ابکائی کے روکنے کے لیے ایک کورے برتن پر ان آیتوں کو لکھ کر عرقِ گلاب عرقِ گاؤزبان سے دھو کر پلانا نہایت مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا

كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۝ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝

خاصیت:- اگر کسی شخص کا دوست نالائق ہوگیا ہو اور اس نالائق سے دوستی توڑنا منظور ہو تو ان مبارک آیتوں کو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھے - انشاء اللہ تعالیٰ اکیس روز میں غیب سے مع الخیر جدائی پیدا ہوجائے گی - آیتیں یہ ہیں - اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝

خاصیت:- اگر کوئی حاکم ظالم ہو لوگ اس کے ظلم سے تنگ آئے ہوں اُس کے تبادلہ کی تمنا کرتے ہوں وہ ان مبارک آیتوں کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ ظہر کی نماز سے پہلے ننگے سر کھڑے ہوکر پڑھیں انشاء اللہ اکیس روز میں وہ ظالم اس شہر سے نکالا جائے گا - آیتیں یہ ہیں - اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝

خاصیت:- بواسیر خونی ہو یا بادی اِن مبارک آیتوں کو روزانہ سترہ مرتبہ پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے - آیتیں یہ ہیں - اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۝

خاصیت:- سورۂ دہر کا تین دفعہ روزانہ پڑھنا اس مکان کو طاعون سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:- سات مرتبہ روزانہ سورۂ دہر کا دشمن کے دفع ہونے کی نیت سے پڑھنا انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں دشمن کو دفع کرتا ہے۔

سُورۃ المرسلات

خاصیت:- جس شخص کے دانتوں میں درد ہو، اِن مبارک آیتوں کو سات مرتبہ پڑھ کر سیاہ مرچوں پر دم کرکے دانتوں پر ملنا نہایت مفید ہے - آیتیں یہ ہیں - وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝

فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۙ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۙ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۙ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۙ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۙ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۙ

خاصیت:۔ کان کے درد کے لیے انھیں مذکورہ آیتوں کا روغنِ بادام پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے تین قطرے گرم کر کے درد والے کان میں ڈالنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی چاہے کہ ظالم دشمن کی وجاہت و عزت کو زائل کرے وہ شخص تیرہ سو مرتبہ روزانہ ان آیتوں کو پڑھے اور گیارہ دن تک اس عمل کو کرے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۙ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۙ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۙ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۙ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۙ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۙ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۙ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ۙ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ۙ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۙ ان آیتوں کو پڑھنے کے بعد حصولِ مقصد کے لیے دس منٹ تک دعا کرنا ضروری ہے۔

خاصیت:۔ عرقِ گلاب میں سیاہی گھول کر عورت کے ماتھے پر ان مبارک آیتوں کا لکھ کر بیوی سے جماع کرنا بفضلِ تعالیٰ عورت کو حاملہ کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۙ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۙ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ

خاصیت:۔ اگر کوئی چاہے کہ میرے باغ میں ہمیشہ زیادہ پھل لگیں، اور کنویں کا پانی کم نہ ہو، وہ شخص ایک چاندی کے پترہ پر ان آیتوں کو کندہ کرا کر کسی درخت پر لٹکائے انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ۙ اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ۙ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ۙ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۙ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ۙ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۙ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۙ

خاصیت:۔ سورۂ مرسلات کا ہمیشہ مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنا بدخوابی سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر سونا احتلام سے محفوظ رکھتا ہے۔

https://www.facebook.com/groups/freebookslinks FREE AULIYAA BOOKS

سورۃ النبا

خاصیت:۔ جس شخص کی نیند جاتی رہی ہو اس کی نیند لانے کے لیے ایک پترہ پر چاندی کے اِن مبارک آیتوں کو کندہ کرا کر مریض کے تکیہ میں رکھنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ انشاء اللہ تعالیٰ جب تک اس تکیہ پر سر رکھ کر لیٹا رہے گا، نہایت آرام سے نیند آئے گی۔

خاصیت:۔ مینھ برسنے کے لیے اِن مبارک آیتوں کو لکھ کر کسی بلند اور پرانے درخت پر لٹکانا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۙ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۙ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۙ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۙ

خاصیت:۔ نیز یہ تعویذ ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی درخت کی کھو میں رکھنا بفضلہ تعالیٰ باغ کی حفاظت کے لیے مفید ہے۔

خاصیت:۔ فحش گو شخص کی زبان بند کرنے کے لیے اِن مبارک آیتوں کو سات سو مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پانی یا کسی دوسری چیز پر دم کر کے بد زبان شخص کو پلانا اور گیارہ دن تک برابر یہی کرنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۚ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۚ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۚ

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا عصر کی نماز کے بعد پڑھنا دل میں یقین اور نورِ ایمان پیدا کرتا ہے اور خدا کے فضل سے انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہونے کا باعث ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ سورۂ مذکورہ کو لکھوا کر تعویذ بنا کر پاس رکھنا حاکم کے شر سے محفوظ رکھتا ہے اس سورۃ کا صبح کی نماز کے بعد پڑھنا رزق میں ترقی بخشتا ہے۔

خاصیت:۔ اس سورت کا عامل لوگوں کی نظروں میں ہمیشہ باوقار رہتا ہے۔ ترکیب عمل کی یہ ہے کہ دس دن کا اعتکاف کیا جاوے اور دس روزے رکھے جاویں۔ اور پرہیز جلالی کے ساتھ ایک سو

اکتالیس مرتبہ روزانہ اس مبارک سورۃ کو صبح کی نماز کے بعد ظہر تک پڑھا جائے پھر ظہر کی نماز کے بعد سے شام تک یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا لَّا یَتَکَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ صرف یہی آیت برابر بے گنتی پڑھتا رہے اور روزانہ قدرے عرقِ گلاب پر یہ سارے ختم پڑھ کر دم کرتا رہے، دس روز کے بعد اس گلاب میں سیاہی گھول کر ساری سورۃ نبا لکھ کر تعویذ بنا کر پاس رکھے ۔ اور روزانہ تین دفعہ صبح کی نماز کے بعد دو دفعہ مغرب کی نماز کے بعد اس مبارک سورۃ کو تلاوت کرتا ہے۔ انشاء اللہ لوگوں کی نظروں میں بڑے بڑے امیر کبیر کی وہ عزت نہ ہوگی جو اُس عامل کی عزت ہوگی۔

سورۃ والنازعات

خاصیت :۔ جس مریض کی نزع کی حالت ہو اور کسی طرح مشکل آسان نہ ہوتی ہو سات مرتبہ شہد کے شربت پر ان مبارک آیتوں کا پڑھ کر دم کرنا انشاء اللہ مقصود جلد حاصل کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝

خاصیت :۔ اگر کسی شخص کو مکان یا دوکان یا کسی جگہ سے دل برداشتہ کرنا ہو یا وہاں سے اکھیڑنا منظور ہو تو ان مبارک آیتوں کو اکتالیس مرتبہ تین روز تک پینے کی کسی چیز پر دم کرکے پلانے سے یا کھلانے سے مقصود حاصل ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَۃُ ۝ تَتْبَعُھَا الرَّادِفَۃُ ۝ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَۃٌ ۝ اَبْصَارُھَا خَاشِعَۃٌ ۝ یَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَۃِ ۝ ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا نَّخِرَۃً ۝ قَالُوْا تِلْکَ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ ۝ فَاِنَّمَا ھِیَ زَجْرَۃٌ وَّاحِدَۃٌ ۝ فَاِذَا ھُمْ بِالسَّاھِرَۃِ ۝

خاصیت :۔ انہی آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر کسی درخت پر لٹکانا یا تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر کسی پرانے کنویں میں ڈالنا بھی یہی مطلب پورا کرتا ہے۔ مگر نیچے اس شخص کا نام جسے کسی جگہ سے جدا کرنا منظور ہو اور پھر اُس جگہ کا نام کہ جہاں سے جدا کرنا منظور ہو کاغذ پر لکھنا یا پترہ پر کندہ کرانا چاہیے۔

خاصیت:۔ حاملہ عورت کے گلے میں لکھ کر ڈالنا ولادت کی مشکل کو آسان کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ۝ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰهَا ۝ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا ۝ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ۝

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کی تلاوت کرنے والا قیامت کے ہول سے انشاءاللہ محفوظ رہیگا۔

خاصیت:۔ دشمن کے سامنے یا حاکم کے سامنے جانے کے وقت اس سورۃ کا پڑھنا دشمن کے شر، حاکم کی بُرائی سے بچاتا ہے۔

سورۃ عبس

اگر کسی شخص کی عورت یا اُس کا آقا یا عورت کا خاوند بدمزاج ہو اور ہر وقت تیوری چڑھائے رکھتا ہو، کبھی اخلاق سے بات نہ کرتا ہو، اور پھر کوئی ایسے بداخلاق شخص کو اپنا مطیع کرنا چاہے تو سورۃ عبس کا ختم بطور زکوٰۃ پڑھے انشاءاللہ بہت جلد مطلب حاصل ہوگا۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ پرہیز جمالی کے ساتھ گیارہ روز تک خلوت میں بیٹھ کر تین سو تیرہ دفعہ روزانہ اس سورۃ کو پڑھے۔ اور حصول مقصد کے لیے دعا کرتا رہے۔ جب اعتکاف سے باہر نکلے تب تین مرتبہ سورۃ مذکورہ کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلائے، انشاءاللہ تعالیٰ بداخلاق شخص کے اخلاق کی کایا پلٹ ہو جائے گی۔

خاصیت:۔ اگر دو شخصوں میں جدائی ڈالنی منظور ہو تو اس آیت مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیہ میں رکھے، انشاءاللہ فوراً جدائی ہوگی۔ آیتیں یہ ہیں۔ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝ یہ آیت لکھ کر نیچے فلاں شخص فلاں سے جدا ہو جائے لکھا جائے۔ اور فلاں فلاں کی جگہ دونوں کے نام لکھے جائیں۔

خاصیت:۔ غمگین شخص کے ماتھے اور قلب پر اس مبارک آیت کا لکھنا غم کو دور کرنے کے لیے نہایت مجرب اور مفید ہے آیت یہ ہے۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر ایک قسم کے مریض کو پلانا جملہ امراض

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کے لیے شفا کا باعث ہے۔

سورۃ التکویر

خاصیت:۔ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ سے لے کر وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ تک سات مرتبہ روزانہ پڑھنا جملہ آفات سانپ، بچھو، کتا، درندہ وغیرہ وغیرہ کے شر سے بفضلہ تعالیٰ بچاتا ہے۔

خاصیت:۔ تھوڑی سی رسوت میں ہرا دھنیہ پیس کر سات مرتبہ یہی مذکورہ بالا آیتیں پڑھ کر دَم کر کے زخم پر لگانا اور نگزہی پھنسی کو خدا کے حکم سے سات دن میں آرام کرتا ہے۔

خاصیت:۔ اِن ہی مذکورہ بالا آیتوں کو آبِ زمزم پر سات دفعہ پڑھ کر پھر اس پانی کو پینا معدہ کے درد کو دور کرتا ہے۔

خاصیت:۔ مجنوں اور پاگل کا علاج بھی اسی طرح کیا جائے کہ عرصہ تین روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ اس آیت کو پڑھا جائے، اس کے بعد اکتالیس چینی کی طشتریوں پر اسی آیت کو لکھ کر روزانہ سات دن تک جس طرح ہو سکے وہ دھوئیں اور مجنوں کو پلا دیویں انشاء اللہ بہت جلد تندرست ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۙ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۙ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ۭ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۚ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۚ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۚ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۙ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۙ لِمَنْ شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ۭ وَمَا تَشَاۗءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

سورۃ الانفطار

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کی پہلی آیت سے آٹھویں آیت مَا شَاۗءَ رَكَّبَكَ تک پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے چیچک والے بچّہ کو سات روز تک کھلانا اس کے اعضاء کی سلامتی کا باعث ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ جو بچّہ مدرسہ یا مکتب سے بھاگتا ہو اس کے گلے میں ان مبارک آیتوں کا لکھ کر بطور تعویذ ڈالنا نہایت مفید ہے۔ انشاء اللہ بھاگنا چھوڑ دے گا۔ آیتیں یہ ہیں۔ كَلَّا بَلْ

تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ہ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ہ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ہ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ہ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ہ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ہ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ہ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ہ

خاصیت:۔ ان ہی مذکورہ آیتوں کو زعفران و مشک سے لکھ کر بچّہ کے گلے میں ڈالنا آسیب جن کے خلل سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ اگر کوئی عورت اپنے مرد سے جدا ہونا چاہے تو وہ ایک کاغذ پر زعفران سے يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۔ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۔ کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائے، انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ مگر آیت لکھنے کے بعد اتنا ضرور لکھنا چاہیے کہ الٰہی فلاں مرد کا اختیار فلاں عورت سے اُٹھالے اور فلاں کی جگہ عورت، مرد کا نام لکھا جائے۔ انشاء اللہ نہایت ہی تھوڑی مدّت میں مطلب پورا ہوجائے گا۔

سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِيْن

خاصیت:۔ جس شخص کے پیروں میں رعشہ پیدا ہوا ہو اور وہ کھڑے ہونے سے لاچار ہو یا کسی درد کی وجہ سے کھڑے ہوکر نہ چل سکتا ہو، وہ شخص پاؤ بھر روغنِ زیتون پر تین ہزار تین سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کو پڑھ کر بہت زور سے دَم کرے۔ پھر دن میں تین مرتبہ، رات میں ایک دفعہ اس تیل کی ٹانگوں پر مالش کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد رعشہ وغیرہ درد جو کچھ ہوگا سب کچھ جاتا رہے گا۔ اور ٹانگیں درست ہوجائیں گی۔ آیتیں یہ ہیں۔ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ہ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ہ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ہ

خاصیت:۔ مسافرت کی حالت میں اگر چوروں کا ڈر ہو، تب کسی کاغذ پر تین مرتبہ ان آیتوں کا لکھ کر اسباب کے ساتھ رکھنا مفید ہے۔ انشاء اللہ وہ مال محفوظ رہے گا۔ آیتیں یہ ہیں كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ہ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ہ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ہ

خاصیت:۔ اگر سامنے سے کوئی درندہ یا شیر یا سانپ یا بھینسا وغیرہ آتا ہو تب تین مرتبہ ان

آیتوں کو پڑھ کر دشمن کی طرف منہ کر کے دم کرنا درندہ کی نظروں سے پڑھنے والے کو محفوظ رکھتا ہے
اگر گرمی کے رمضان المبارک میں یا کسی دوسرے روزہ میں پیاس شدت سے لگ رہی ہو اُس وقت پانی پر تین مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر دم کر کے منہ دھونا فوراً پیاس کو دور کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔
تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۝ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝

سورۃ انشقاق

خاصیت :۔ بچہ مع الخیر پیدا ہونے کے لیے ایک کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر پھر ساری سورۃ اخلاص لکھ کر نیچے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ کو لکھ کر درد زہ والی عورت کے پیٹ پر رکھنا ولادت کی مشکل کو آسان کرتا ہے۔ عمل نہایت مجرب ہے۔

خاصیت :۔ اگر مسافر تانبے کے پترہ پر اس مبارک آیت کو کندہ کرا کر اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ مع الخیر گھر واپس آئے، اور اس سفر سے بہت کچھ نفع حاصل کرے آیت یہ ہے۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝ مگر آیت شریفہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کندہ کرائی جائے اور غسل کرنے کے بعد تعویذ بازو پر باندھا جائے عمل مجرّب ہے۔

خاصیت :۔ جس کی آنکھ پھڑکتی ہو اُس کے لیے ان مبارک آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کرنا اور سات مرتبہ دوبارہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا انشاء اللہ تعالیٰ فوراً مرض اور تکلیف کو زائل کرتا ہے آیتیں یہ ہیں۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

خاصیت :۔ سورۃ انشقاق کا پڑھ کر دم کرنا بچھو کے زہر کو زائل کرتا ہے۔

خاصیت :۔ عرق گلاب پر دم کر کے بدہضمی والے کو پلانا خدا کے فضل سے شفا بخشتا ہے۔

سُورۃ البروج

خاصیت :- وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ سے لے کر عَذَابُ الْحَرِيْقِ تک تیرہ ہزار مرتبہ ایک شخص کا ایک رات اور ایک دن کے عرصہ میں پڑھنا اور نیت اپنے دشمن کے ہلاک ہونے کی کرنا۔ بہت جلد دشمن کو برباد کرتا ہے۔ مگر چوبیس گھنٹہ کا روزہ رکھے۔ مغرب کے وقت صرف ایک گھونٹ آبِ زمزم پر روزہ افطار کرے۔ غسل کرنے کے بعد وظیفہ شروع کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد کامیاب ہوگا۔

خاصیت :- اگر کسی ملک میں ٹڈیاں بہت آتی ہوں، ایک ٹڈی کو پکڑ کر اُس کے پروں پر ان آیتوں کا لکھ کر چھوڑنا ٹڈیوں کے عذاب کو دور کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝

خاصیت :- سرسام والے کو ان مبارک آیتوں کا کورے برتن پر لکھ کر پلانا قدرے اس کے منہ پر چھڑکنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

سُورۃ الطارق

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ کا تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سونا رات کی ساری پریشانیاں، بدخوابیاں، نیند کا اُچاٹ ہوجانا چور وغیرہ کی دہشت سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت :- داڑھ کے درد میں زعفران سے منہ پر درد کی جگہ ان آیتوں کا لکھنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

خاصیت :- جس گھر میں سانپ یا بچھو نکلتے ہوں، وہاں اس مبارک سورۃ کا کاغذ پر لکھ

دیوار پر لگانا نہایت مجرّب ہے۔ انشاء اللہ پھر کوئی سانپ یا بچھو باہر نظر نہ آئے گا اور اگر باہر نکل بھی آئے گا تو کسی کو اذیت نہ پہنچائے گا۔

سورۃ الاعلیٰ

جس شخص کا حافظہ خراب ہو، مزاج میں بھول زیادہ ہو تو تین سو تینتالیس مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ان مبارک آیتوں کا روزانہ پڑھنا نہایت مجرّب ہے، چالیس دن کے بعد برسوں کی بھولی ہوئی باتیں یاد آجائیں گی۔ آیتیں یہ ہیں۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰىٓ ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ؕ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۚ مگر مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھے، اوّل آخر تیرہ تیرہ مرتبہ التحیات والا درود بھی پڑھنا لازم ہے۔

خاصیت:۔ جس کی کمر میں درد ہو سات طشتریوں پر ان مبارک آیتوں کو لکھ کر روغنِ زیتون سے آیتوں کے نقش کو زائل کر کے درد کی جگہ ملنا نہایت مفید عمل ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ؕ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

خاصیت:۔ مرید اور طالبِ صادق کو اس مبارک سورۃ کا اکثر تلاوت کرنا منہ کو نورانی کرتا ہے۔ انشاء اللہ کبھی راہِ سلوک میں قبض لاحق نہ ہوگا۔ ہمیشہ انکشافات عجائبات ہوتا رہے گا۔ نسبت میں رات دن ترقی رہے گی۔ وَاللّٰهُ الْمُيَسِّرُ لِكُلِّ عَسِيْرٍ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔

سورۃ الغاشیہ

ہیضہ یا طاعون کے زمانہ میں اس مبارک سورۃ کی پہلی آیتیں وَلَا يُغْنِىْ مِنْ جُوْعٍ تک کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازہ پر لگانا انشاء اللہ مکان کو وبا کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے۔

خاصیت:۔ جو دماغی دورہ سے بے ہوش ہوگیا ہو، اُس کے ماتھے پر ان مبارک آیتوں کا زعفران سے لکھنا مرض کے زائل کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۙ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا پنجگانہ نماز کے بعد تلاوت کرنا پڑھنے والے کے دل میں

آخرت کا خوف، قلب میں رقت، اعمال میں اصلاح پیدا کرتا ہے۔

سورۃ الفجر

اگر کسی ظالم کو ہلاک کرنا مقصود ہو، ان آیتوں کو گیارہ ہزار مرتبہ آدمی رات کے بعد باوضو رو بقبلہ ہو کر پڑھنا، پھر سات بار کنکری کا دشمن کو برباد کرنے کے تصور سے زمین پر مارنا۔ پھر سات روز تک برابر ایسا ہی کرنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ٥ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ٥ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ٥

خاصیت:۔ اگر کسی کا دشمن کسی مقدمہ میں گرفتار ہو اور یہ شخص یہ چاہے کہ میرا دشمن اس مقدمہ سے کسی طرح بری نہ ہو سکے تب وہ شخص تانبے کے پترہ پر اس [illegible] کو کندہ کرا کر پرانے قبرستان میں دفن کر دے۔ آیتیں یہ ہیں۔ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗ اَحَدٌ ٥ [illegible] اَحَدٌ ٥

خاصیت:۔ جس مریض کی حالت نزع کی ہو [illegible] آیت کو چینی کی طشتری پر لکھ کر آبِ زمزم سے گھول کر پلانا نزع کی تکلیف کو بفضلہ تعالیٰ آسان کرتا ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ٥ ارْجِعِيْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ٥

خاصیت:۔ رزق کی ترقی کے لیے اس مبارک آیت کا ختم پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ سات روزے رکھے جائیں، ہر روز سات مسکینوں کو اور سات یتیموں کو کھانا کھلایا جائے اور ایک سو اکتالیس مرتبہ روزانہ سات روز تک اس سورۃ کو ایک جگہ ایک مجلس میں پڑھا جائے، انشاء اللہ تعالیٰ سارے سال تک روزی فراخ رہے گی۔

سورۃ البلد

خاصیت:۔ اگر بانجھ عورت سات دن تک ایامِ حیض میں چینی کی طشتری پر اس آیت کو لکھ کر پیتی رہے، اور جب پاک ہو کر غسل کرے، شوہر کے پاس جائے۔ تین ماہ تک ہر مہینہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ صاحبِ اولاد ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔ لَاۤ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ٥ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ٥ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ٥

خاصیت:۔ عقیق کے نگینہ پر مع عدد بسم اللہ کے اس آیت کا کندہ کرا کر پاس رکھنا

آخری عمر تک ناک، کان، آنکھ سلامت رہنے کا سبب ہوتا ہے، آیت شریفہ یہ ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

خاصیت: سورۃ بلد کا گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا دردِ گردہ اور مرگی والے کے لیے نہایت مفید ہے۔

سورۃ الشمس

جس عورت کے بچے مر جاتے ہوں اس کے لیے حمل کے پہلے مہینہ میں پاؤ بھر دیسی اجوائن، آدھ پاؤ سیاہ مرچ، ڈھائی پاؤ شہد خالص پر چاند کے شروع میں پیر کے دن اشراق کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر دم کرنا، پھر روزانہ ایامِ حمل میں ایک چٹکی اجوائن تین دانہ سیاہ مرچ کے، ایک انگلی شہد کی روزانہ کھلانا نہایت مفید عمل ہے۔ اگر بچہ کے دودھ پلانے تک استعمال کیا جائے تو نہایت اولیٰ ہے۔ اگر اشیاء ختم ہو جائیں تو دوبارہ پھر پڑھ کر تیار کر لی جائیں۔

خاصیت: اس سورۃ کا اشراق کی نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھنا فالج، لقوہ، رعشہ، سے بفضلہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

سورۃ اللیل

خاصیت: رزق کی ترقی کے لیے، نوکری لگ جانے کے لیے اس مبارک سورۃ کا اکتالیس مرتبہ پڑھنا، پھر اکتالیس پیسے راہِ خدا میں صرف کرنا اکتالیس روز تک برابر یہی عمل کرنا نہایت مفید ہے۔ مگر بدبودار اشیاء کا استعمال کرنا منع ہے۔ ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا۔

خاصیت: اگر کوئی شخص گم ہو جائے اُس کے واپس سلامت آنے کے لیے اس سورۃ کو ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی درخت میں لٹکانا نہایت مجرب ہے۔

سورۃ والضحیٰ

دو شخصوں میں ملاپ کرانے کے لیے اس سورۃ کو اکیس مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر سونا پھر صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ درود شریف، سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھ کر بہت دیر تک حصولِ مقصد کے لیے دعا کرنا گیارہ دن میں مقصود کو پورا کرتا ہے۔

خاصیت :- بدخوابی، سوتے ہوئے ڈرنا، ان سب باتوں کو دفع کرنے کے لیے سورۃ والضحیٰ کا سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر سونا مفید ہے۔

خاصیت :- اس مبارک سورۃ کا تین سو تیرہ دفعہ اکیس روز تک روزانہ پڑھنا اور تین غریبوں کو کھانا کھلانا ترقی مال کے لیے تجارت کے چلنے کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔

سورۃ الانشراح

خاصیت :- اس مبارک سورۃ کا ختم پڑھنا ترقی مدارج دین اور ترقی مراتب دنیا کے لیے نہایت مفید ہے، مال بکثرت ہو، اولاد نیک بخت پیدا ہو، ہر قسم کی عزت آبرو، جہان میں نیک نامی ہو۔ خاندان میں بیماری ہیضہ، طاعون داخل نہ ہو۔ الغرض یہ سورۃ ایک خزانہ ہے عرشِ الٰہی کے خزانوں میں سے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ ہر روز غسل کرنے کے بعد دو رکعتیں نفل پڑھنے کے بعد سات سو مرتبہ اس مبارک سورۃ کو دو زانو بیٹھ کر پڑھے۔ جب پڑھ چکے تب آخر میں سات مرتبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ بلند آواز سے کہہ کر وظیفہ ختم کرے۔ پھر چالیس دن تک اسی طرح کرتا رہے، جس وقت چلّہ پورا ہو جائے تب روزانہ اکتالیس مرتبہ اس سورۃ کو بعد عشاء کے پڑھتا رہے، انشاء اللہ عمل قبضہ میں رہے گا اور بے حد منافع دارین کے حاصل ہوں گے۔

سورۃ والتین

اگر کوئی شخص چاہے کہ میرے گھر میں لڑکا خوبصورت پیدا ہو، حمل کی ابتدا سے نو مہینے تک، برابر سفید چینی کی طشتری پر اس مبارک سورۃ کو روزانہ لکھ کر نہار منہ عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت پیدا ہوگا۔

سورۃ اقراء

خاصیت :- ترقی علم کے لیے امتحان میں پاس ہونے کے لیے سات سو مرتبہ روزانہ اکیس دن تک عشاء کی نماز کے بعد ان مبارک آیتوں کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ؕ

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا پھر ایک سجدۂ تلاوت کا کرنا، سجدہ میں حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ سات مرتبہ کہنا جوڑوں کے درد کے زائل کرنے کے لیے نہایت مفید عمل ہے۔

خاصیت:۔ تانبے کی تختی پر اس مُبارک سورۃ کو کندہ کرا کر بچّہ کے گلے میں ڈالنا ام الصبیان کے مرض سے بچّہ کو محفوظ رکھتا ہے

سورۃ القدر اس سورۃ کا ماہِ رمضان میں ایک سو تیرہ دفعہ روزانہ تلاوت کرنا انسان کو پاک باطن بناتا ہے

خاصیت:۔ سر کے درد کے لیے اس مُبارک سورۃ کا زعفران سے مریض کے ماتھے پر لکھنا درد کو دور کرتا ہے۔

خاصیت:۔ خفقان کے دور کرنے کے لیے اس مبارک سورۃ کا تین مرتبہ چنبیلی کے پھول پر پڑھ کر دم کرنا، پھر پھول کو دیر تک سونگھنا، چالیس روز تک برابر دن میں تین مرتبہ ایسا ہی کرنا نہایت مفید ہے۔

سورۃ لم یکن **خاصیت:**۔ اس مبارک سورۃ کو عشاء کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنا نفاق سے دل کو پاک کرتا ہے۔

خاصیت:۔ نکسیر کے روکنے کے لیے اس سورۃ کو تین بار پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کر کے وہ ملتانی ماتھے پر لگانا نہایت مفید ہے۔

سورۃ الزلزال **خاصیت:**۔ اس مبارک سورۃ کا کاغذ پر لکھ کر آسیب زدہ مکان میں لگانا مکان کو آسیب کے خلل سے پاک کرتا ہے۔

خاصیت:۔ رات کو تین مرتبہ اس مبارک سورۃ کو پڑھ کر سونا ٹھیک وقت پر بیدار کرتا ہے۔ یعنی جس وقت بیدار ہونا مقصود ہو اسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔

خاصیت:۔ سورۃ الزلزال کا عصر کی نماز کے بعد تیرہ مرتبہ تلاوت کرنا قیامت کا خوف دل

یں پیدا کرتا ہے۔

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا سترہ مرتبہ روزانہ سات دن چار تولہ باجرہ کے آٹے پر پڑھ کر دم کرنا پھر اُسے روزانہ مُرغ کے سفید چوزہ کو کھلانا آٹھویں روز اس بچّہ کو ذبح کرکے اس کے گوشت کو تین حصّہ کرکے تین روز تک روزانہ ایک حصّہ کی یخنی بنا کر پلانا بچّہ کو مسان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

سورۃ العادیات

خاصیت:۔ اگر کسی آدمی یا جانور کو نظر ہو جائے اُس پر سات مرتبہ اس مبارک سورۃ کا پڑھ کر دم کرنا بدنظر کے اثر کو زائل کرتا ہے۔

سورۃ القارعہ

اس مبارک سورۃ کو بامعنی پڑھنا، پھر معنی میں غور کرنا گہرا فکر کرنا دل میں خوف الٰہی پیدا کرتا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ عمل صالح کی توفیق بخشتا ہے۔

خاصیت:۔ سورۃ القارعہ کو دشمن کافر کے برباد کرنے کے لیے پڑھنا نہایت مفید ہے۔ ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ سات دن تک متواتر روزہ رکھ کر پرہیز جلالی کرکے روزانہ سات سو تیرہ مرتبہ اس مبارک سورۃ کو فجر کی نماز کے بعد دوپہر تک پڑھے، مگر جس وقت یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ آیت پر آئے تو یہاں دشمن کے غارت ہونے کا تصور کرے۔ اور اسی طرح عمل پورا کرے، انشاءاللہ سات روز کے عرصہ میں مقصود حاصل ہوگا۔ ناجائز وجہ میں اس عمل کا کرنا منع ہے ورنہ خدشہ ہے اپنی جان کا۔ احتیاط شرط ہے۔

سورۃ التکاثر

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کا جمعرات شب جمعہ کو ایک سو تیرہ مرتبہ پڑھنا، جس مُردہ کو خواب میں دیکھنا منظور ہو اس مُردہ کو پڑھنے والے کے سامنے لاتا ہے اور باہم باتیں کرنے کا موقع دیتا ہے۔ عمل مجرّب ہے۔

خاصیت:۔ جو شخص بخیل ہو، مال کی زکوٰۃ نہ دیتا ہو اور وہ چاہے کہ میری بخل کی صفت

https://www.facebook.com/groups/freealiyatbooks/ FREE ALIYAT BOOK'S

جاتی رہے وہ اکیس مرتبہ صبح کی نماز کے بعد سورۃ تکاثر کو معنی پر غور کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رذیل خصلتیں جاتی رہیں گی۔

سُورۃ العصر

خاصیت:۔ اس مبارک سورۃ کو سات مرتبہ پڑھ کر مصیبت زدہ شخص پر دم کرنا اس کے غم کو دور کرتا ہے۔

خاصیت:۔ سرمہ کی سلائی پر تین مرتبہ پڑھ کر سرمہ لگانا آنکھوں کی بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔

خاصیت:۔ جس شخص کا کوئی عزیز قریب مرجائے اور اُن کا غم کسی طرح اُن کے دل سے کم نہ ہوتا ہو، اُس شخص کے غم کو رفع کرنے کے لیے سورۃ العصر کا بیلیٔ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مفید ہے تین روز تک برابر ایسا ہی کیا جا[illegible]

سورۃ الھمزہ

خاصیت:۔ دشمن کے شر سے [illegible] کے لیے اس مبارک سورۃ کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا مقصود حاصل [illegible] ہے۔

سُورۃ الفیل

خاصیت:۔ دشمن کے شر سے [illegible] کے لیے نہایت مجرب عمل ہے، اور وہ یہ ہے کہ کھیعص حمعسق یہ دس حرف ہیں کاف سے شروع کرے اور قاف پر ختم کرے، ہر حرف کے ساتھ ایک انگلی بند کرے مگر اس طرح کہ سب سے پہلے داہنے ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے پھر اسی طرح برابر سے بند کرتا چلا جاوے سب سے آخر ق پر بائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے پھر جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تب آہستہ سے یہ سورۃ پڑھنی شروع کرے۔ جب تَرْمِيهِمْ کے لفظ پر آئے تو اس لفظ کو دس مرتبہ کہے، اور ہر دفعہ اس لفظ کے پڑھنے کے ساتھ ایک انگلی کھولتا جائے پھر باقی سورۃ کو ختم کرے انشاء اللہ بالضرور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سُورۃ القریش

خاصیت:۔ آندھی کا طوفان مینھ کا طوفان دفع کرنے کے لیے اس مبارک سورۃ کو گیارہ مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت:۔ چاندی کے پترہ پر اس مبارک سورۃ کا محرم کی دسویں تاریخ کو کندہ کرا کر دوکان

پر لگانا دوکان کی ترقی کے لیے نہایت مجرب ہے۔

سورۃ الماعون

خاصیت :۔ دشمن کے برباد کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اندھیری رات میں متواتر تین رات تک روز ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ اس سورۃ کا پڑھنا اور نیت دشمن کے ہلاک ہونے کی کرنا دشمن کو جلد تباہ کرتا ہے۔ یہ روحانی تیر ہے نہ کہ جسمانی۔

سورۃ الکوثر

خاصیت :۔ لاولد شخص کا اس مبارک سورۃ کو پانچ سو مرتبہ روزانہ تین ماہ تک پڑھنا بفضلہ تعالیٰ صاحبِ اولاد کرتا ہے۔

خاصیت :۔ جس شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو وہ اگر اس سورۃ کو سات سو دفعہ صبح کی نماز کے بعد اکتالیس روز تک پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی اور ہمیشہ کو ان کا نام جاری رہے گا۔ الغرض ہر ایک مراد حاصل ہونے کے لیے اس سورت کو پڑھنا مفید ہے۔

خاصیت :۔ سورۃ الکوثر کا تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر دوکان میں لگانا تجارت میں برکت دیتا ہے۔

خاصیت :۔ اس مبارک سورۃ کا ایک سو مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلانا بفضلہ تعالیٰ شفا بخشتا ہے۔ مسلمانو! اس مبارک سورۃ میں رحمت اور عطائے الٰہی کا خزانہ مخفی ہے۔

سورۃ الکفرون

خاصیت :۔ اس سورۃ کا ہمیشہ پڑھنا کفر سے نفاق سے دل کو دماغ کو محفوظ رکھتا ہے اور خاتمہ بالخیر ہونے کی امید قائم کرتا ہے۔

سورۃ النصر

خاصیت :۔ ہر ایک مراد حاصل ہونے کے لیے اس سورۃ کو ایک سو تئیس مرتبہ سترہ دن تک پڑھنا نہایت مفید ہے۔

خاصیت :۔ پنجگانہ نمازوں کے بعد سات مرتبہ اس سورۃ کا پڑھنا اڑی مشکلوں کے کھولنے کے لیے مفید ہے۔

FREE KULLIYAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freekulliyatbooks

سُورۂ تبّت

اس سورۃ کو تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر دشمن کے باغ کے کنویں میں ڈالنا باغ کو برباد کرتا ہے، باغ کی زمین میں دفن کرنا باغ کے پھلوں میں نقصان پیدا کرتا ہے۔

سُورۃ الاخلاص

یہ مبارک سورۃ وہ ہے جس کے تین مرتبہ پڑھنے سے سارے قرآن مجید کا ثواب ملتا ہے۔ اس کے دس بار پڑھنے سے ایک محل جنّت میں تیار ہوتا ہے۔ اس سورۃ کا رات کو دوسو مرتبہ پڑھنے سے دو سو برس کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ اس کا ہمیشہ پڑھنے والا ایمان پر مرتا ہے الغرض اس کے ثواب لاانتہا ہیں۔

سُورۃ الفلق و سُورۃ النّاس

ان دونوں سورتوں کا پڑھ کر بچّوں پر دم کرنا جملہ آفات سے بچّوں کو محفوظ رکھتا ہے بڑے آدمی کا پڑھنا اس کو ہر ایک قسم کی آفات سے بچاتا ہے۔ رات کو سوتے ہوئے پڑھ کر سونا خواب میں غسل کی ضرورت ہو جانے سے بچاتا ہے۔ حدیث شریف میں ان سورتوں کو حفاظت کا قلعہ فرمایا ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا سَاَلَ سَائِلٌ وَلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِیْذٌ بِمِثْلِھَا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ سورۃ الفلق سے بہتر کوئی دُعا پناہ کے متعلق نہیں ہے۔ دوسری حدیث میں موجود ہے کہ معوذتین کے مثل پناہ پکڑنے کے باب میں کوئی سورۃ میرے اوپر نازل نہیں ہوئی، لوگو! اس حفاظت کے قلعہ کی نگرانی کرو، اور اس کی پناہ میں آرام لو۔

تیسرا باب

طبِّ نبوی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بیان میں

جو روحانی طور سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مختلف مرضوں کے علاج فرمائے ہیں۔ حضور اکرمؐ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ خلاصہ آیت قرآنی کل امراض کا علاج ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے وَالنَّاسِ ۝ تک ایک ایک آیت سارے جہان کے مرضوں کا کامل علاج ہے۔ مگر پڑھنے والا پاک باطن ہونا مناسب ہے۔

حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا پہلا رُقیہ یا دُعا

یہ دُعا ہر ایک مرض کے لیے نہایت مفید ہے۔ جسے ابوداؤد نے اپنے سنن میں ابودردا رضی اللہ عنہ سے یوں روایت کیا ہے کہ " فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص خود بیمار ہو یا اس کا کوئی عزیز قریب بیمار ہو، وہ شخص یہ دُعا پڑھ کر دم کرے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا اللهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَشِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔ اس دُعا کو مریض کے سینہ پر، جہاں درد ہو یا زخم ہو، اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ یا پانچ یا سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ مریض بہت جلد اچھا ہوگا۔ متواتر تین دن تک اس عمل کو کیا جائے۔

دوسرا روحانی رقیہ یا منتر یا دُعا

جو عام طور سے ہر ایک بیماری کا علاج ہے مسلم شریف میں روایت ہے کہ ایک وقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے، جناب جبرئیل علیہ السّلام تشریف لائے اور حضور پر یہ دُعا پڑھ کر دم کی۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِاسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ وضو کرنے کے بعد سات مرتبہ اس دُعا کو پڑھ کر مریض پر دم کرنا ہر ایک مرض کے لیے نہایت مفید ہے۔ جس وقت یہ دعا پڑھی جائے تو پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ مریض کے سینہ یا جس جگہ درد وغیرہ تکلیف ہو اس جگہ ہاتھ رکھے۔

تیسرا روحانی اور پاک رقیہ

تمام آفتوں سے محفوظ رہنے کے لیے اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ ھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّ لَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ مِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ۔ اس دعا کو صبح کو تین دفعہ پڑھنا سارے جہان کی آفتوں سے خدا کے فضل سے محفوظ رکھتا ہے۔ عمل عجیب ہے۔

چوتھا مبارک رقیہ

تمام بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ جو شخص دس مرتبہ پڑھے گا وہ گناہوں سے ایسا پاک ہو جائیگا

https://www.facebook.com/groups/FreeAuliyaaBooks

جیسے اپنی ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے۔ اور دُنیا کی ستر بلاؤں سے محفوظ ہو جائے گا۔ جن میں جذام کی بیماری، برص کے داغ، آسیب بھوت پلید کا خلل بھی شامل ہے۔ اس مبارک دعاء کے پڑھنے سے ستر بڑی بڑی مہلک بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر میں سے کُل تین کا نام ظاہر کیا ہے باقی سرسٹھ اور سخت سے سخت مرض ہیں جن سے اس دُعا کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

پانچواں رقیہ یا دُعاء

سارے امراض سے محفوظ رہنے کے لیے فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص صبح کو تین دفعہ شام کو تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے گا کوئی شدید مرض اچانک بلا اُسے نہ پہنچے گی۔ دُعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ ہر ایک مسلمان پر لازم ہے کہ صبح کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد ضرور تین تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے۔

فاقہ کا علاج

حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ جو شخص ہر روز صبح کو اور شام کو یہ کلمات طیّبات سو مرتبہ پڑھے گا وہ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ غنا کا دروازہ اس پر کھل جائے گا اُسے قبر میں کسی طرح کی وحشت نہ ہوگی، اُس کے لیے جنّت کا دروازہ کھل جائے گا۔ دُعا یہ ہے ۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۔

بچھو کے کاٹنے کا علاج

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن نماز پڑھتے تھے، ایک خبیث بچھو نے جنابؐ کے

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks FREE AMLIYAT BOOKS

پیر میں ڈنک مارا جس کے سبب حضورؐ کو سخت تکلیف ہوئی۔ جنابؐ نے تھوڑا سا پانی اور نمک منگا کر نمک کو پانی میں گھول کر زخم پر لگایا اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک پڑھ کر تکلیف کی جگہ دم کرنا شروع کیا، تھوڑی سی دیر میں بالکل آرام ہوا۔ ساری تکلیف جاتی رہی۔ ہر ایک مسلمان اُس وقت میں ایسا کر سکتا ہے۔ انشاءاللہ ضرور اس عمل سے بچھو کے کاٹنے کی تکلیف رفع ہوگی۔

چھٹا روحانی رقیہ یا منتر یا دُعا

جس کے صبح اور شام پڑھنے سے انسان ہر قسم کی بیماری سے، سانپ، بچھو، شیر وغیرہ ایسے موذیات کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ يَا اَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْكِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَدُبُّ عَلَيْكِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَّاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ سَاكِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ۔ اس حدیث کو مسلم اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔ اِس دُعا کو سات دفعہ صبح کو اور سات دفعہ شام کو پڑھنا ساری موذیات اور ہر قسم کی بلاؤں سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور یہ وہ موتی ہیں جو خاص نورانی صدف مبارک سینۂ سید المرسلینؐ سے نکل کر آئے ہیں مسلمان اس کی قدر کریں۔

جن بھوت آسیب کے دفع کرنے کا مجرّب علاج

حیٰوۃ الحیوان میں دلائل النبوت امام بیہقی سے منقول ہے، ایک دن حضرت سماک بن خرشہ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مُبارک میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ رات کو میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز آئی پھر یک بیک متواتر بجلی چمکتی نظر آئی جب غور سے دیکھا تو ایک کالی گھٹا سی مکان کے صحن میں معلوم ہوئی، اس کالی گھٹا میں سے

انگارے میری طرف کو اُڑتے ہوئے آئے۔ حضور اکرمؐ نے یہ سُن کر فرمایا کہ تیرے گھر میں جن ہے اے سماک تم قلم دوات کا غذ لاؤ میں اس جن کو نامہ لکھتا ہوں میرا نامہ اس جن کو دکھانا۔ حضرت سماک رضی اللہ عنہ قلم دوات لائے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے نام نامہ فرمان عالیشان تحریر کرایا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے جنات کے نام

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے علی لکھو:-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰی مَنْ یَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَلَا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَۃً فَاِنْ کُنْتَ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا فَھٰذَا کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ عَلَیْنَا وَ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَاکُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ مَاتَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَۃِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰی مَنْ یَّزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰہًا اٰخَرَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ ط لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰہِ وَبَلَغَتْ حُجَّۃُ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامہ مبارک کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے لکھوا کر حضرت سماکؓ کو عطا فرمایا۔ سماکؓ نے رات کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نامہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد مکان کے اندر سے رونے فریاد کرنے کی آواز آئی۔ ہائے مرگیا، ہائے جل گیا، اے سماک میں اب نہ تیرے گھر میں آؤں گا نہ تیرے ہمسایہ میں رہوں گا، مجھے معاف کر دے، چھوڑ دے۔ حضرت سماکؓ نے کہا کہ میں جب تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض نہ کر دوں گا ہر گز نہ چھوڑوں گا۔ حضرت سماکؓ نے صبح کی نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھی اور رات کا

واقعہ عرض کیا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے سماک جنات کی قوم پر رحم کر نامہ مبارک ہٹالے۔ خدا کی قسم قیامت تک جنّات اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے حضرت سماکؓ نے وہ نامہ مبارک تکیہ کے نیچے سے ہٹالیا وہ سارے جنات غائب ہوئے اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے۔

لوگو! یہ حضورؐ کا نامہ مبارک سارے جہان کے جنّات کے نام پر لکھا ہوا ہے جس کسی شخص کے مکان میں جن، بھوت، آسیب کا خلل ہو تو اس نامہ مبارک کو لکھ کر مکان میں رکھنا جس شخص پر جن آتا ہو یہ نامہ مبارک لکھ کر آسیب زدہ کو دکھانا نہایت مفید بے حد مجرّب ہے۔ ہر ایک مسلمان کو اس پر عمل درآمد کرنا مناسب ہے۔ مگر اس نامہ مبارک کی زکوٰۃ دینی لازمی ہے بغیر زکوٰۃ دیئے کامل اثر نہ ہوگا۔ کیونکہ ہماری زبانیں خراب ہیں، ہمارے منھ بدبودار ہیں اس لیے اس نامہ کا کچھ زیادہ مرتبہ تلاوت کرنا اس کی زکوٰۃ ہے اور اس میں زیادہ نفع کی امید ہے۔ زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ رات کو آدھی رات کے بعد غسل کرے غسل کے بعد بارہ رکعت تہجد کی پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ نامہ شریف تلاوت کرے اس کے بعد اس نامہ کو سفید کاغذ پر دیسی سیاہی سے لکھ کر آسیب زدہ کو دکھائے یا مکان میں رکھ دے، انشاء اللہ اُسی دن ہمسایہ تک سے سارے جنّات آسیب، بھوت، پلید سب کافور ہوجائیں گے، عمل نہایت مجرّب ہے، اس خاکسار کاتب الحروف نے بذاتِ خاص بارہا آزمایا۔ نہایت مجرّب پایا مجھے اُمید ہے کہ مسلمان اس روحانی فیض سے محروم نہ رہیں گے، اور جب کسی صاحب کو آرام یا نفع ہوگا اس عاجز محمد ابراہیم کے لیے ضرور دعائے خیر فرمائیں گے۔

سفلی جادو کا علاج

مواہب لدنیہ میں کتاب مدخل سے نقل کیا ہے کہ شیخ ابو محمد مرجانی کو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تشریف لا کر یہ علاج تلقین فرمایا۔ خدا کے فضل سے عمل نہایت باتاثیر ہے۔ ایک مرتبہ آیت لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ آخر سورۃ تک اور ایک مرتبہ آیت وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اور ایک مرتبہ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ ۔ آخر سورۃ تک اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر پھر یہ دعا لکھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيْ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الْمُبْلِيْ وَاَنْتَ الشَّافِيْ خَلَقْتَنَا مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ جَعَلْتَنَا فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَآءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَآءُ وَالدَّوَاءُ اَسْئَلُكَ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّبَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَةِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ ۔ وہ رکابی کے نقش و حروف گھول کر مریض کو پلائے جائیں پھر متواتر سات دن تک سورج سے پہلے یہ عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ کیسا ہی جادو ہو گا اُتر جائے گا، مریض تندرست ہو جائے گا۔ عمل نہایت متبرک خود فخر المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا تلقین فرمایا ہوا ہے۔

ہر قسم کے حُزن رنج رفع ہونے کا علاج

بخاری و مسلم میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قسم کا رنج ہوتا تب حضور اس دعا کو پڑھتے تھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

. مسلمانو! اگر کسی کا عزیز قریب مرجائے یا کسی کا مال کھویا جائے یا کوئی اور صدمہ عظیم ایسا پیدا ہوجائے جس کی برداشت نہ ہوسکے۔ ایسے سخت وقت میں اس دُعا کا پڑھنا یک قلم دل سے رنج کو دور کرتا ہے جس طرح کانٹا نکل جانے سے راحت معلوم ہوتی ہے اُسی طرح دس بارہ دفعہ پڑھنے سے رنج کی کمی معلوم ہوگی۔ بعض علماء نے اس دُعا کو اسم اعظم بھی فرمایا ہے۔ بہرصورت نہایت مفید دُعا ہے اور کیوں نہ ہو مولا کی تعریف اور پھر سید الاوّلین والآخرین کی زبان مُبارک سے نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ۔

فقر و تنگیِ معاش کا علاج

مواہب لدنیہ میں روایت ہے کہ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ عرض کیا کہ دنیا میری طرف سے پیٹھ پھیر کر چلی گئی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ملائکہ کی تسبیح پڑھا کرو۔ عرض کیا کہ حضور ملائکہ کی تسبیح کیا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سو مرتبہ اور استغفار سو مرتبہ۔ یہ سن کر یہ شخص چلا گیا اور چند روز کے بعد آیا اور عرض کیا کہ حضور خدا نے مجھے اتنا دیا کہ میرے گھر میں رکھنے کو جگہ نہ رہی۔

بدخوابی بیچینی نیند نہ آنے کا علاج

ترمذی شریف میں حضرت بریدؓ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت خالدؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی بے چینی، نیند نہ آنے کی شکایت کی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے خالد جب سونے کے لیے بستر پر لیٹو تو یہ دُعا پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَظَلَّتْ

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِکَ کُلِّھِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ یَبْغِیَ عَلَیَّ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاءُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ۔

سر کے درد کا علاج

مواہب لدنیہ میں جامع حمیدی سے منقول ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم درد سے پناہ مانگتے اور درد کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ النَّارِ۔ اس دُعا کو پہلے پانچ مرتبہ پھر دوبارہ سات مرتبہ پھر گیارہ مرتبہ پڑھ کر درد کو جھاڑنا نہایت مفید ہے۔ ہر دفعہ درد کی جگہ پڑھنے والا یا خود مریض اپنے ہاتھ سے پکڑے۔ جب دم کرنے والا ایک دفعہ دم کرے ہاتھ درد کی جگہ سے ہٹا لیا جائے۔ اگر آرام نہ ہو تو پھر اسی طرح درد کی جگہ کو پکڑ کر دُعا پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تین مرتبہ دم کرنے کے بعد درد میں بہت سکون اور آرام آجائے گا۔ اگر آرام نہ ہو تو پھر چار گھنٹہ کے بعد اسی طرح درد کو جھاڑا جائے۔ دن میں دو دفعہ اس عمل کو کیا جائے۔ انشاء اللہ بالکل آرام ہو جائے گا۔

مبارک رُقیہ یا دُعا سر کے درد اور ورم کا علاج

مواہب لدنیہ میں ابن انس رضؓ سے منقول ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر الصدیقؓ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں سر کے درد اور ورم کی شکایت کی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت اسماء کے سر پر دوپٹہ کے اوپر سے رکھا اور یہ کلمات طیبات پڑھ کر درد اور ورم جھاڑا۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَذْھِبْ عَنْہُ سُوْءَہٗ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّکَ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ الْمَتِیْنِ عِنْدَکَ بِسْمِ اللّٰہِ۔ تین مرتبہ اسے پڑھ کر جھاڑا پھر حضرت اسماءؓ کو حکم دیا کہ تم خود اسی طرح جھاڑنا۔ حضرت اسماءؓ نے

تین روز تک اسی طرح پڑھ کر جھاڑا۔ خدا کے فضل سے درد بھی جاتا رہا اور ورم بھی نہ رہا۔

نکسیر بند کرنے کا علاج

جس شخص کی نکسیر جاری ہو اُس کے ماتھے پر مشک زعفران سے اس آیت کا لکھنا نہایت مفید ہے۔ وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ۔ تین گھنٹے کے بعد ان آیات کو دھو کر وہ پانی سر پر ڈال لیا جائے۔ اور اس کی جگہ سورۃ فاتحہ ماتھے پر لکھی جائے۔ انشاء اللہ اُسی دن نکسیر بند ہو جائے گی۔

مبارک رقیہ یا دُعا داڑھ کے دانتوں کے درد کا علاج

مواہب حمیدی سے منقول ہے کہ ایک دن بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا اپنے داڑھ دانتوں کے درد کی شکایت لے کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی بی بی فاطمہؓ کے دانتوں پر رکھ کر فرمایا۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ أَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلَىٰ كُلِّ فَإِنَّ مَرْيَمَ لَمْ تَلِدْ غَيْرَ عِيسَىٰ مِنْ رُوحِكَ وَكَلِمَتِكَ أَنْ تَشْفِيَ مَا بِفَاطِمَةَ بِنْتِ خَدِيجَةَ مِنَ الضُّرِّ كُلِّهَا۔

https://www.facebook.com/groups/kitaabghar_AULIYAAT BOOKS

مورخ اسلام **مولانا صادق حسین صدیقی** سردھنوی

کا تاریخی اسلامی ناول

فتح بیت المقدس
شہزادہ خضر خاں
عجیب جنگ
حور عرب
جنگ اصفہان
بت شکن
دوشیزہ کابل
فتوح العجم
سلطان فیروز شاہ تغلق
عروس بغداد
جوش جہاد
حور مراقش

سعید و فلپانہ
نازنین عرب
افریقہ کی دلہن
صاعقہ
بنت صلیب
عربی دوشیزہ
فتح کابل

اسلم راہی ایم۔اے

مقدس دیوداسی
آشیانوں کے متلاشی
رقص درویش

ملنے کا پتہ

شاہد بک ڈپو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۱۱۰۰۰۶

FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/